الفیوضات الاویسیہ فی الصلوٰۃ المصطفویہ

درود تجلیاتِ مصطفائی

مؤلف

پیرِ طریقت، فقیر مخدوم

تنویر المصطفیٰ قادری اویسی

کاروانِ مصطفائی

آستانہ عالیہ مصطفائیہ، قادریہ، اویسیہ

نزد یونین کونسل نمبر 50 گجرات (پاکستان)

0321-6231580, 0321-6202046

الصلوۃ والسلام علیک یا رئیس الاصفیا خذ بیدی قد ضاقت حیلتی انت وسیلتی ادرکنی یا رسول اللہ اغثنی اغثنی اغثنی انت مغیث

یا رسول اللہ انا اطلب رضاک یا رسول اللہ انا مستجیرک یا رسول اللہ انی اشتاق الی رؤیۃ وجھک فلا تحرمنی انک انت الرؤف الرحیم ٥

الصلوۃ والسلام علیک یا سیدی یا مرشدی یا صاحب الذات الجمیلۃ شرفنی بنور جمالک ٥

الصلوۃ والسلام علیک یا سیدی یا مرشدی یا صاحب الصفات الجمیلۃ ارحنی بنور جمالک ٥

اللھم یا رب ارنی وجہ محمد ﷺ بحرمۃ ذات محمد ارنی وجہ محمد بحرمۃ صفات محمد ارنی وجہ محمد

بحرمۃ قال محمد ارنی وجہ محمد بحرمۃ کمال محمد ارنی وجہ محمد بحرمۃ جمال محمد ارنی وجہ محمد

وصل علی غوث المفلحین یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئا للہ جئت بافلاس علی بابک بقلب مستھام اعطنی شیئا لوجہ اللہ

وصل علی غوث التائبین یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئا للہ جئت بافلاس علی بابک بقلب مستھام اعطنی شیئا لوجہ اللہ

کاروانِ مصطفائی
آستانہ عالیہ مصطفائیہ، قادریہ، اویسیہ
سمال انڈسٹریل اسٹیٹ نزد یونین کونسل نمبر 50 گجرات
0321-6231580
0321-6202046
0321-6231581

عنوان	صفحہ
تقریظ	۱
تقریظ	۲
حرفِ آغاز	۳
آیت کا ترجمہ	۴
احادیث کی روشنی میں فضیلت	۵
جمعرات اور جمعہ کو درود پاک پڑھنے کی فضیلت	۶
ہر درد کی دوا ہے صلی علیٰ محمد	۷
دُرود شریف کی برکتیں قبر و آخرت میں	۸
دُرود لکھنے کی فضیلت اور نہ لکھنے کی وعیدیں	۹
انسان تو انسان جانور بھی دُرود پڑھتے ہیں	۱۰
درود پاک پڑھنے کے آداب	۱۱
الصلوٰۃ الکبرٰی	۱۲
بابِ کرم	۱۳
صلوٰۃ السیادۃ	۱۴
زیارۃ الحبیب ﷺ	۱۵
صلوٰۃ الحضوری	۱۶
درود تاج	۱۷
شمائلِ نبویہ	۱۸
درود مقدس	۱۹
الصلوٰۃ القرآنیہ	۲۰
قصیدہ مضریہ	۱۲
الصلوٰۃ الغوثیۃ	۲۲

الفیوضات الاویسیہ فی الصلوۃ المصطفویہ
درود تجلیاتِ مصطفائی
مؤلف
پیرِ طریقت، فقیر مخدوم
تنویر المصطفیٰ قادری اویسی
کاروانِ مصطفائی
آستانہ عالیہ مصطفائیہ، قادریہ، اویسیہ
سمال انڈسٹریل اسٹیٹ نزد یونین کونسل نمبر 50 گجرات
0321-6231580, 0321-6202046, 0321-6231581

هو
الله
محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خوشا اے بلبلِ بستان باہو ○ کہ مدحِ شاہِ جیلانی سرائی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝

بیشک اللہ اور اُس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں۔ اس غیب بتانے والے نبی پر۔ اے ایمان والو! اُن پر درود اور خوب سلام بھیجو۔ "پ ۲۲ سورۃ الاحزاب آیت کریمہ ۵۶"

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قِيْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَسَلَّمَ اَرَاَيْتَ صَلٰوةَ الْمُصَلِّيْنَ عَلَيْكَ مِمَّنْ غَابَ عَنْكَ وَمَنْ يَّاْتِيْ بَعْدَكَ مَا حَالُهُمَا عِنْدَكَ فَقَالَ اَسْمَعُ صَلٰوةَ اَهْلِ مَحَبَّتِيْ وَاَعْرِفُهُمْ وَتُعْرَضُ عَلَيَّ صَلٰوةُ غَيْرِهِمْ عَرْضًا ۝

عرض کیا گیا یارسول اللہ ﷺ خبر دیجیے اُن لوگوں کے درود شریف سے۔ جو درود شریف بھیجتے ہیں آپ پر اور جو آپ سے غائب ہیں۔ اور جو آئیں گے آپ کے بعد۔ کیا حال ہے اُن دونوں کا آپ کے نزدیک؟ فرمایا کہ میں خود سُنتا ہوں درود شریف اپنے اہلِ محبت کا اور پہچانتا ہوں اُن کو۔ اور پیش ہوتے ہیں میرے درود شریف غیر محبت والوں کے فرشتوں کے ذریعے۔

دُرودِ جدی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَوَلَدِهِ الشَّيْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِيْلَانِيْ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَوّل حمد ثنا الٰہی جو مالک ہر ہر دا
اس دا نام چتارن والا کسے میدان نہ ہردا

ب بسم اللہ اسم اللہ دا ایہہ وی گہناں بھارا ہُو
نال شفاعت سرورِ عالم ﷺ چھُٹسی عالم سارا ہُو
حدوں بے حد درود نبی ﷺ نوں جیندا ایڈ پسارا ہُو
میں قربان تنہاں توں باھو جنہاں ملیا نبی ﷺ سوہارا ہُو

دیروز بُستانِ سرا ہمہ طوطیان خوشنوا
پڑھتی ہیں نعتِ مُصطفیٰ بَلَغَ الْعُلیٰ بِکَمَالِہٖ
بُلبُلیں بھی چار سو۔ لے کے ہر اِک گُل کی بُو
کرتی ہیں باہم گفتگو کَشَفَ الدُّجیٰ بِجَمَالِہٖ
قمریاں بھی ذوق میں ، سر ڈالے طوق میں
کہتی ہیں اپنے شوق میں حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ
چڑیوں کے سُن کے چہچہے انسان بھلا کیوں چُپ رہے
لازم ہے اس پہ یوں کہے صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

سلام رضا

مُصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام ‌ شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام
مہرِ چرخِ نبوّت پہ روشن درود ‌ گُل باغِ رسالت پہ لاکھوں سلام
جس کے زیرِ لوا آدم و من سوا ‌ اس سزائے سیادت پہ لاکھوں سلام
ہم غریبوں کے آقا پہ بے حد درود ‌ ہم فقیروں کی ثروت پہ لاکھوں سلام
اللہ اللہ وہ بچپنِ کی پھبن ‌ اس خدا بھاتی صورت پہ لاکھوں سلام
کِس کو دیکھا یہ موسیٰ سے پوچھے کوئی ‌ آنکھ والوں کی ہمت پہ لاکھوں سلام
اس بتول جگر پارۂ مُصطفیٰ ‌ حجلہ آرائے عفت پہ لاکھوں سلام
جس کا آنچل نہ دیکھا مہ و مہر نے ‌ اس ردائے نزاہت پہ لاکھوں سلام
سیدہ زاہرہ طیبہ طاہرہ ‌ جانِ احمد کی راحت پہ لاکھوں سلام
وہ حسن مجتبیٰ سید الاسخیاء ‌ راکبِ دوشِ عزّت پہ لاکھوں سلام
اوجِ مہرِ ہدیٰ موجِ بحرِ ندیٰ ‌ روحِ روحِ سخاوت پہ لاکھوں سلام
اُس شہیدِ بلا شاہ گلگوں قبا ‌ بیکسِ دشتِ غرُبت پہ لاکھوں سلام
دُرّ دُرجِ نجف مہرِ برجِ شرف ‌ رنگ رومی شہادت پہ لاکھوں سلام
اہلِ اسلام کی مادرانِ شفیق ‌ بانوانِ طہارت پہ لاکھوں سلام
یعنی اس افضل الخلق بعد الرسل ‌ ثانی اثنین ہجرت پہ لاکھوں سلام
وہ عمر جس کے اعدا پہ شیدا سقر ‌ اس خدا دوست حضرت پہ لاکھوں سلام
دُرّ منثورِ قرآن کی سلک بھی ‌ زوجِ دو نورِ عفت پہ لاکھوں سلام
مرتضیٰ شیرِ حق اشجع الاشجعین ‌ ساقئ شیر و شربت پہ لاکھوں سلام
غوث اعظم امام التقی والنقی ‌ جلوۂ شانِ قدرت پہ لاکھوں سلام
قطب وابدال وارشاد و رُشد الرشاد ‌ مُحی دین و مِلت پہ لاکھوں سلام
میرے اُستاد ماں باپ بھائی بہن ‌ اہلِ ولد و عشیرت پہ لاکھوں سلام
ایک میرا ہی رحمت پہ دعویٰ نہیں ‌ شاہ کی ساری اُمت پہ لاکھوں سلام
کاش محشر میں جب اُن کی آمد ہو اور ‌ بھیجیں سب اُنکی شوکت پہ لاکھوں سلام

مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضا
مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قطعہ تاریخِ اشاعت

الفیوضات الاویسیہ فی الصلوٰۃ المصطفویہ

نتیجۂ فکر

صاحبزادہ پیر فیض الامین فاروقی سیالوی ایم اے مونیاں ٹھیکریاں (گجرات)

حضرتِ تنویر ہیں اِک مردِ زیرک باوقار … خوبیاں ان کو ملی ہیں ذاتِ حق سے بے حساب

پیکرِ فہم و ذکا ہیں، صاحبِ خُلق و وفا … ان کے سینے میں کِھلا ہے عشقِ نبوی کا گلاب

آپ نے ترتیب دی ہے خوبتر ارفع کتاب … بہرہ ور اس سے یقیناً ہوگا ہر اِک شیخ و شاب

نادر و یکتا مرقع یہ درودِ پاک کا … روزِ محشر ہوگا ثابت بے گماں غفراں مآب

بہترین ہدیہ ہے یہ محبوبِ باری کے حضور … لائقِ صد داد و تحسین ہے یہ پیارا انتخاب

اہلِ ایماں اس کو رکھیں گے بنا کر حرزِ جاں … خیلِ باطل کے دلوں کو ہوگا لاحق اضطراب

عظمتِ خیر البشر کا دل سے جو قائل نہیں … دونوں عالم میں نہ ہوگا وہ کبھی بھی کامیاب

خوب صورت ہے طباعت، جلد بھی ہے دیدہ زیب … لفظ ہے ہر ایک اس کا اِک درخشاں ماہتاب

فکر تھی سالِ اشاعت کی مجھے فیض الامیں
دی صدا دل نے "کتابِ خوش مزاج و لاجواب"

۱۴۲۹ھ

اِنتساب
پنج تن پاک
○ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
○ حضرت علی کرم اللہ وجہہ ○ حضرت سیّدہ فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ عنہا
○ حضرت حسنین کریمین رضی اللہ عنہم
اور
سات سلطان الفقراء
○ جگر گوشۂ رسول سیّدہ فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ عنہا
○ حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ
○ حضرت پیران پیر دستگیر شیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ
○ حضرت پیر عبد الرزاق فرزند پیر دستگیر رضی اللہ عنہ
○ حضرت سلطان باھُو رضی اللہ عنہ
دو نامعلوم ______ کے نام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

تقریظ

پیر طریقت رہبر شریعت علامہ سید عظمت علی گیلانی شاہ دامت برکاتہم العالیہ راولپنڈی

اللہ رب العزت نے درود و سلام کی اہمیت وفضیلت کا اظہار فرماتے ہوئے انتہائی تاکید سے حکم ارشاد فرمایا۔ حضور نبی رحمت ﷺ نے اپنی امت پر شفقت ومہربانی فرماتے ہوئے بار ہا درود و سلام کی اہمیت وفضیلت کا ذکر فرمایا۔ اس وجہ سے عاشقان رسول ﷺ نے درود و سلام کو اپنا وظیفہ ءحیات بنالیا۔ درود شریف کو غیوب واسرار ومعارف کی کنجی قرار دیا۔

یہاں پر ایک امر قابل غور ہے کہ سوائے نماز کے امت کو مخصوص الفاظ کا پابند نہیں بنایا گیا۔ اہل محبت کے لئے کھلی اجازت ہوگئی کہ جیسے چاہیں محبت بھرے الفاظ کے ساتھ اپنے محبوب ﷺ کی بارگاہ میں نذرانہ عقیدت پیش کریں۔ بعض لوگ منقولہ مخصوص صیغوں کے علاوہ ہر درود و سلام کو بدعت وگمراہی قرار دیتے ہیں یہ ان کی ضد بازی ہے۔

علمائے دیوبند کے اکابرین میں سے شیخ الحدیث مولانا محمد منظور نعمانی نے اپنی مشہور کتاب "معارف الحدیث" میں لکھتے ہیں۔ "امت کے لئے یہ پابندی نہیں ہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ پر صرف آپ ﷺ کے تلقین فرمائے کلمات ہی کے ذریعے درود و سلام بھیجے، بلکہ ارباب ذوق ومحبت کے لئے دروازہ کھلا ہوا ہے وہ حدود شریعت کے پابند رہتے ہوئے اپنے ذوق و شوق کے تقاضے کے مطابق دوسرے کلمات کے ذریعے بھی آپ ﷺ پر درود و سلام بھیج سکتے ہیں۔ چنانچہ بہت سے اکابرین امت، تابعین اور بعد کے علمائے عارفین سے اور بھی کلمات منقول ہیں۔ (معارف الحدیث جلد ۵ صفحہ ۲۰۵ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ ساہیوال)

علامہ نعمانی مرحوم نے جن اکابر امت علماء عارفین کا تذکرہ کیا ہے۔ ہم ذیل کی سطور میں ان میں سے چند ایک کا ذکر مناسب سمجھتے ہیں تاکہ واضح ہوجائے کہ صاحبزادہ حضرت فقیر تنویر المصطفٰے قادری اویسی صاحب نے کن کن اکابر امت صلحاء عرفاء کی پیروی کرتے ہوئے الفیوضات الاویسیہ ترتیب دیا ہے۔

دلائل الخیرات

یہ عظیم ترین کتاب حضرت قطب الاقطاب سید محمد بن سلیمان جزولی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے۔ آپ کا آبائی وطن افریقہ ہے۔ ۲۱ واسطوں سے شجرہ نسب حضرت علی المرتضی کرم اللہ وجہہ الکریم تک پہنچتا ہے۔ یہ عظیم تصنیف ۷ احزاب

پر مشتمل ہے اور صدیوں سے اولیاء و صلحا کا وظیفہ رہی ہے۔ جملہ سلاسل طریقت کے وابستگان کا معمول ہے اور یقیناً اس وقت درود شریف کے جتنے مجموعے دنیا میں موجود ہیں ان میں سے سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب ہے۔

صلوٰۃ الکبریٰ

☆ یہ مجموعہ محبوب سبحانی، قطب ربانی، ہیکل یزدانی، شہباز لامکانی، سیدنا غوث اعظم السید عبدالقادر جیلانی الحسنی و الحسینی قدس سرہٗ النورانی کی تالیف ہے۔ یہ حضور غوث اعظم ﷜ کا کلام بلاغت نظام ہے۔ بادشاہ کا کلام کلاموں کا بادشاہ ہوتا ہے۔ آپ نے اس میں جس خوبی کے ساتھ کمالات مصطفویہ ﷺ کا بیان فرمایا، ایک ذرہ ناچیز تو کیا بڑے بڑے صفحاء و بلغاء بھی اس پر تبصرہ نہیں کر سکتے۔ (کتاب ہذا میں یہ درود شریف شامل ہے)

مجموعہ صلوات الرسول

☆ یہ تصنیف لطیف **30** پاروں پر مشتمل ہے اس کے مؤلف غوث زمان حضرت خواجہ عبدالرحمٰن چھوہروی قادری قدس سرہٗ ہیں۔ ہری پور ہزارہ میں آپ کا مزار اقدس مرجع خواص و عام ہے۔

تنبیهه الانام فی الصلوٰۃ و السلام علیٰ خیر الانام

☆ یہ مجموعہ درود شریف بھی **7** پاروں پر مشتمل ہے۔ اس کے مصنف حضور غوث پاک ﷜ کے پوتے سیدنا ابوصالح نصر بن سیدنا عبدالرزاق بن سیدنا غوث اعظم سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ حضرت صوفی برکت علی قادری علیہ الرحمہ نے بغداد شریف سے حاصل کر کے طبع کروایا تھا۔ اب بھی دستیاب ہے۔

☆ امام یوسف بن اسماعیل نبہانی علیہ الرحمہ نے سعادت دارین میں کافی تعداد میں اولیاء و اقطاب، صلحا، و عرفا کے مرتبہ مجموعہ ہائے صلوۃ و سلام جمع کر دیئے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ امام نبہانی کا ایک عظیم کارنامہ ہے۔ اہل محبت کو ضرور اس کتب سعادۃ ا ارین کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

کچھ ضروری باتیں

☆ یہاں پر ہم قطب ربانی امام شعرانی قدس سرہٗ کی جلیل القدر شہرہ آفاق تصنیف طبقات الکبری (لواقع الانوار فی طبقات الاخیار) سے حصول برکت کے لئے چند باتیں نقل کرنا چاہتے ہیں۔ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ امام شعرانی قدس سرہٗ کو تمام مکاتب فکر کے ہاں مقبولیت حاصل ہے۔ اور ہر طبقہ فکر کے علماء آپ کے قدردان ہیں۔ دیوبندی حکیم الامت مولوی اشرف علی تھانوی نے آپ کی مشہور صوفیانہ کتاب ''البحر المودود'' کا ترجمہ اپنے شاگرد مولوی ظفر عثمانی

صاحب سے کروایا جو "السد المنصور" کے نام سے مارکیٹ میں دستیاب ہے۔ تھانوی صاحب کے ایک اور مرید اور خلیفہ مجاز علامہ خیر محمد جالندھری اپنی مشہور کتاب "خیر التنقید فی سیر التقلید" میں لکھتے ہیں۔ کہ امام شعرانی قطب ربانی ان بزرگوں میں سے ہیں جن کے مکاشفات کے صحیح ہونے کے اکابر علماء اہلحدیث بھی قائل ہیں نواب صدیق حسن خان بھوپالی نے اپنی کتاب تاج مکلل میں امام شعرانی کو صوفی عالم، محدث، صاحب کرامات کثیرہ، تالنبات نظیہ متبع سنت، مجتنب عن البدعۃ جامع بینہ الشعریعۃ والطریقۃ لکھا ہے۔ (آثار خیر ص ۱۷۶ ناشر ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان)

☆☆☆ امام شعرانی قدس سرہٗ حضرت شیخ المشائخ سیدنا محمد ابوالمواھب الشاذلی ﷫ کے تذکرہ میں لکھتے ہیں۔ آپ کثرت سے درود و سلام پڑھا کرتے تھے اور کثرت سے زیارت مصطفوی ﷺ سے مشرف ہوا کرتے تھے۔ آپ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ مجھے نبی اکرم ﷺ کی زیارت ہوئی تو آپ نے فرمایا تو میری امت کے ایک لاکھ افراد کی شفاعت کرے گا، میں نے عرض کیا! یارسول اللہ ﷺ کس وجہ سے مجھ پر اتنی مہربانی ہوئی تو آپ ﷺ نے فرمایا! اس کی وجہ یہ ہے کہ تو درود شریف پڑھنے کے بعد اس کا ثواب نذرانہ کے طور پر مجھے پیش کرتا ہے۔

☆☆☆ حضرت ابوالمواہب شاذلی ﷫ فرماتے ہیں کہ میں روزانہ ہزار مرتبہ دن میں ہزار مرتبہ رات میں درود شریف پڑھتا تھا۔ ایک مرتبہ ہزار کی تعداد پوری کرنے کے لئے جلدی جلدی پڑھا تو نبی کریم ﷺ نے مجھے فرمایا اس طرح درود شریف پڑھ لیا کرو۔ "اللھم صل علی سیدنا محمد و علی آل سید نا محمد" آرام وسکون سے پڑھا کرو۔ ہاں اگر وقت تنگ ہو تو کوئی حرج نہیں پھر آپ ﷺ نے فرمایا یہ تمہیں افضل طریقہ بتایا ہے۔ ورنہ درود شریف جیسے بھی پڑھا جائے درود شریف ہی ہوتا ہے۔ مگر سب سے افضل طریقہ یہ ہے کہ جامع درود شریف سے ابتداء کی جائے دوسرا کوئی درود شریف پڑھنے سے پہلے ایک مرتبہ صلوۃِ جامعہ پڑھا کرو اور آخر میں بھی ایک ہی مرتبہ پڑھ لیا کرو۔ (طبقات الکبریٰ ص ۹۴ مطبوعہ بیروت)

☆☆☆ اس واقعہ سے یہ سبق ملتا ہے۔ کہ زیادہ تعداد پوری کرنے کی غرض سے جلدی جلدی درود شریف پڑ مناسب نہیں ہے پرسکون ہو کر پڑ چاہیے۔ مزید یہ معلوم ہوا یہ جامع درود وہ ہوتا ہے جس میں درود سلام برکت ورحمت کے الفاظ مذکور ہوں۔ تیسری اور اہم بات یہ ہے کہ ندا کے صیغہ کے ساتھ حضور ﷺ نے خود درود شریف سکھایا "السلام علیک ایھا النبی" حالانکہ شیخ شاذلی مصر کے رہنے والے ہیں اور وہ حضور ﷺ کے حکم سے مصر میں رہ کر خطاب کے صیغے "السلام علیک ایھا النبی" کے ساتھ درود پاک پڑھتے تھے لہٰذا اگر کوئی شخص دور رہ کر "الصلوٰۃ والسلام علیک یا

رسول اللہ " پڑھتا ہے تو اس سے ناراض ہونے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ اگر مؤمن کامل حضور ﷺ کی روحانیت مقدسہ کو اپنے پاس حاضر سمجھ کر پڑھتا ہے تو یقیناً وہ بارگاہِ نبوت ﷺ کے فیوض سے بہرہ مند ہوتا ہے۔

☆☆☆ روحانیت کی دنیا میں قرب و بعد ایسا نہیں ہوتا جیسا جسمانی دنیا میں ہوتا ہے مولوی رشید احمد گنگوہی اپنی مشہور کتاب امداد السلوک میں لکھتے ہیں "مرید کو یقین کے ساتھ یہ جاننا چاہیے کہ شیخ کی روح کسی خاص جگہ مقید و محدود نہیں ہے۔ مرید جہاں بھی ہوگا خواہ قریب ہو یا بعید، گو شیخ کے جسم سے دور ہے لیکن اسکی روحانیت سے دور نہیں" جب اس مضمون کو پختگی سے جانے رہے گا اور ہر وقت شیخ کو یاد رکھے گا تو ربطِ قلب پیدا ہو جائے گا اور ہر دم استفادہ ہوتا رہے گا اور مرید کو جب کسی واقعہ کے کھولنے میں شیخ کی حاجت پیش آئے گی تو شیخ کو اپنے قلب میں حاضر مان کر بزبان حال سوال کرے گا اور شیخ کی روح باذن خداوندی اس کو القاء کردے گی۔ (امداد السلوک)

☆☆☆ جب عام مرید شیخ کو حاضر مان لے، روح کے لئے مسافتیں حائل نہ رہیں تو روح الارواح سید کونین ﷺ کو حاضر ناظر جان کر ندا کرنے سے کونسی قیامت آجائے گی امام شعرانی مزید لکھتے ہیں شیخ شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کو حضور ﷺ نے فرمایا تیرا شیخ ابوسعید صفوری مکمل درود پڑھتا ہے اور زیادہ پڑھتا ہے اسے کہہ دو کہ جب درود شریف ختم کرنا ہو تو آخر میں اللہ تعالیٰ کی حمد کیا کرے اس سے معلوم ہوا کہ درود شریف کے اختتام پر اللہ تعالیٰ کی حمد پر کلمات پڑ مناسب ہے جیسے "وسلام علی المرسلین والحمد للہ رب العلمین" (الطبقات زیدی مطبوعہ مصر)

☆☆☆ مرشد کامل حضرت پیر سید غلام مصطفےٰ شاہ کاظمی رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ کثرت سے درود پاک پڑھنے والے آدمی کو کھانے پینے میں احتیاط کرنی چاہیے۔ خصوصاً جلی ہوئی روٹی سے بچنا چاہیے کیونکہ درود شریف پڑھنے والا اگر جلی ہوئی روٹی کھاتا ہے تو وہ پاگل ہو جاتا ہے اور اسکا علاج نہیں ہوتا۔

☆☆☆ بہر حال مبارکباد کے مستحق ہیں صاحبزادہ حضرت فقیر تنویر المصطفےٰ قادری اویسی دامت برکاتہم عالیہ جنہوں نے شب و روز کی کاوش سے یہ عظیم تحفہ بارگاہِ نبوی ﷺ کے لئے تیار کیا ہے۔ کتب کی ورق گردانی میں جتنا وقت صرف ہوا وہ متاع حیات ہے۔ صاحبزادہ حضرت فقیر تنویر المصطفےٰ قادری اویسی دامت برکاتہم عالیہ اس شعر کے مصادق ہیں۔

ان کی دھن ان کی لگن انکی تمنا ان کی یاد
مختصر سا ہے مگر کافی ہے سامانِ حیات

تقریظ

فقیر الطاف حسین سروری قادری سلطانی المقلب آخری عہد کا خلیفہ سلطانی عزیز کالونی ونڈالہ روڈ شاہدرہ لاہور

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

☆☆☆ درود! جو ہم اللہ رب العزت کی بارگاہ میں پیش کرتے ہیں اور اللہ رب العزت اسے اپنے اور فرشتوں کے درود میں شامل کر کے نبی ﷺ کی خدمت میں بھیج دیتے ہیں۔ جب ہم "اللھم صلے علیٰ" کہتے ہیں تو اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ اے اللہ! تو نے ہمیں اپنے حبیب ﷺ پر درود بھیجنے کا حکم دیا تو ہے، لیکن ہم اس قابل کہاں؟ ہم عاجز بندوں کا درود بھی اپنے ارفع و اعلیٰ درود میں شامل کر کے اپنے محبوب ﷺ کی بارگاہ میں پیش کر دے اور سلام ہم خود رسول ﷺ کی بارگاہ میں براہ راست پیش کرتے ہیں جسے حضور ﷺ براہ راست سنتے ہیں۔ التحیات میں ہمیں سلام کرنے کا طریقہ بتایا گیا ہے۔ ہم کہتے ہیں!" السلام علیک ایھا النبی و رحمۃ اللہ و برکاتہ "" اے اللہ کے نبی آپ ﷺ پر سلام اور رحمت ہو اور اللہ تعالیٰ کی برکتیں نازل ہوں"۔ حضور ﷺ جواب دیتے ہیں!" السلام علینا و علیٰ عباد اللہ الصالحین "ہم پر بھی سلام ہو اور اللہ کے صالحین بندوں پر بھی۔

☆☆☆ منافق کی پہچان بھی یہی ہے کہ جب اس کے سامنے رسول اللہ ﷺ کا ذکر کیا جاتا ہے اور درود سلام پڑھا جاتا ہے تو اس کے دل کی سیاہی اسکے چہرے پر ظاہر ہو جاتی ہے۔ ایک شخص مجھے کہنے لگا کہ اذان سے پہلے لوگ سلام پڑھتے ہیں۔ کچھ لوگ بیمار ہوتے ہیں، ان کو تکلیف ہوتی ہے فقیر نے کہا! بازار میں اونچی آواز میں صبح و شام گانے لگائے جاتے ہیں۔ اس سے تو کسی کو تکلیف نہیں ہوتی۔ صبح و شام ریڈیو، ٹی وی پر تلاوت سن کر کسی کی بیماری نہیں بڑھتی۔ درود سلام سن کر ہماری بیماریاں دور ہوتی ہیں۔ البتہ منافقین کی بیماریاں ضرور بڑھ جاتی ہیں۔ بعض لوگ اذان سے پہلے سلام کہنے کو بدعت کہتے ہیں۔ ہر زمانہ میں ہر وہ چیز جو اسلام کی ترقی اور روحانیت کے عروج کا ذریعہ ہو وہ کبھی بدعت نہیں ہو سکتی۔ درود سلام کی محفلیں اور نعت خوانی کی نورانی محفلیں کیسے بدعت ہو سکتی ہیں؟ البتہ مزاروں پر ہاؤ ہو مچانا، دھمال ڈالنا بھنگڑا ڈالنا اور غیر شرعی بول بولنا ضرور بدعت ہے۔ شہد کی مکھیوں کے متعلق سنتے ہیں کہ وہ پھولوں سے کڑوا رس چوس کر ان پر درود سلام پڑھتی ہیں تو "فیہ شفاء للناس" جس سے شہد میٹھا ہو جاتا ہے۔

☆☆☆ فقیر جھنگ میں ایک گھر میں ٹھہرا ہوا تھا۔ رات کو نماز کے لئے اٹھا تو دیکھا کہ ٹڈیوں نے ٹیں ٹیں کا شور مچایا ہوا ہے۔ فقیر نے انہیں چپ کروانے کے لئے شُشکارہ تو آواز آئی!" اوں ہوں" ان کو مت چھیڑو یہ درود سلام پڑھ رہی ہیں

۔فقیر نے فوراً بارگاہ الٰہی میں عرض کی! یا اللہ مجھے بھی ان کے درود کی آواز سنوا دے۔معلوم ہوا کہ دو گروپ ہیں ایک "صلے علیٰ نبینا "اور دوسرا"صلے علیٰ محمد" پڑھ رہا ہے۔فقیر نے نماز تو کیا ادا کرنی تھی،صبح چار بجے تک ان کا درود شریف سنتا رہا۔اب کبھی وہاں جانے کا اتفاق ہوتا ہے تو ٹڈیوں کی آواز سنائی نہیں دیتی۔ دنیا کی ہر شے درود وسلام پڑھنے میں مصروف ہے اور یہی ان کی حیات وبقاء کا ذریعہ ہے۔

☆☆☆بعض لوگ قرآن مجید کے تراجم میں بعض الفاظ کا ترجمہ کچھ اس طرح کرتے ہیں جس سے حضور ﷺ کی اصل شان ظاہر نہ ہو سکے۔مثلاً نور کا ترجمہ روشنی اور رسول و نبی کا ترجمہ پیغمبر یعنی محض پیغام لانے والا کرتے ہیں۔اسی طرح درود ابراھیمی کا ترجمہ کرتے ہوئے"اللھم صلی علیٰ محمد""اے اللہ رحمت بھیج محمد ﷺ پر"۔جاننا چاہیے کہ حضور ﷺ تو خود رحمت عالم ہیں جن کے وسیلہ سے کائنات عالم پر رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔پس آپ ﷺ کے لئے رحمت مانگنے کے لئے کیا حاجت باقی رہ جاتی ہے۔اس لئے یہ کہنا چاہئے"اے اللہ حضور ﷺ پر درود اور سلام بھیج"۔اسی طرح اذان کے بعد کی دعا میں عجیب وغریب ترجمہ کیا جاتا ہے۔ایسے متنازعہ تراجم کو پورا زور لگا کر ٹی وی پر دکھایا جاتا ہے۔چاہیے کہ صرف اصل درود اور اذان کے بعد کی دعا سنوائی جائے ترجمہ سے پرہیز کیا جائے۔حضور ﷺ نے جب اپنے رفیق اعلیٰ سے وصال فرمایا،تو کسی صحابی نے حضور ﷺ کی نماز جنازہ پڑھنے کی بات نہیں کی کیونکہ نماز جنازہ دعائے مغفرت ہے۔یعنی اے اللہ اس حاضر میت کے گناہ بخش دے۔پس کون ہے جو ایسی دعا مانگنے کی جرأت کرے۔حضور ﷺ کا جسد مبارک حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حجرہ میں رکھا گیا تھا۔جگہ تنگ تھی دس دس صحابی داخل ہوتے اور درود سلام پڑھتے جاتے اور باہر نکلتے جاتے۔یہ عمل تین دن تین رات جاری رہا اور کسی کو دوبارہ اندر جانے کا موقع نہ ملا۔

☆☆☆فقیر سلطانی تنویر المصطفیٰ قادری اویسی صاحب نے درود وسلام کے رنگا رنگ پھولوں کا گلدستہ مرتب کر کے بہت بڑا سرمایہ فراہم کر دیا ہے۔ان پھولوں سے جالی کو معطر کر دینے والی خوشبو سے عاشقان رسول ﷺ کی روحیں ہمیشہ معطر رہیں گی۔اللہ تعالیٰ اس خوشبو سے اولین وحاضرین اور آخرین کی ارواح کو معطر فرما کر ان کے گناہ بخش دے اور فقیر تنویر المصطفیٰ قادری اویسی اور ان کے رفقاء کار اور اس کار خیر میں دامے،درمے،سخنے حصہ لینے والوں کو اجر عظیم عطا فرمائے۔

بے حد درود بے حد سلام

بروح محمد ﷺ خیر الانام

حرفِ آغاز

☆☆☆ اللہ رب العزت نے امت مصطفیٰ ﷺ کو ہزاروں نعمتوں سے سرفراز فرمایا جو کسی بھی نبی کی امت کو میسر نہ آئیں۔ لیکن ان تمام نعمتوں میں، درود پاک ایسی نعمت عظمیٰ اور نعمت کبریٰ ہے کہ جس سے دین و دنیا کی لاکھوں نعمتوں کے در وا ہوتے ہیں۔ دین و دنیا کی ساری نعمتوں کی کلید درود پاک ہے۔ جس نے درود پاک کو حرز جاں بنالیا اس نے سب کچھ پالیا۔ بلکہ اس نے اللہ اور اس کے حبیب ﷺ کے قرب کو بھی دونوں جہاں میں پالیا۔ درود پاک کے بے شمار فوائد و ثمرات ہیں۔ جن میں سے چند احادیث اور صوفیاء کے اقوال کی روشنی میں مختصر درج ذیل ہیں۔

☆ درود شریف کا نور تمام نوروں کا اصل ہے۔ جس سے قلبِ سقیم، قلبِ سلیم اور قلبِ فہیم بنتا ہے۔ درود شریف کا نور حقیقتِ اشیاً کو بدل دیتا ہے۔ تلخ سے شیریں اور بدبو سے خوشبودار بناتا ہے۔

☆ درود پاک اعمال کو پاکیزہ، گناہوں اور بری تقدیر کو مٹاتا اور شقی سے سعید بناتا ہے اور حضور ﷺ کی خاص توجہ ہوتی ہے۔

☆ درود پاک درجات کو بلند کرتا ہے اور بخشش کے دروازے کھول دیتا ہے اور دنیا و آخرت دونوں سنور جاتے ہیں۔ لوگوں کی غیبت سے محفوظ، دہشت سے مبرّا اور غم و فکر سے محفوظ رہتا ہے۔

☆ کثرتِ سجود سے معرفت اور کثرتِ درود سے فنافی الرسول کا مرتبہ اور استقامت سے پڑھنے سے ظاہری باطنی جمیعتِ قلبی ملتی ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کو قیامت کے دن تاج پہنایا جائے گا، نبی کریم ﷺ اس سے مصافحہ کریں گے، وہ سب سے پہلے سرکار ﷺ کے پاس پہنچ جائے گا۔ لواء الحمد کے سایہ میں ہوگا اور سرکار مولائے کائنات علی المرتضیٰ آپ کوثر اسے اپنے دستِ مبارک سے پلائیں گے۔ اس کی پیشانی پر اسم پاک ''محمد'' ﷺ لکھا ہوگا اور فرشتے اسے حساب کے لئے نہیں روکیں گے اور اس کا کندھا جنت کے دروازے پر حضور ﷺ کے کندھے مبارک کے ساتھ چھو جائیگا اور جنت میں حضور ﷺ کے گھر کے ساتھ گھر عطا ہوگا اور پھر وہ کبھی پیاسا نہ ہوگا۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کی جان آسانی سے نکلے گی اور مرنے سے پہلے جنت میں اپنی جگہ دیکھ لے گا۔ اس کی قبر میں نبی کریم ﷺ خود جلوہ گر ہوں گے اور وہ قبر بقعۂ نور بن جائے گی۔

☆ درود پاک مفتاح الابواب ہے یعنی جس نے کریم کا دروازہ کھٹکھٹایا اس کے لئے برکتوں، رحمتوں، مغفرتوں کے دروازے کھل گئے۔

☆ درود پاک گھروں کی زینت، مجلسوں کی رونق، دلوں کا چین و سکون ہے۔ اس سے اللہ کی رحمت اور خوشنودی حاصل ہوتی ہے اور اللہ

کے غضب سے محفوظ رہتا ہے۔ تمام عبادات رد ہوسکتی ہیں لیکن یہ ایسی عظیم عبادت ہے جو کسی حالت میں رد نہیں ہوسکتی۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کی روحانی پرورش حضور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ سے شروع ہو جاتی ہے۔

☆ فرشتے درود پاک پڑھنے والے کے ساتھ محبت کرتے ہیں اور اسکا درود سونے کی قلموں سے چاندی کے اوراق پر لکھتے ہیں اور حضور ﷺ کی بارگاہ میں یوں پیش کرتے ہیں کہ یا رسول اللہ ﷺ فلاں بن فلاں نے یہ درود پاک ہدیہ کیا ہے۔

☆ درود شریف کثرت سے پڑھنے والے کی زبان پر تاثیر اور قلب فیضانِ درود شریف سے پرنور رہتا ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کا نیکیوں کا پلڑا بھاری ہوگا اور وہ پل صراط سے تیزی سے گزر جائے گا۔

☆ بکثرت درود پاک پڑھنے سے رزق کی بے فکری اور اسباب سے نظر اٹھ جاتی ہے۔ اور کمال توکل نصیب ہوتا ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے سے اخلاق کی تکمیل ہوتی ہے جو بعثتِ نبوی ﷺ کا مقصد ہے اور اس کے عیبوں پر اللہ تعالیٰ پردہ ڈالے گا۔

☆ درود شریف پڑھنے والا حوادثِ زمانہ، قتل و غارت، فتنہ و فساد، الزام و اتہام اور جنگ و جدال کے فتنہ سے محفوظ رہتا ہے۔

☆ درود پاک کا ذکر طبیب القلوب ہے یعنی درود شریف دلوں کی ہر بیماری کا حکیم ہے اور اس کے بدن سے ہمیشہ خوشبو آتی ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کے لئے زمین و آسمان کے رہنے والوں کی دعائیں وقف کر دی جاتی ہیں۔

☆ درود پاک کی برکت سے قلب توحید و رسالت کے نور کا مخزن و مرکز بن جاتا ہے جو انسان کے چہرے سے نمایاں ہوتا ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے والا ہر محفل میں زیب و زینت حاصل کرے گا۔ اس سے عمل میں پختگی اور سعادت دارین حاصل ہوتی ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کو فرشتوں کی امامت نصیب ہوگی۔ یہ کبریت احمر و اکسیرِ اعظم ہے۔ اس میں دوا اور دعا دونوں شامل ہیں۔

☆ درود پاک پڑھنے سے حق غلامی اور احسان کی ادائیگی ہوتی ہے اور عقوق "نافرمانی" سے محفوظ کر دیا جاتا ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے والا جل کر، پانی میں ڈوب کر ہرگز نہ مرے گا اور اس کی کشتی طوفان میں سلامتی سے نکل جائیگی۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کو مکرِ شیطان، شرِ نفس اور جنسی شیطانوں سے نجات، دشمنوں، بدخواہوں، پرفتن اور وسوسوں، وہموں اور گناہوں سے محفوظ اور مامون کر دیا جاتا ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے سے سینہ میں ایک نور عطا ہوتا ہے جس سے انشرح صدر، علمی اسرار و حکمتیں منکشف ہوتیں ہیں۔ انسان دنیا سے منقطع ہو کر اپنے مالکِ حقیقی کی طرف رجوع کرتا ہے۔ یہ رجوع یقیناً نعمتِ عظمیٰ ہے اور اس کی محفل میں بیٹھنے والے مسرور رہتے ہیں۔

☆ درود پاک استقامت سے پڑھنے والے کو قطب کا درجہ ملتا ہے۔ ہر وقت بسط کی کیفیت میں رہتا ہے اور انقباض بالکل نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ دنیا میں شہرت عطا فرماتا ہے۔ اس کے پڑھنے والے کا چہرہ ہر دم تر و تازہ، بارونق اور حسین و جمیل بن جاتا ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے والا طاعون کی بیماری سے محفوظ رہتا ہے۔

☆ درود پاک کی کثرت سے دل میں محبت الٰہی اور دیدارِ الٰہی کی تڑپ حدِ جنون تک بڑھ جاتی ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے سے جذبۂ محبت کی تکمیل، اشتیاقِ محبت تیز اور حضور ﷺ کی قولی وفعلی اتباع نصیب ہوتی ہے۔ اولاً عطاء، وسطاً فنا اور آخراً لِقا نصیب ہوتا ہے۔ بندہ من احب شیئاً اکثر ذکرہ کی تصویر بن جاتا ہے۔ شب کی خلوتوں اور دن کی جلوتوں میں یہی ذکرِ محبت "درود پاک" وردِ زبان اور حرزِ جاں رہتا ہے اور اس کا نور رگ و ریشہ میں سما جاتا ہے۔ اور وہ مستجاب ا عوات بن جاتا ہے۔

☆ درود پاک تمام دینی و دنیاوی مسائل کا قبلۂ حاجات اور کعبۂ مرادات ہے اس کے پڑھنے والے کے جملہ امور کا اللہ تعالیٰ کفیل ہو جاتا ہے اور غیب سے اسباب پیدا فرما کر اس کی حاجتیں پوری کرتا ہے۔

☆ سیدنا عبد العزیز دباغ فرماتے ہیں درود پاک پڑھنے کی برکت سے مرشدِ کامل مل جاتا ہے یا پھر حضرت خضر علیہ السلام اس کی تربیت فرماتے ہیں۔

☆☆☆ اسی وجہ سے صوفیاء نے درود شریف کو حرزِ جاں بنایا حضرت سیدنا عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ تاجدارِ کائنات، باعثِ تخلیقِ کائنات ﷺ نے ارشاد فرمایا! 'بے شک قیامت کے دن تم میں سے میرے سب سے زیادہ قریب اور محبوب وہ ہوگا جو مجھ پر کثرت سے درود بھیجے گا۔ سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا معمول تھا کہ ہر روز بعد از نمازِ فجر طلوعِ آفتاب تک قبلہ رو بیٹھتے اور درود پاک پڑھتے تھے۔ حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ شب برأت میں ایک تہائی رات درود وسلام پڑھا کرتے تھے۔ حضرت سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ ماہِ شعبان میں ہر روز سات سو مرتبہ درود شریف پڑھنے کی بہت زیادہ فضیلت بیان فرماتے تھے۔ حضرت شیخ ابو سید صفروی رحمۃ اللہ علیہ درود تامہ بہت کثرت سے پڑھا کرتے تھے۔ (مذکورہ کتاب میں درود تامہ موجود ہے) حضرت شیخ ابراہیم متبولی رحمۃ اللہ علیہ کو کثرتِ درود پاک کی وجہ سے کثرت سے خواب میں حضور پرنور ﷺ کی زیارت ہوتی تھی۔ آپ کی وا ہ فرماتی تھیں کہ بیٹا مرد وہ ہے جسے بیداری میں حضور ﷺ کی زیارت ہو۔ جب آپ رحمۃ اللہ علیہ کو بیداری میں زیارت ہونے لگی تو آپ کی وا ونے فرمایا! اب تم بالغ ہوئے ہو اور مرد بنے ہو۔

☆☆☆ حضرت شیخ الزواوی البحیری رحمۃ اللہ علیہ روزانہ چالیس ہزار بار درود پاک پڑھا کرتے تھے۔ امام شعرانی فرماتے ہیں کہ ایک بار انہوں نے فرمایا! ہمارا طریقہ یہ ہے کہ ہم کثرت سے درود پاک پڑھتے ہیں یہاں تک کہ ہم بیداری میں سرورِ کائنات ﷺ کے ساتھ تشریف فرما ہوتے ہیں اور آپ ﷺ کے صحابہ اکرام رضی اللہ عنہم کی مانند آپ ﷺ کی مجلس میں حاضر ہوتے اور احادیث کے متعلق پوچھتے ہیں جو حفاظِ حدیث نے ضعیف قرار دیں ہیں۔ امام عبد الوہاب شعرانی شافعی مصری رحمۃ اللہ علیہ کا یہ معمول تھا کہ آپ ہر جمعہ کی رات تمام شب صبح تک حضور نبی کریم ﷺ پر درود پاک پڑھنے کا ورد فرماتے اور یہ معمول وفات تک جاری رہا۔

☆☆☆ شیخ امام عبداللہ بن محمد المغربی القصیری رحمۃ اللہ علیہ روزانہ پچیس ہزار بار درود پاک پڑھتے تھے۔ حضرت پیر سید غلام مصطفےٰ شاہ کاظمی رحمۃ اللہ علیہ (میرے دادا حضور کے پیر و مرشد کے بھتیجے) نے ایک مقام پر کروڑ مرتبہ درود شریف پڑھا۔ الحمدللہ آج بھی ایسے لوگ موجود ہیں جن کی زبان ہر وقت درود پاک سے تر رہتی ہے۔ فقیر خود ایسے کئی لوگوں سے ملا جن کا معمول کئی ہزار مرتبہ درود پاک پڑ ہے۔ ہمارے مصطفائی قادری ساتھیوں میں بھی ایسے نوجوان ساتھی ہیں جو دس دس، بارہ بارہ ہزار مرتبہ درود پاک پڑھتے ہیں بلکہ ہمارا ایک ساتھی جولندن میں ہے اس کا معمول ہر روز ۳۰ سے ۴۰ ہزار مرتبہ درود پاک ہے۔

☆☆☆ جس نے جو بھی پایا وہ درود پاک کی برکت سے ہی پایا۔ صوفیاء کرام نے درود پاک کی کتابیں بھی اسی بات پر تحریر کیں کہ حضور سرورِ کائنات ﷺ کا فرمانِ پاک ہے کہ "جس نے کسی کتاب میں مجھ پر درود تحریر کیا جب تک وہ تحریر رہے گا فرشتے اس پر درود بھیجتے رہیں گے"۔ اسی طرح درود تجلیاتِ مصطفائی بھی آقاءِ نامدار، مدنی تاجدار ﷺ کی بارگاہ میں فقیر کا نذرانہ عقیدت ہے۔ اللہ تعالیٰ اس بات کا شاہد ہے کہ فقیر کو کتاب لکھنے کا کبھی شوق نہیں ہوا۔ ساتھی کبھی کتاب تحریر کرنے کا تذکرہ کرتے تو میں کہتا تھا کہ کتابیں بہت ہیں اگر کوئی چیز لکھو تو وہ لکھو جو نہ لکھی گئی ہو۔ فقیر اپنی علمی اور عملی کوتاہیوں کا پوری طرف معترف ہے، مگر جب اللہ رب العزت چاہتا ہے تو کھوٹے سکے بھی سر بازار میں کام آجاتے ہیں۔ میں اللہ رب العزت کا اور اس کے پیارے حبیب ﷺ کا بڑا شکر ادا کرتا ہوں جنہوں نے مجھے درود پاک جیسے کام کو کرنے کی سعادت عطا فرمائی این سعادت بزور بازو نیست۔

☆☆☆ درود تجلیاتِ مصطفائی کو ایک یہ بھی اعزاز حاصل ہے کہ اس میں جتنے درود پاک تحریر کیے گئے ہیں پہلے تمام درود پاک سے مختلف ہیں۔ اس میں ۳۰۰ صفحات پر ایسے درود پاک ہیں جو پہلے کسی کتاب میں نہیں ہیں۔ بابِ کرم، صلوٰۃ السیادۃ، صلوٰۃ الحضوری، زیارۃ الحبیب، درود تاج کبیر، شمائلِ نبویہ اور صلوٰۃ الغوثیہ جیسے درود پاک بڑی خوبصورتی کے ساتھ ترتیب دیئے گئے ہیں۔ اور میں ہرگز نہیں جانتا کہ یہ سب کیسے تحریر ہوئے۔ کتاب میں ایسے صیغے ہیں جو پہلے کسی کتاب میں نہیں وقتاً فوقتاً کئی تحریریں ذہن میں ابھرتی رہیں۔ ایسا بھی ہوا کہ اکثر درود پاک کے کلمے نماز کے دوران میرے ذہن پر وارد ہوتے گئے۔ دورد پاک کی تکمیل کے دوران ہر مقام پر حضور سرورِ کائنات ﷺ کی روحانی توجہ محسوس ہوئی۔ اس درود پاک جیسے عظیم اور منفرد کام کے لیے ایک لمبا وقت اور عرصہ درکار تھا لیکن اللہ رب العزت اور حضور سرورِ کائنات ﷺ کی کرم نوازی سے یہ درود پاک ایک سال کی قلیل مدت میں مکمل ہو گیا۔

☆☆☆ میں سب سے پہلے پیرِ طریقت حضرت ڈاکٹر شاہ احمد کمال صاحب (آستانہ عالیہ طوری شریف ایبٹ آباد) اور اپنے دیگر روحانی اساتذہ کا مشکور ہوں جنہوں نے مجھے دعاؤں سے نوازا۔ سید عظمت علی شاہ صاحب نے ہر مقام پر رہنمائی کی اور جو درود پاک بھی میں تحریر کرتا آپ کے پاس حاضر ہو کر یا فون پر آپ کو سناتا تو آپ خوشی سے جھوم جاتے اور فرماتے کہ یہ اللہ اور

اس کا حبیب ﷺ آپ سے خود کروا رہے ہیں۔ اپنے استاد محترم علامہ سید صابر حسین شاہ کا بھی تہہ دل سے مشکور ہوں جنہوں نے درود پاک کی پروف ریڈنگ میں میری مدد فرمائی اپنے عزیزم علامہ مفتی علی مصطفائی قادری نے بڑی محنت سے بار بار اسکی پروف ریڈنگ کی حکیم محمد اقبال ہاشمی نے بڑی محنت و محبت سے اس کی کتابت کی اور مختلف ساتھیوں نے اسکی چھپائی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اللہ تعالیٰ سب کو دونوں جہانوں میں حضور سرور کائنات ﷺ کے دامن میں جگہ عطا فرمائے۔ (آمین ثم آمین) فقیر فن تصنیف سے نابلد اور نا آشنا ہے۔ مگر صوفیاء نے فرمایا کبھی یہ نہ دیکھو کہ کون کہہ رہا یہ دیکھو کیا کہہ رہا ہے۔ جب آپ بازار دودھ لینے جاتے ہیں تو آپ کی نظر کالی سیاہ کڑاہی پر نہیں ہوتی بلکہ دودھ پر ہوتی ہے۔

☆ آخر میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس درود پاک کے صدقے مجھے، میرے والدین، اہل خانہ، عزیز و اقربا، تمام مصطفائی قادری ساتھیوں اور کل امت مصطفیٰ ﷺ کو حضور ﷺ کی محبت و اتباع عطا فرمائے اور دنیا و آخرت میں آپ ﷺ کی حضوری سے بہرہ مند فرمائے اور محشر میں اپنی پیاری بیٹی سیدہ فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ عنہا کی اولاد کے غلاموں میں اٹھائے۔ آمین

فقیر بے نوا حقیر جتلا
امیر نفس امارہ سگ غوث الورا
تنویر المصطفیٰ قادری اویسی
آستانہ عالیہ مصطفائیہ قادریہ اویسیہ
نزد یونین کونسل نمبر ۵۰ گجرات (پاکستان)

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ
اَمَّا بَعْدُ
اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے درود شریف بھیجتے ہیں اس غیب بتانے والے ''نبی'' پر اے ایمان والو تم بھی آپ پر درود اور خوب سلام بھیجو۔

☆ حق تعالیٰ نے قرآن پاک میں بہت سے احکامات ارشاد فرمائے ہیں۔ نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ وغیرہ اور بہت سے انبیاء کرام علیہم السلام کی توصیفیں اور تعریفیں بھی فرمائیں۔ ان پر بہت سے اعزاز و اکرام بھی فرمائے۔ حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو فرشتوں کو حکم فرمایا، کہ ان کو سجدہ کیا جائے لیکن کسی حکم یا کسی اعزاز و اکرام میں یہ نہیں فرمایا کہ میں بھی یہ کام کرتا ہوں، تم بھی کرو۔ یہ اعزاز صرف سید الکونین ﷺ ہی کے لیے ہے کہ اللہ تعالیٰ نے درود پاک کی نسبت اولاً اپنی طرف کی ہے۔ اس کے بعد اپنے پاک فرشتوں کی طرف کرنے کے بعد مسلمانوں کو حکم فرمایا کہ ''اللہ اور اس کے فرشتے درود ہیں۔ اے مومنو! تم بھی درود بھیجو''۔ اس سے بڑھ کر اور کیا فضیلت ہوگی کہ اس عمل میں اللہ اور اس کے فرشتوں کے ساتھ مومنین کی شرکت ہے۔ سرورِ کونین ﷺ کے غلامو! اپنی قسمت پر ناز کرو، کہ درود شریف کی دولت تمہیں ایسی میسر آئی ہے کہ جس میں فرشتے بھی اور اللہ بھی شامل ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جس کی ''آمین'' فرشتوں کی آمین سے مل جاتی ہے اس کے گناہ کو مٹا دیا جاتا ہے۔ کیا فائدہ ملے گا اس شخص کو کہ جس کا درود فرشتوں کے درود سے مل جائے؟

☆ بادشاہ اگر اپنی رعایا کو کسی کام کے کرنے کا حکم دیتا ہے اور لوگ یہ بھی جانتے ہیں کہ فقط ایک بار تعمیل اس حکم کی واجب ہے اور پھر ہم کو اختیار ہے کہ کریں یا نہ کریں۔ اس طرح وہ دوسری بار اس کام میں سستی کرتے ہیں۔ مگر وہ لوگ جنہیں یہ معلوم ہے کہ تمام مقربان بادشاہی اسی کام میں مشغول ہیں اور اسے بادشاہ کی خوشنودی کا سبب سمجھتے ہیں۔ بلکہ خود بادشاہ اس کام کے کرنے میں مشغول ہے تو شوق و رغبت اور بڑائی و عظمت اس کی سب کے دل میں زیادہ ہو جاتی ہے۔

☆ صاحب روح البیان لکھتے ہیں کہ اللہ کے درود کا مطلب حضور اقدس ﷺ کو مقام محمود تک پہنچانا ہے اور وہ

مقام شفاعت ہے۔ ملائکہ کے درود کا مطلب ان کی دعا کرنا اور مؤمنین کے درود کا مطلب حضور ﷺ کا اتباع اور حضور اقدس ﷺ کے ساتھ محبت اور حضور ﷺ کے اوصاف جمیلہ کا تذکرہ ہے۔ علامہ السید ابوالفضل محمود الآلوسی البغدادی وضاحت فرماتے ہوئے لکھتے ہیں کہ "اللہ تعالیٰ کے درود شریف کا یہ مفہوم ہے کہ اپنے محبوب ﷺ کے ذکر کو بلند کرنا اور آپ ﷺ کے دین کو غلبہ دینا اور آپ ﷺ کی شریعتِ مطہرہ پر عمل برقرار رکھ کر اس دنیا میں حضور پرنور، سرورِ کونین ﷺ کی عزت بڑھانا اور روزِ محشر امت کے لیے شفاعت قبول فرمانا اور بہترین اجر عطا فرما کر، مقام محمود پر فائز کرنے کے بعد اولین و آخرین کے لیے حضور ﷺ کی عظمت و بزرگی کو ظاہر کرنا اور تمام مقربین پر حضور ﷺ کو شرفِ سبقت بخش کر آپ ﷺ کی شان کو ظاہر فرمانا ہے"۔

☆ اب آیت کریمہ کا مفہوم کچھ یوں ہوگا کہ "اللہ اپنے رسول ﷺ پر ہمیشہ در ہمیشہ رحمتیں نازل فرماتا رہتا ہے اور اس کے فرشتے آپ ﷺ کی تعریف و توصیف میں مشغول رہتے ہیں اور آپ ﷺ کی رفعت و شان کے تذکرے کرتے رہتے ہیں۔ تو اے ایمان والو! تم بھی سرورِ کونین ﷺ کی رفعت و شان کے گیت گایا کرو، یعنی درود شریف بھیجا کرو"۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆☆☆

احادیث کی روشنی میں دُرود شریف کی فضیلت

☆ ایک دن رسول اللہ ﷺ تشریف لائے۔ مسرت کے آثار آپ ﷺ کے رخِ انور پر دکھائی دے رہے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا! "میرے پاس جبرائیل علیہ السلام تشریف لائے اور کہا، یا رسول اللہ ﷺ! کیا آپ ﷺ اس سے راضی نہیں کہ آپ ﷺ کا جو امتی آپ ﷺ پر درود بھیجے گا میں اس پر دس دفعہ درود بھیجوں گا اور آپ ﷺ کا جو امتی آپ ﷺ پر سلام بھیجے گا میں اس پر دس مرتبہ سلام بھیجوں گا"۔ (مطالع المسرات)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ احمد مرسل، امام الرسل ﷺ نے فرمایا! "جو شخص مجھ پر درود بھیجے گا جب تک درود پڑھتا رہے گا فرشتے اس پر درود بھیجتے رہیں گے۔ اب چاہے وہ درود شریف کم پڑھے یا زیادہ"۔ (مطالع المسرات)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ حضرت علی ابنِ ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آمنہ کے لال، انتہائے کمال، بے نظیر و بے مثال ﷺ نے فرمایا! "ہر دعا کو بارگاہِ الٰہی میں پہنچنے کے لئے ان حجابات سے گزرنا پڑتا ہے، جو آسمانوں کے درمیان ہیں۔ یہ حجابات درود پاک کے بغیر کسی چیز سے نہیں کھلتے۔ جب درود پڑھا جائے تو یہ پردے اٹھ جاتے ہیں اور دعا آسمانوں سے بلند ہوتی چلی جاتی ہے۔ اگر درود نہ پڑھا جائے تو یہ دعا واپس لوٹ آتی ہے"۔ (مدارج النبوۃ)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ "جب تم اللہ سے دعا مانگو تو دعا میں ابد کی بزم کا کنول، بہارِ حسنِ ازل، آرزوئے دل ﷺ پر درود پاک بھیجو کیونکہ درود شریف بارگاہ خداوندی میں مقبول ہے اور اللہ کی شان اس سے بلند ہے کہ کچھ قبول فرمائے اور کچھ رد فرمائے"۔ (مطالع المسرات)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آفتابِ حجاز، چارہ ساز، خواجہء گیتی نواز ﷺ نے فرمایا! "مجھ پر درود والے کے لیے پل صراط پر ایک نور ہوگا اور جو پل صراط پر نور والا ہوگا، وہ جہنمی نہیں ہوگا"۔ (مطالع المسرات)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ آقائے دوعالم، تاجدارِ عرب وعجم، جلوۂ ربِ اکرم، ابوالقاسم ﷺ کا ارشاد ہے! "مجھ پر درود پڑ پل صراط پر نور ہے۔ جس شخص نے مجھ پر دن رات میں اسی مرتبہ درود بھیجا اس کے اسی سال کے گناہ بخش دیے جائیں گے"۔ (مطالع المسرات)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آرزوئے انبیائے محترم، پیکرِ خوبی وحسنِ مجسم، جانِ دوعالم، احسان مجسم ﷺ نے فرمایا! "میرے پاس جبرائیل علیہ السلام آئے۔ انہوں نے کہا! یارسول اللہ ﷺ آپ ﷺ کا جو امتی، آپ ﷺ پر درود بھیجے گا اس پر ستر ہزار فرشتے درود بھیجیں گے اور جس پر فرشتے درود بھیجیں گے وہی جنتی ہوگا"۔ (مطالع المسرات)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ آفتابِ حرم، تاجدارِ حرم، پیکرِ اتم، آقائے محتشم ﷺ نے فرمایا! "جس نے میرے حق کی تعظیم کے لیے مجھ پر درود بھیجا اللہ اس درود پاک سے ایک فرشتہ پیدا فرماتا ہے، جس کا ایک پر مشرق میں اور دوسرا مغرب میں۔ اس کے پاؤں سب سے نچلی ساتویں زمین میں ٹھہرے ہوئے ہیں اور اس کی گردن عرش کے نیچے لپٹی ہوئی ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے فرماتا ہے میرے بندے پر درود بھیج جس طرح اس نے میرے نبی ﷺ پر درود بھیجا پس وہ بندے پر قیامت تک درود بھیجتا رہے گا"۔ (مطالع المسرات)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ آرزوئے کلیم، احسنِ تقویم، احسانِ ربِ کریم، الطاف عمیم، احسان عظیم ﷺ نے فرمایا! "میرے پاس حوضِ کوثر پر کئی ایسی جماعتیں آئیں گی جن کی پہچان مجھے صرف اس لیے ہوگی کہ وہ مجھ پر کثرت سے درود بھیجتے ہیں"۔ (مطالع المسرات)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کی برہان، چشمِ عرفان، امت کے پاسبان، امان بے امان ﷺ نے فرمایا! جس نے مجھ پر ہزار مرتبہ درود شریف پڑھا۔ اللہ اس کا گوشت اور اس کی ہڈیاں آگ پر حرام فرمادیں گے۔ (مطالع المسرات)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ چارۂ دردِ یتیماں، صورتِ یزداں، امیر بزمِ امکاں، انیس بے کساں ﷺ نے فرمایا! "جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجا اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود بھیجے گا اور جس نے مجھ پر دس مرتبہ درود بھیجا اللہ اس پر سو مرتبہ درود بھیجے گا اور جس نے مجھ پر سو مرتبہ درود بھیجا اللہ تعالیٰ اس پر ہزار مرتبہ درود بھیجے گا اور جس نے مجھ پر ہزار مرتبہ درود بھیجا اللہ اس کا جسم آگ پر حرام فرما دے گا اور اس کو دنیا و آخرت میں سوال کے وقت قول ثابت کے ساتھ ثابت رکھے گا اور اسے جنت میں داخل فرمائے گا اور قیامت کے دن مجھ پر بھیجا ہوا اس کا درود اس حال میں آئے گا کہ اس کا نور پلِ صراط پر پانچ سو سال کی مسافت تک ہوگا اور اللہ اسے ہر درود کے بدلے جو اس نے مجھ پر بھیجا ہوگا جنت میں ایک محل عطا کرے گا۔ یہ درود کم ہو یا زیادہ"۔ (مطالع المسرات)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ انسانیت کے محسن، تجلیات کے مخزن، خوشبو خوشبو جن کا دامن، آقائے من، امید کی کرن ﷺ نے فرمایا! "جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجا اللہ اس پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے اور جس نے مجھ پر دس مرتبہ درود بھیجا اللہ اس پر سو مرتبہ درود بھیجتا ہے اور جس نے مجھ پر ہزار مرتبہ درود بھیجا جنت کے دروازہ پر اس کا کندھا میرے کندھے کے ساتھ ہوگا"۔ (مطالع المسرات)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ حضرت عبدالرحمان بن سیرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بہارِ گلشن، آرائشِ نگارستانِ چمن، روح کے مسکن، جانِ بزمِ سخن ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے۔ اور فرمایا! "رات میں نے عجیب واقعہ دیکھا۔ میں نے اپنے ایک امتی کو دیکھا کہ وہ پلِ صراط پر گھسٹ رہا ہے کبھی سرین کے بل چل رہا ہے اور کبھی چمٹ جاتا ہے اتنے میں مجھ پر بھیجا ہوا درود شریف آیا اور اسے پلِ صراط پر کھڑا کر دیا چنانچہ وہ گزر گیا"۔ (طبرانی)

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

☆ بحر جود وسخا، دافع جملہ بلا، جانِ صدق وصفا، کنز لطف وعطا ﷺ نے فرمایا! ''جو مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے اللہ اس پر دس بار درود بھیجتا ہے۔ اس کے بعد آسمانِ دنیا کے رہنے والوں کو اس کے درود سے متعارف کروایا جاتا ہے اور انہیں اس درود کے پڑھنے میں شریک کیا جاتا ہے۔ اور درود پاک پڑھنے والے پر سو بار درود وسلام بھیجا جاتا ہے۔ پھر آسمان دوم سے اس درود پاک پڑھنے والے کا تعارف کرایا جاتا ہے اور وہاں کے لوگ اس شخص پر بائیس بار درود بھیجتے ہیں۔ اسی طرح آسمانِ سوم کے لوگوں کو اس کے درود پر واقف کیا جاتا ہے اور وہاں کے لوگ اسی طرح اس شخص پر ہزار بار درود بھیجتے ہیں۔ اس درود کو آسمان چہارم کے لوگ سنتے ہیں تو دو ہزار بار درود بھیجتے ہیں۔ اس آواز کو جب آسمانِ پنجم کے لوگ سنتے ہیں تو وہ جواب میں پانچ ہزار درود پڑھتے ہیں۔ آسمان ششم کے لوگ جب اس درود پاک کی آواز سنتے ہیں تو وہ چھ ہزار بار درود پاک پڑھتے ہیں۔ آسمان ہفتم کے لوگ اس درود پاک کے جواب میں سات ہزار بار درود پاک پڑھتے ہیں۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ فرماتا ہے! ان تمام درود وسلام کا ثواب میرے اس بندے کو عطا کیا جائے جس نے میرے نبی ﷺ پر درود پڑھا تھا۔ میں اعلان کرتا ہوں کہ اس کے تمام گناہ بخش دئے گئے ہیں۔ یہ اعزاز میرے نبی ﷺ پر درود پڑھنے کی وجہ سے ہے''۔ (معارج النبوۃ)

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

☆ بعض صحابہ اکرام ﷺ سے مروی ہے کہ ''جس جگہ بادشاہ ماورئی، جلوۂ یکتا، جمالِ حق نما، برزخ کبریٰ، بندۂ رب العلیٰ، بے نواؤں کے داتا ﷺ کا ذکر ہوتا ہے یا آپ ﷺ پر درود شریف پڑھا جاتا ہے اس سے ایک خوشبو اٹھتی ہے جو ساتوں آسمانوں کو چیرتے ہوئے عرش مجید تک پہنچ جاتی ہے۔ اس کی خوشبو، جن وانس کے علاوہ زمین کی ہر مخلوق محسوس کرتی ہے۔ انسان اور جن اگر اس کی خوشبو کو محسوس کر لیں تو اس کی لذت میں محو ہو جائیں اور امورِ زندگی سے بے خبر ہو جائیں۔ جو فرشتہ اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق اس خوشبو کو محسوس کرتی ہے اس مجلس والوں کے لیے استغفار کرتی ہے اور اس مخلوق کے برابر نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور اتنے ہی ان کے درجے بلند کیے جاتے ہیں۔ اس مجلس میں ایک شخص ہو یا لاکھ ان کو اتنی ہی مقدار میں اجر ملتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا اجر بہتر اور بڑا ہے''۔ (مطالع المسرات)

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

☆ بعض روایات میں ذکر کیا گیا ہے کہ! ''جب ایماندار مرد یا عورت بے بسوں کے یاور، خسروِ خشک وتر، سیّدِ و بحر وبر، بدرِ منور، بندہ پرور ﷺ پر درود بھیجنا شروع کرتے ہیں تو ان کے لیے آسمانوں اور زمینوں کے دروازے عرش تک کھول

دیے جاتے ہیں۔ آسمان کا ہر فرشتہ اللہ تعالیٰ کے حبیب ﷺ پر درود بھیجتا ہے اور تمام فرشتے اس مرد یا عورت کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں جس قدر خدا کو منظور ہوتا ہے"۔(مطالع المسرات)

صَلَّى اللهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ بہارِ گلشنِ آدم، تجلّیٔ محتشم، بابِ کرم، غریبوں کے ہمدم، بہارِ حرم ﷺ نے فرمایا! "جس کسی کے لیے کسی حاجت کا حصول مشکل ہو جائے اسے مجھ پر کثرت سے درود بھیجنا چاہیے، کیونکہ درود پاک غم و آلام اور تکلیف کو دور کر دیتا ہے اور رزق کی کثرت اور حاجتوں کے پورا ہونے کا سبب ہے"۔(مطالع المسرات)

صَلَّى اللهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ! "بارشِ رحمتِ یزداں، بنائے نجاتِ دو جہاں، بحرِ بے کراں، باعثِ فخرِ صادقاں ﷺ نے فرمایا! جس نے مجھ پر دن رات میں سو مرتبہ درود شریف بھیجا اس کی سو حاجتیں پوری ہو جائیں گی۔ تیس دنیا میں اور باقی آخرت میں"۔(مطالع المسرات)

صَلَّى اللهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ پیکرِ حسنِ جاں فزا، بحرِ لطف و عطا، روحِ مہر و وفا، پیکرِ شرم و حیا ﷺ نے فرمایا! "جس شخص نے کہا! اللہ تعالیٰ ہماری طرف سے حضور سیدِ عالم ﷺ کو وہ جزا عطا فرمائے جس کے آپ ﷺ اہل ہیں۔ اس نے لکھنے والوں (فرشتوں) کو ایک ہزار صبح کے لیے مشقت میں ڈال دیا"۔(مطالع المسرات)

صَلَّى اللهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ تنویرِ عرفانِ خدا، درِّ بحرِ صفا، چاند سا مکھڑا، تاجورِ ذی جاہ ﷺ سے عرض کیا گیا! کہ "آلِ محمد ﷺ کون ہیں، جن کی محبت، تعظیم اور خدمت کا ہمیں حکم دیا گیا ہے؟ فرمایا! صاف دل باوفا، جو مجھ پر مخلصانہ ایمان لائے۔ عرض کیا گیا! کہ ان کی علامتیں کیا ہیں؟ فرمایا! میری محبت کو ہر محبوب پر ترجیح دینا اور دل کو اللہ تعالیٰ کے ذکر کے بعد میرے ذکر سے مشغول رکھنا اور ایک راویت میں ہے کہ! ان کی علامت یہ ہے کہ ہمیشہ میرا ذکر کرتے ہیں اور مجھ پر بکثرت درود بھیجتے ہیں"۔(مطالع المسرات)

صَلَّى اللهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ تسکینِ جانِ مضطر، نورِ قلب و نظر، محبتوں کے محور، تخلیق کے جوہر ﷺ سے عرض کیا گیا! "یارسول اللہ ﷺ! جو آپ ﷺ کی بارگاہ سے غائب ہیں، ان کے درود شریف کے متعلق فرمائیے۔ آپ ﷺ کے نزدیک ان کا کیا حال ہے؟

فرمایا! میں اپنی محبت والوں کا درود سنتا ہوں اور ان کو پہچانتا ہوں اور دوسروں کا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے"۔ (مطالع المسرات)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ حضرت ابو ہریرہ ؓ سے مروی ہے کہ "جب کوئی مؤمن جو ہر آئینۂ تجلیات، کانِ لعل کرامت، جمال روحِ حیات، جمیع البرکات ﷺ پر درود پاک بھیجتا ہے تو اللہ تعالیٰ ایک فرشتے کو مقرر کرتا ہے جو اس درود پاک کے تحفے کو فوراً سرکار دو عالم ﷺ کے سامنے لے آتا ہے اور برملا کہتا ہے! یارسول اللہ ﷺ! فلاں بن فلاں یا فلاں بنتِ فلاں نے آپ ﷺ پر ایک بار درود پاک بھیجا ہے۔ حضور ﷺ نہایت فرحت و شادمانی کے ساتھ جواب دیتے ہیں! میری طرف سے اسے دس بار سلام پہنچاؤ اور اسے پیغام دے دو کہ اگر ان دس میں سے ایک بھی تیرے ساتھ ہوگا تو تو جنت میں میرے ساتھ ایسے ہوگا جیسے یہ سبابہ اور وسطی انگلیاں ہیں اور تیرے لئے میری شفاعت حلال ہوگی۔ وہ فرشتہ روضۂ رسول ﷺ سے بارگاہِ خداوندی میں حاضر ہوتا ہے اور عرض کرتا ہے، اے اللہ! فلاں بندے نے تیرے حبیب ﷺ پر ایک بار درود پاک بھیجا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے! میری طرف سے اسے دس بار ہدیہ سلام بھیجا جائے اور اسے بشارت دی جائے کہ اگر ان دس میں سے ایک بھی تیرے ساتھ ہوگا تو تجھے آگ نہ چھوئے گی۔ پھر اللہ تعالیٰ اعلان فرماتے ہیں! کہ میرے بندے کے درود کو بہترین ہدیہ تصور کیا جائے اور اسے علیین میں محفوظ کر لیا جائے۔ تاکہ قیامت کے دن اسکے لئے ذخیرۂ آخرت بن سکے۔ اس کے بعد اس درود پاک کے ایک ایک حرف کے بدلے ایک ایک فرشتہ پیدا فرمائے گا۔ ہر ایک فرشتے کے تیس ہزار ساٹھ سر ہوں گے اور ہر سر پر تیس ہزار ساٹھ چہرے ہوں گے اور ہر چہرے پر تیس ہزار ساٹھ زبانیں ہوں گی اور ہر زبان تیس ہزار ساٹھ بار حمدِ خداوندی اور نعتِ رسول خدا ﷺ ادا کرتی رہے گی۔ ہر نعت دوسری نعت سے مختلف ہوگی۔ ان تمام نعتوں کا ثواب اس کے نامہ اعمال میں لکھا جائے گا جس نے ایک بار حضور پر نور ﷺ پر درود پڑھا تھا"۔ (مدارج النبوۃ)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ جلوۂ انوارِ وحدت، مرکزِ نورِ ہدایت، زینتِ بزمِ کثرت، جوارشِ مریضانِ محبت، صاحبِ تاجِ ختمِ نبوت ﷺ نے فرمایا! "بے شک اللہ تعالیٰ کا ایک فرشتہ ہے۔ جس کے دو پر ہیں۔ ایک مشرق میں اور دوسرا مغرب میں جب کوئی بندہ محبت بھرے انداز میں مجھ پر درود پڑھتا ہے تو وہ پانی میں غوطہ لگاتا ہے پھر اپنے پر جھاڑتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر قطرے سے ایک فرشتہ پیدا فرماتا ہے۔ جو مجھ پر درود پڑھنے والے کے لیے قیامت تک استغفار کرتا رہے گا"۔ (القول البدیع)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ جلوۂ ربِ اکرم، جگر گوشۂ کانِ کرم، جلالِ عظمتِ آدم ﷺ نے ارشاد فرمایا! ''کوئی بندہ مجھ پر درود پڑھتا ہے تو فرشتہ اس درود کو لے کر اوپر جاتا ہے اور اللہ کی بارگاہ میں پہنچاتا ہے۔ اللہ فرماتا ہیں! اس درود پاک کو میرے بندے کی قبر میں لے جاؤ۔ یہ اپنے پڑھنے والے کے لیے استغفار کرتا رہے گا اور اس کی آنکھیں اسے دیکھ کر ٹھنڈی ہوتی رہیں گی''۔ (القول البدیع)

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

☆ ایک شخص نے عرض کی! ''یارسول اللہ ﷺ! میں اپنا تمام وقت حضور ﷺ پر درود پڑھنے میں صرف کردوں؟ تو جلوۂ تاباں، جلوۂ یزداں، جلوۂ فاراں ﷺ نے فرمایا! تب اللہ تعالیٰ تیری دنیا و آخرت کی مشکلیں آسان فرمادے گا''۔ (القول البدیع)

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جمالِ روئے گیتی، جلوۂ گلستان لاہوتی، جامع صفات ہستی ﷺ نے ارشاد فرمایا! ''اے لوگو! قیامت کے دن، قیامت کی ہولناکیوں اور اس کی تلخیوں سے سب سے زیادہ بچانے والا، دنیا میں تمہارا مجھ پر کثرت سے درود پڑ ہے۔ یہ ورد وظیفہ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں کی طرف سے کافی ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ! بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے نبی کریم ﷺ پر درود بھیجتے ہیں۔ پھر اس نے اسی وظیفہ کا مؤمنین کو حکم فرمایا، تاکہ وہ انہیں اس پر اجر عطا فرمائے''۔ (القول البدیع)

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

☆ حضرت سیّدنا علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ! دو عالم کے مشکل کشاء، دستگیرِ بے نوا، تن بیمار را دوا، پیکرِ حسنِ جانفزا ﷺ فرماتے ہیں! '' میں نے جبرائیل علیہ السلام سے پوچھا، کون سا عمل اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ہے؟ جبرائیل علیہ السلام نے بتایا، اے محمد ﷺ! آپ ﷺ پر درود پڑ اور علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی محبت''۔ (القول البدیع)

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

☆ حضرت سہیل بن سعید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ! چراغ خانہء صفا، صاحب بزمِ وفا، فیض کے سرچشمہ، چشم رحمت کشا ﷺ نے ارشاد فرمایا! ''اس کا وضو نہیں، جس نے اپنے نبی ﷺ پر درود نہ پڑھا''۔ (القول البدیع)

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے، کہ چارہ گرِ چارہ گراں، چارۂ دردِ نہاں، چارۂ دردِ یتیماں، چارۂ بے چارگاں ﷺ نے فرمایا! ''ہفتہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود پڑھو یہود اس دن اپنے قیدیوں کو یاد کرتے ہیں پس جو اس

دن مجھ پر سو مرتبہ درود بھیجے گا تحقیق اس نے اپنے آپ کو آگ سے آزاد کر لیا اور میری شفاعت اس کے لیے واجب ہو گئی۔ قیامت کے دن اس ہی کی شفاعت ہوگی جس کو میں پسند کروں گا۔ اتوار کے دن تم پر رومیوں کی مخالفت ضروری ہے۔ صحابہ نے عرض کی! کس چیز میں رومیوں کی مخالفت کی جائے؟ فرمایا! وہ اس دن اپنے کنائس میں جاتے ہیں۔ سولی کے نشانوں کی پوجا کرتے ہیں اور مجھے برا بھلا کہتے ہیں۔ پس جس نے اتوار کے دن صبح کی نماز پڑھی اور اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہوئے بیٹھا رہا حتی کہ سورج طلوع ہو گیا پھر دو رکعت نماز ادا کی۔ جیسے اللہ نے اسے توفیق دی۔ پھر مجھ پر سات مرتبہ درود بھیجا اور اپنے وا لدین کے لیے اپنے لیے اور مؤمنوں کے لیے دعا مانگی تو اس کی اور اس کے وا لدین کی مغفرت ہو جائے گی۔ اگر اور کوئی دعا مانگے گا تو اللہ قبول فرمائے گا۔ اگر اللہ سے بھلائی کا سوال کرے گا تو اللہ اسے عطا کرے گا"۔ (القول البدیع)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے "جسے بھولنے کا اندیشہ ہو وہ کثرت سے آقائے کونین ﷺ پر درود پاک بھیجے"۔ (القول البدیع)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ! "حبیبِ کبریا، حبیب اللہ، فخرِ فقر و تمنا، حسنِ غارِ حرا، حسنِ دل آرا ﷺ نے ارشاد فرمایا!" تم مجھ پر درود بھیجو بے شک مجھ پر درود بھیجنا تمہارے لیے زکوۃ ہے"۔ (القول البدیع)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ حامئ شاہ و گدا، عکسِ نورِ خدا، حامئ ہر بے نوا ﷺ نے فرمایا! جو شخص مجھ پر دن میں پچاس مرتبہ درود بھیجے گا، میں قیامت کے دن اس سے مصافحہ کروں گا۔ (سعادۃ الدارین)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ کچھ لوگ مسجدوں کے اوتاد ہوتے ہیں۔ جن کے ہمنشین فرشتے ہوتے ہیں۔ اگر غائب ہوں تو وہ بھی کھوئے رہتے ہیں۔ اگر بیمار ہوں تو ان کی عیادت کرتے ہیں۔ اگر ان کو دیکھیں تو مرحبا کہتے ہیں۔ اگر کسی حاجت کے خواستگار ہوں تو ان کی مدد کرتے ہیں۔ جب بیٹھیں تو فرشتے ان کو زمین سے لے کر آسمان تک ڈھانپ لیتے ہیں۔ ان کے ہاتھوں میں چاندی کے ورق اور سونے کے قلم ہوتے ہیں۔ وہ تاجدارِ کائنات ﷺ پر پڑھا جانے والا درود لکھتے ہیں اور کہتے ہیں! ذکر کیے جاؤ اللہ تم پر رحم فرمائے۔ ذکر زیادہ کرو اللہ تمہیں زیادہ دے۔ جب وہ ذکر شروع کریں ان کے لیے آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور ان کی دعا قبول کی جاتی ہے اور حوریں ان پر جھانکتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان پر متوجہ ہوتا

ہے جب تک وہ کسی اور گفتگو میں مصروف نہ ہو جائیں یا ادھر ادھر بکھر نہ جائیں۔ جب وہ منتشر ہو جاتے ہیں، تو زیارت کرنے والے فرشتے بھی اٹھ کر جاتے ہیں اور ذکر کے حلقے تلاش کرنے لگ جاتے ہیں۔ (القول البدیع)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ سبیلِ رحمتِ یزداں، خلیلِ خوش نہاداں، عطائے رحمان ﷺ نے فرمایا! بے شک تم مجھ پر اپنے ناموں اور چہروں کے ساتھ پیش کیے جاتے ہو پس مجھ پر بہتر درود بھیجا کرو۔ (القول البدیع)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ حبیبِ خالقِ یکتا، حبیبِ خالقِ ارض وسما، حسنِ صبر ورضا، حقیقت کشا ﷺ نے فرمایا! ''قیامت کے دن تین آدمی عرش کے سایہ میں ہوں گے۔ یہ وہ دن ہوگا جس دن عرش کے سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔ عرض کیا گیا آقا ﷺ وہ کون ہوں گے؟ فرمایا! جس نے میرے امتی کی تکلیف دور کی اور میری سنت زندہ کی اور مجھ پر کثرت سے درود بھیجا''۔ (القول البدیع)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ حبیبِ ربِ یگانہ، حاملِ انوارِ کریمانہ، یکتائے زمانہ ﷺ نے فرمایا! ''فرائض کی ادائیگی کا پختہ عزم کرلو کہ اس کا ثواب فی اللہ بیس غزوات سے بڑا ہے اور بے شک مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجنا ان سب کے برابر ہے''۔ (القول البدیع)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے حسنِ محترم، حسنِ تکلم، عارف کیف وکم، نویدِ ابنِ مریم، حبیبِ محترم ﷺ سے ان فرشتوں کی تعداد پوچھی جو انسان پر مقرر کیے گئے ہیں۔ فرمایا! ہر آدمی کے ساتھ دس فرشتے دن کو اور دس فرشتے رات کو مقرر ہوتے ہیں۔ ایک دائیں طرف اور ایک بائیں طرف۔ دو اس کے آگے پیچھے ہوتے ہیں اور دو اس کے ہونٹوں پر مقرر ہوتے ہیں۔ جو صرف سرورِ کونین ﷺ پر پڑھا جانے والا درود محفوظ کرتے ہیں اور دو اس کی پیشانی پر ایک اس کی پیشانی کے بال پکڑے ہوتا ہے، اگر تواضع کرے تو اس کو بلند کرتا ہے اور تکبر کرے تو پست کرتا ہے اور دسواں سونے کی حالت میں اس کے منہ میں سانپ کے داخل ہونے کو روکتا ہے''۔ (القول البدیع)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ جبرائیل علیہ السلام نے خواجۂ بطحا، خواجۂ ہر دوسرا، خستہ دلوں کا سہارا ﷺ سے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے! جو شخص آپ ﷺ پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے اس کے لیے میرے غضب سے امان ہوگی۔ (القول البدیع)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ خلاصۂ کائنات، خزینۂ انوارِ کائنات، خواجۂ کائنات، خواجۂ خورشیدِ ذات ﷺ نے فرمایا! ''ہر شے کی طہارت اور غسل ہوتا ہے اور مؤمنوں کے دلوں کے زنگ سے طہارت مجھ پر درود بھیجنا ہے''۔ (القول البدیع)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ خضر کے رہبر، نجم زاہر، عظمتِ نورِ بشر، خلق کے یاور ﷺ نے فرمایا! ''جو دن میں مجھ پر سو مرتبہ درود بھیجے، اللہ اس کے بدلے اس کے لیے ایک لاکھ نیکیاں لکھ دیتا ہے اور ایک لاکھ گناہ معاف فرما دیتا ہے اور اس کے لیے ایک سو مقبول صدقات لکھتا ہے اور جس نے مجھ پر درود بھیجا اور وہ مجھ تک پہنچ گیا تو میں اس پر صلوٰۃ بھیجوں گا اور وہ میری شفاعت پائے گا''۔ (القول البدیع)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے راویت ہے کہ خلق کے سرور، غریب پرور، فیض کے سمندر، خیر البشر نے ﷺ ارشاد فرمایا! کہ'' جس نے اسلام لانے کے بعد حج بیت اللہ کیا اور حج کے بعد غزوہ میں شرکت کی، اللہ اس کے غزوہ کا ثواب چار سو بار حج خانہ کعبہ کے ثواب کے برابر عطا فرماتا ہے۔ یہ سن کر ضعیف اور سن رسیدہ صحابیوں کے دلوں پر رنج والم کا پہاڑ ٹوٹ پڑا کہ واحسرتا! جوانی باقی نہ رہی۔ حج تو بجالا سکتے ہیں لیکن شرکت غزوہ کی تاب وطاقت نہیں۔ ہم لوگ تو اس عظیم کار ثواب سے محروم رہ گئے۔ سرورِ کونین ﷺ کے عاشقوں اور جاں نثاروں کی تسکین کی خاطر، حضرت جبرائیل علیہ السلام حاضر خدمت ہو کر کہنے لگے! کہ اے رسول خدا ﷺ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے! کہ جو شخص آپ ﷺ پر از روئے محبت وعظمت ایک بار درود پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس ایک بار درود پاک پڑھنے کے ثواب کو، ایسے چار سو غزوات کے ثواب کے برابر کردے گا، جن غزوات کا ہر غزوہ چار سو بار حج بیت الحرام کا ثواب رکھتا ہوگا''۔ (القول البدیع)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ خالق فطرت کے حرفِ اول، خاصۂ خاصانِ رسل، فخرِ عالمِ کل، عقلِ کل ﷺ نے فرمایا! ''جب درود شریف پڑھنے والا درود پڑھتا ہے، تو اللہ تعالیٰ اس سے ایک عظیم پرندہ پیدا فرماتا ہے۔ جس کے ستر ہزار بازو، ہر بازو میں ستر ہزار پر، ہر پر کے ستر ہزار سر، ہر سر کے ستر ہزار چہرے، ہر چہرے کے ستر ہزار منہ، ہر منہ میں ستر ہزار زبانیں، اور ہر زبان سے ستر ہزار بولیوں میں، ہر لمحہ اللہ تعالیٰ کی تسبیح وتقدیس کرتا رہتا ہے اور یہ ثواب اس درود پاک پڑھنے والے کے نامۂ اعمال میں لکھ دیا جاتا ہے۔ یہ فرشتہ قیامت تک اس کی قبر پر کھڑا دعا کرتا رہے گا، تو درود پڑھنے والے کی قبر بقعۂ طور

باغیچۂ نور سے کستوری کی خوشبو رہے گی"۔(مطالع المسرات)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ خطیبِ وادیٔ فاراں، صاحبِ عزّ وشاں، شرحِ اسرارِ بیاں، زیبِ انجم وگلستاں، خواجۂ انس وجاں ﷺ نے فرمایا! "تمام لوگوں میں میرے قریب سب سے زیادہ وہ ہوگا، جو مجھ پر کثرت سے درود شریف پڑھے گا"۔(مطالع المسرات)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ صاحبِ لوح وقلم، مرادِ آدم، محبوبِ ہر دو عالم، شمعِ بزمِ دو عالم ﷺ نے فرمایا! کہ "جو شخص کلمہ پڑھتا ہے اور اس کے بعد اللھم صل علیٰ محمد وعلیٰ الِ محمد وبارک وسلم کہے گا، تو یہ جملہ اس کے منہ سے ایک سبز مرغ کی طرح نکلے گا۔ اس کے دو پر ہوں گے۔ اتنے اتنے بڑے کہ اگر پھیلا دے تو ایک مشرق اور دوسرا مغرب تک پھیل جائے۔ پھر اس پرندے کی آواز بادل کے گرجنے کی طرح سنائی دے گی۔ اس کی پرواز عرشِ معلّٰی تک ہوگی۔ عرشِ معلّٰی اس کی آواز سے کانپ جائے گا۔ اللہ تعالیٰ حکم کرے گا، اے پرندے! خاموش ہو جا۔ وہ پرندہ کہے گا! کس طرح چپ ہو رہوں جبکہ میرے کہنے والے کو تیری رحمت نے ابھی تک نہیں بخشا۔ یہ حکم تین بار ہوگا اور وہ پرندہ تین بار یہی سوال کرے گا۔ اللہ کا فرمان ہوگا! اب چپ ہو جا کہ تیرے کہنے والے کو میں نے بخش دیا اور میری رحمت نے اسے اپنے دامن میں لے لیا"۔(مدارج النبوۃ)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ حضرت ابو کاملؓ نے حضور سرورِ کائنات، فخرِ موجودات، دافعِ بلیات ﷺ سے روایت کی ہے کہ "جو مجھ پر تین بار درود پڑھتا ہے تو وہ اس محبت واشتیاق کی وجہ سے میری زیارت کا مستحق ہوگا اور میری زیارت اللہ تعالیٰ کے کرم و بخشش سے عطا ہوگی اور جس دن وہ درود پاک پڑھے گا، اس دن اور اس رات کے تمام گناہ معاف کر دیئے جائیں گے"۔(مدارج النبوۃ)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ حضرت امیر المؤمنین حضرت عمر فاروقؓ کی روایت ہے کہ میں نے ایک دن شہنشاہِ ابرار، مدنی تاجدار، بے یاروں کے مددگار ﷺ کی بارگاہ میں عرض کی یا رسول اللہ ﷺ آپ کی امت کا تحفہ تو درود پاک ہے جو آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے آپ ﷺ کی طرف سے اس تحفہ کے جواب میں کیا عطا کیا جاتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا عمر تم نے بہت اچھا سوال کیا۔ میری امت کا تحفہ تو مجھ پر درود پاک ہے مگر قیامت کے دن یہی درود پاک میری طرف سے امت کو تحفہ دیا جائے گا۔(مدارج النبوۃ)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ شاہِ جن و بشر، غریب پرور، فقر کے داور ﷺ نے فرمایا! ''جو شخص اپنی زندگی میں مجھ پر سلام وصلوٰۃ بھیجے گا تو اس کے مرنے کے بعد اللہ اپنی ساری مخلوقات کو حکم دے گا کہ اس شخص کے لئے دعائے رحمت طلب کی جائے''۔ (معارج النبوۃ)

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

☆☆☆ شافع محشر، ساقیِ کوثر ﷺ نے فرمایا! ''جو شخص یہ کہے گا اللھم صل علیٰ محمد و علیٰ آل محمد اگر وہ بیٹھا ہوا ہوگا تو اللہ تعالیٰ اسے اس سے پہلے بخشے گا کہ وہ اپنی جگہ سے اٹھے اگر کھڑا ہوگا تو اللہ تعالیٰ اس سے پہلے بخش دے گا کہ وہ بیٹھے''۔ (معارج النبوۃ)

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

☆ فخرِ عالمِ کل، قلب کے مرہم، گیسوئے پرخم، گلستانِ کرم ﷺ نے فرمایا! کہ ''اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتہ پیدا فرمایا ہے۔ اس کا نام عزرائیل ہے۔ قیامت کے دن یہ فرشتہ اپنے پر پھیلائے گا اور پلِ صراط پر بچھا دے گا اور اعلان کرے گا، جس شخص نے رحمتِ کونین ﷺ پر درود پاک پڑھا تھا میرے پروں پر سے گزرتا جائے''۔ (معارج النبوۃ)

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

☆ مالکِ ہر ماسوا، مشعلِ بزمِ صوفیاء، نور الھدیٰ ﷺ نے فرمایا! کہ ''میری امت سے ایک بھی ایسا شخص نہیں ہوگا جو مجھے یاد کرے اور مجھ پر درود پڑھے تو اس کے سارے گناہ بخشے نہ جائیں گے۔ ان گناہوں کی تعداد خواہ ریت کے ذروں جتنی کیوں نہ ہو''۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

☆ رسول کریم، رؤف الرحیم ﷺ نے فرمایا! کہ ''بہشت میں سب سے پہلے جسے بہشتی لباس پہنایا جائے گا وہ حضرت ابراہیم ؑ ہوں گے۔ پھر آپ ؑ کے لئے عرش کے دائیں جانب ایک کرسی بچھائی جائے گی۔ آپ ؑ اس پر تشریف فرما ہوں گے۔ حضرت ابراہیم ؑ کے بعد مجھے نورانی لباس پہنایا جائے گا۔ صحابہ کرام ؓ نے حضور نبی کریم ﷺ سے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ جس مقام پر آپ ﷺ جلوہ فرما ہوں گے وہاں کوئی دوسرا بھی آسکے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا! ہاں میرا وہ امتی، جو فرض کی ادائیگی کے بعد دس بار درود پاک پڑھے گا۔ ایسے شخص کو بھی میری طرح بہشتی لباس پہنایا جائے گا۔ وہ مجھے دیکھے گا اور میں اس کو دیکھوں گا اس امتی کا چہرہ اس دن چودھویں کے چاند سے بھی زیادہ درخشاں ہوگا''۔ (معارج النبوۃ)

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

☆ آفتابِ ھدیٰ، بحرِ لطف و عطا، حامیٔ شاہ و گدا، دستگیرِ بے نوا ﷺ نے فرمایا! کہ ''اللہ تعالیٰ نے مجھے ایسی چیز عطا فرمائی ہے کہ کسی دوسرے نبی کو میسر نہیں ہوئی وہ یہ ہے کہ میری امت کے لئے بلند درجات عطا کئے گئے ہیں درجات مجھ پر درود پڑھنے کی وجہ سے عطا کئے گئے تھے۔ میری قبر پر ایک فرشتہ مقرر کیا گیا ہے۔ جس کا نام 'طر وس' ہے۔ وہ اتنا بزرگ

اور جسیم ہے کہ اسکا سر تو عرش تک پہنچتا ہے اور قدم ارض سفلی میں ہوتے ہیں۔اسی فرشتے کے اٹھارہ ہزار پر ہیں ہر پر کے نیچے اٹھارہ اٹھارہ ہزار سر ہیں۔ ہر سر میں اٹھارہ ہزار منہ اور ہر منہ میں اٹھارہ اٹھارہ ہزار زبانیں ہیں۔ ہر زبان سے اللہ کی تحمید ہوتی ہے اور مجھ پر درود پڑھنے والوں کے لئے استغفار۔پھر ہر زبان سے ہزار ہا ہزار نعتیں کہی جاتی ہیں مجھ پر درود پڑھتا ہے تو وہ فرشتہ اس کے درود کو محفوظ کر لیتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کرتا ہے۔حضور ﷺ نے اس کے بعد فرمایا! جو شخص مجھ پر درود پڑھے گا میں محمد ﷺ اس پر دس ہزار بار درود بھیجوں گا اللہ کے تمام فرشتے اس کے لئے دعا کریں گے پھر اللہ تعالیٰ اس پر دس ہزار بار درود بھیجے گا اور حکم دے گا کہ یہ تمام درود اس کے نامہ اعمال میں درج کر لئے جائیں اور اس کے نامہ اعمال کو اعلیٰ علیین پر مضبوط و ربوط کر دیا جائے''۔(معارج النبوۃ)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆☆☆حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ،فرماتے ہیں کہ رونق کون ومکاں کی ابتدا، رونقِ کون ومکاں کی انتہاء ،رحمتِ جود وسخا، روح کا مدعا ﷺ نے فرمایا! کہ جس نے کتاب میں مجھ پر درود بھیجا، جب تک میرا نام اس کتاب میں رہے گا فرشتے اسکے لئے مغفرت کی دعا کرتے رہیں گے''۔(معارج النبوۃ)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆☆☆رحمت کا دریا، رہبرِ اولیاء، رہبرِ حق نما، رہبرِ زمانہ ﷺ جمعۃ المبارک کے لئے منبر پر جلوہ افروز ہوئے پہلی سیڑھی پر قدم مبارک رنجہ فرمایا تو کہا آمین۔پھر دوسری سیڑھی پر جلوہ فگن ہوئے تو فرمایا آمین۔پھر تیسری سیڑھی کو قدوم میمنت سے نوازا تو فرمایا آمین۔حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے عرض کیا **فداک امی و ابی یا رسول اللہ** ان مقامات پر آمین فرمانے میں کیا حکمت ہے؟ فرمایا میرے پاس جبرائیل علیہ السلام تشریف لائے اور منبر شریف کے قریب کھڑے ہو کر تین دعائیں مانگیں تو میں نے ہر دعا پر آمین کہی (اس دعا میں تارکین درود شریف کو زجر، توبیخ اور تنبیہ وتہدید فرمائی گئی ہے)

پہلی دعا : جو رمضان المبارک کا مہینہ پالے اور روزے نہ رکھے، دوسری دعا: جو بوڑھے ماں باپ کی خدمت کر کے ان کو راضی نہ کرلے، تیسری دعا: جو میرا نام اقدس محمد ﷺ لے یا سنے اور درود شریف نہ پڑھے تو وہ ہلاک ہوا **(العیاذ باللہ)** رب کریم نے یہ دعائیں قبول فرمائیں۔دربارِ خداوندی میں کیا شانِ مصطفائی ہے جو نام اقدس لے یا سنے اور درود شریف نہ پڑھے تو اسکا ایمان پر خاتمہ خطرہ میں ہوگا۔سرکار مدینہ سرور سینہ ﷺ پر درود شریف پڑ جنتی ہونے کی نشانی ہے۔(رواہ حاکم)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

جمعرات اور جمعۃ المبارک کو درود پاک پڑھنے کی فضیلت

☆ حضرت انس ﷺ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ خسروِ کون ومکاں، خسروِ عرش آستاں، خسروِ عرش نشاں، خورشید شاہِ مرسلاں ﷺ نے فرمایا! ''جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو۔ جبرائیل ؑ ابھی ابھی رب تعالیٰ کا پیغام لائے ہیں کہ جو مسلمان سطح زمین پر ایک دفعہ آپ ﷺ پر درود بھیجے گا میں اور میرے فرشتے اس پر دس مرتبہ درود بھیجیں گے''۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ حضرت انس ؓ سے مروی ہے خانۂ بے خانماں، خلیلِ خوش نہاداں، خواہشِ یزداں، خیر خواہِ دشمناں ﷺ نے فرمایا! ''جو جمعہ کے دن مجھ پر ہزار مرتبہ درود پڑھے گا جنت میں اپنا ٹھکانہ دیکھ کر فوت ہوگا''۔ اور ایک اور روایت میں فرمایا! کہ ''مجھ پر جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات کثرت سے درود بھیجو جو ایسا کرے گا قیامت کے دن میں اس کا گواہ اور شفیع ہوں گا''۔ ایک اور روایت میں ہے کہ ''جو مجھ جمعہ کے دن سو بار درود درود پاک پڑھے گا اس کے سو سال کے گناہ معاف ہوں گے''۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ حضرت انس ؓ سے مروی ہے کہ خواجۂ کونین، خواجۂ بدر وحنین، دلوں کا چین ﷺ نے ارشاد فرمایا! ''جو ہر جمعہ کو مجھ پر چالیس مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس کے چالیس سال کے گناہ معاف فرمائے گا اور جس نے ایک مرتبہ مجھ پر درود بھیجا اور قبول ہو گیا تو اللہ تعالیٰ اس کے اسی سال کے گناہ معاف فرمائے گا۔ جس نے پوری سورہ اخلاص پڑھی اللہ تعالیٰ اس کے لیے جہنم کی بھڑکتی آگ پر ایک منارہ بنادے گا حتیٰ کہ وہ سلامتی سے گزر جائے گا''۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ حضرت علی ؓ سے مروی ہے فرمایا! ''جس نے جمعہ کے دن سو مرتبہ دافع جملہ بلا، دافع رنج وبلا، دائی حلیمہ کا پالا ﷺ پر درود پڑھا وہ قیامت کے دن اپنے ساتھ ایک ایسا نور لے کر آئے گا کہ اگر اسے تمام مخلوق پر تقسیم کیا جائے تو کافی ہوگا''۔ (القول البدیع)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ دانائے رموزِ حقیقت، درِ یتیمِ سلکِ نبوت، دستِ جانِ سخاوت ﷺ نے فرمایا! کہ ''مجھ پر جمعہ کے دن کثرت سے درود شریف پڑھا کرو کیونکہ تمہارا درود شریف مجھ پر پیش کیا جاتا ہے اور میں تمہارے لیے استغفار و دعا کرتا ہوں''۔ (جامع صغیر)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

☆ درویش باوقار، دو عالم کے تاجدار، دو جگ کے سردار، کونین کے مختار، دو جہاں کے شہریار ﷺ نے فرمایا! کہ ''تم جب جمعہ

کے دن مجھ پر درود شریف بھیجتے ہو تو ہر فرشتہ تم پر درود شریف بھیجتا ہے۔ یہ دن یوم شہود (فرشتوں کے حاضر ہونے کا دن) ہے اس دن درود پڑھنے والا کبھی محتاج نہیں ہوتا اور قیامت کے دن حضور ﷺ اس کے ایمان کی گواہی دیں گے"۔ (جامع صغیر)

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

☆ دہر کے ہمدم، دافعِ رنج والم، دین اور دنیا کا سنگم، داعی و معلم ﷺ نے فرمایا! کہ جو شخص جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات کو مجھ پر ایک سو بار درود پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسکی سو حاجات پوری کرے گا اور ستر آخرت کی ضروریات کو پوری کر دے گا۔ اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ مقرر کرے گا جو اس شخص کا تحفہ درود پاک مجھ تک پہنچائے۔ یہ تحفہ اسی طرح پیش کیا جائے گا جس طرح تمھارے احباب تمہیں طشتریوں میں رکھ کر تحائف پیش کرتے ہیں۔ یہ تحفہ صحیفۂ بیضا میں لپٹا ہوگا اور اس پر درود پاک پڑھنے والے کا نام فلاں بن فلاں مرقوم ہوگا۔ یہ صحیفہ قیامت تک میرے پاس رہے گا"۔ حضرت زید بن رفیع ﷺ نے دلبرِ دلبراں، دستگیرِ بے کساں، دو عالم کے روحِ رواں ﷺ سے روایت کی ہے کہ "جو شخص جمعہ کے روز مجھ پر ایک سو بار درود پاک بھیجے گا، اللہ اس کے سمندروں کی جھاگ کی مقدار میں گناہ معاف فرمائے گا"۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

☆ حضرت ابو درداؓ سے مروی ہے کہ دردمندِ بے کساں، دوائے غمِ عصیاں، دواسازِ غریباں، دولتِ عرفان ﷺ نے فرمایا! کہ "جمعہ کے دن کثرت سے مجھ پر درود پڑھا کرو کیونکہ اس دن کثرت سے ملائکہ حاضر ہوتے ہیں اور جب بھی کوئی شخص مجھ پر درود پڑھتا ہے تو اسکے فارغ ہوتے ہی وہ درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔ میں نے عرض کی کیا وفات کے بعد بھی؟ مختارِ کل، ختم الرسل ﷺ نے فرمایا! وفات کے بعد بھی۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے زمین پر انبیاء کے جسموں کا کھانا حرام کر دیا ہے۔ اللہ کا نبی زندہ ہوتا ہے اسے رزق دیا جاتا ہے"۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

☆ رسولِ امن وعطا، روحِ ارض وسما، راسِ عدل وقضا، رونقِ صحنِ حسنِ وفا ﷺ نے فرمایا! کہ "جمعۃ المبارک کے روز جب غلام درود شریف پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ محب اور محبوب کریم ﷺ کے درمیان تمام حجاب اٹھا دیتا ہے" (تحفۃ الصلوٰۃ)

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

ہر درد کی دوا ہے صلِّ علیٰ محمد ﷺ

☆ جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم میں روح ڈالی اور انہوں نے آنکھ کھولی تو سب سے پہلے عرش الٰہی پر لکھا دیکھا لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ آپ ؑ نے پوچھا! اے اللہ یہ کون ہے، جس کا نام آپ کے مبارک نام کے ساتھ لکھا ہوا ہے؟ اللہ نے فرمایا! یہ میرا محبوب ﷺ ہے، جو تیری اولاد میں ہوگا اور میرے نزدیک یہ تجھ سے بھی زیادہ مکرم و معظم ہے۔ اے آدم اگر میرا یہ محبوب ﷺ نہ ہوتا تو نہ میں آسمان پیدا کرتا نہ زمین نہ جنت اور نہ دوزخ۔ پھر جب اللہ تعالیٰ نے حضرت حوا کو پیدا فرمایا اور آدم ؑ نے انہیں دیکھا تو پوچھا یہ کون ہے؟ اللہ نے فرمایا! یہ حوا ہیں۔ آدم ؑ نے ان سے نکاح کی خواہش ظاہر کی کیونکہ اللہ نے ان میں شہوت پیدا فرما دی تھی۔ اللہ نے فرمایا! نکاح سے پہلے تمہیں ان کا مہر ادا کرنا ہوگا جو میرے محبوب ﷺ پر دس مرتبہ درود پڑھنا ہے آدم ؑ نے مہر ادا کیا اور آپ ؑ کا نکاح انسانوں کی ماں حضرت حوا سے ہو گیا۔ (سعادۃ الدارین)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ حضرت عبداللہ بن عمر ؓ سے مروی ہے کہ سرورِ کونین ﷺ نے ارشاد فرمایا! آدم علیہ السلام عرش کے وسیع میدان میں ٹھہرے ہوئے ہوں گے۔ آپ ﷺ پر دو سبز کپڑے ہوں گے۔ گویا ایک طویل کھجور کی مانند اپنی اولاد میں سے ہر اس شخص کو دیکھ رہے ہوں گے جو جنت میں جا رہا ہوگا اور اپنی اولاد میں سے اسے بھی دیکھ رہے ہوں گے جو دوزخ میں جا رہا ہوگا۔ اسی اثناء میں آدم ؑ دردمند بیکساں، دوائے غم عصیاں، دولت عرفاں ﷺ کے ایک امتی کو دوزخ میں جاتا ہوا دیکھ لیں گے۔ آدم ؑ پکاریں گے یا احمد! احمد! حضور ﷺ فرمائیں گے، لبیک اے ابوالبشر۔ آدم ؑ کہیں گے! آپ ﷺ کا یہ امتی دوزخ میں جا رہا ہے۔ پس میں بڑی چستی کے ساتھ تیز تیز فرشتوں کے پیچھے چلوں گا اور کہوں گا اے میرے رب کے فرشتو! ٹھہرو۔ وہ کہیں گے! ہم وہی کرتے ہیں جس کا ہمیں حکم ملا ہے۔ فرشتوں کی بات سے میں مایوس ہو جاؤں گا تو اپنی داڑھی کو بائیں ہاتھ سے پکڑ کر، عرش کی طرف ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے کہوں گا! اے میرے پروردگار کیا تو نے مجھ سے وعدہ نہیں فرمایا تھا کہ تو مجھے میری امت کے بارے میں رسوا نہیں کرے گا۔ عرش سے ندا آئے گی، اے فرشتو! دانائے علم اولین، دعائے قلبِ غمگین، آقائے روح امین، دولتِ دنیا و دین ﷺ کی اطاعت کرو۔ فرشتے اس شخص کا حساب کرنے کے لئے دوبارہ میزان پر لائیں گے۔ پھر میں اپنی گود سے سفید کاغذ انگلی کے پورے کی مانند نکالوں گا اور اسے نیکیوں کے پلڑے میں ڈال دوں گا اور کہوں گا ''بسم اللہ''۔ پس وہ نیکیوں والا پلڑا برائیوں والے پلڑے پر بھاری ہو جائے گا۔ آواز آئے گی بدبخت خوش بخت ہو گیا، اس کا نیکیوں والا پلڑا بھاری ہو گیا، اسے جنت میں لے جاؤ۔ وہ بندہ کہے گا! اے میرے پروردگار کے فرشتو ٹھہرو۔ میں

اس بندہ سے بات تو کرلوں، جو اپنے رب کے حضور بڑے مقام والا ہے۔ پھر وہ تاجدار کائنات ﷺ کی طرف متوجہ ہوگا اور عرض کرے گا! میرے ماں باپ آپ ﷺ پر فدا ہوں۔ آپ ﷺ کا چہرہ انور کتنا حسین ہے۔ آپ ﷺ نے میری لغزشوں کو معاف فرمادیا اور میرے آنسوؤں پر رحم فرمایا۔ آپ ﷺ کون ہیں؟ ذخیرۂ جواہر تفسیر، ذاتِ احد کا مظہر ﷺ فرمائیں گے! میں تیرا نبی محمد ﷺ ہوں اور یہ تیرا وہ درود ہے جو تو مجھ پر بھیجتا تھا۔ اس نے تجھ کو پورا نفع پہنچایا جتنا کہ تجھے اس کی ضرورت تھی۔ (القول البدیع)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِالْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ اللہ تعالی نے موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ میں نے تجھے دس ہزار کان عطا فرمائے یہاں تک کہ تو نے میرے کلام کو سنا اور دس ہزار زبانیں عطا فرمائیں جن سے تو نے میرے ساتھ کلام کیا۔ تو میرا محبوب اور مجھ سے نزدیک تب ہوگا جب تو میرا ذکر کیا کرے گا اور رسول امن وعطاء، روح ارض وسماء، رأس عدل وقضاء، رونق صحن حسن وفا ﷺ پر درود بھیجے گا۔ مقاصد السالکین کی ایک روایت ہے کہ اللہ تعالی نے اپنے نبی حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی اور فرمایا اے موسیٰ علیہ السلام! اگر دنیا میں میری حمد کرنے والے نہ ہوتے تو میں بارش کا ایک قطرہ بھی آسمان سے نازل نہ کرتا اور نہ ہی زمین سے کوئی دانہ پیدا کرتا اور بہت سی چیزوں کا ذکر فرمایا پھر ارشاد ہوا، اے موسیٰ علیہ السلام! کیا آپ علیہ السلام چاہتے ہیں کہ آپ علیہ السلام کو میرا قرب حاصل ہو، جیسے آپ علیہ السلام کے کلام کو آپ علیہ السلام کی زبان کے ساتھ، جیسے خطرات قلب کو دل کے ساتھ، جیسے آپ علیہ السلام کی روح کو آپ علیہ السلام کے جسم کے ساتھ اور جیسے آپ علیہ السلام کی نظر کو آپ علیہ السلام کی آنکھوں کے ساتھ؟ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی! ہاں یا اللہ میں تجھ سے ایسا ہی قرب چاہتا ہوں۔ پس اللہ تعالی نے فرمایا! تو تم میرے حبیب ﷺ پر کثرت سے درود شریف پڑھا کرو۔ اللہ تعالی نے سیّدنا موسیٰ سے فرمایا! اگر آپ ﷺ قیامت کے دن پیاس کی سختی سے محفوظ رہنا چاہتے ہیں تو میرے محبوب سید الانبیاء ﷺ پر بکثرت درود پاک پڑھا کریں۔ (القول البدیع)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِالْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا! کہ حضور ﷺ پر درود شریف پڑ گناہوں کو ایسا صاف کر دیتا ہے جیسے پانی آگ کو بجھا دیتا ہے۔ اور آپ ﷺ پر سلام بھیجنا اللہ کی رضا کے لئے غلام آزاد کرنے سے افضل ہے اور آپ ﷺ سے محبت کرنا اللہ کی راہ میں تلوار چلانے اور جانیں قربان کرنے سے افضل ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِالْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ اُم المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں! مجلسوں کی زینت حضور پاک ﷺ پر درود پاک پڑ

ہے۔لہٰذا اپنی مجلسوں کو درود پاک سے مزین کیا کرو۔سیدنا حزیفہ ؓ فرماتے ہیں! درود پڑ   درود پڑھنے والے کو اس کی اولاد کو اور اولاد کی اولاد کو رنگ دیتا ہے۔سیدنا ابن نعمان ؓ نے فرمایا! اہل علم کا اس پر اتفاق ہے کہ حضور ﷺ پر درود پاک پڑ   تمام اوراد و وظائف سے افضل ہے اور دنیا و آخرت میں کامیابی و کامرانی کا یقینی ذریعہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ حضرت عارف صاوی ؓ کا ارشاد ہے کہ! درود شریف کے ذریعہ بغیر مرشد کے قرب الٰہی نصیب ہو جاتا ہے۔کیونکہ دیگر اوراد و وظائف میں شیطان مداخلت کر لیتا ہے لیکن درود شریف میں خود حضور ﷺ مرشد ہیں۔لہٰذا شیطان کی مداخلت کا امکان نہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ علامہ اقلیشی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں! وہ کونسا وسیلہءِ شفاعت ہے اور کون سا عمل ہے جو زیادہ نفع دینے والا ہو؟ اس ذات والا صفات پر درود پڑھنے سے جس ذات بابرکات پر اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں۔یقیناً اس ہستی گرامی پر درود پڑ   نور اعظم ہے اور یہ وہ تجارت ہے جس میں خسارہ و نقصان نہیں۔صبح شام درود و سلام پڑ   اولیاٗ کرام کی عادت ہے۔اے میرے عزیز! تو درود پاک کو مضبوط پکڑ لے۔اس کی خیر و برکت سے تیرا عیب پاک ہوگا۔تیرے اعمال پاکیزہ ہوں گے اور تو انتہائی امیدوں کو حاصل کر لے گا اور قیامت کے خوف اور ہولناکی سے امن میں رہے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

حضرت علامہ عراقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں! اے میرے عزیز! تو اس ذات پاک ﷺ پر درود کی کثرت کر جو سیّد السادات ہیں۔جو سعادتوں کی کان ہیں کیونکہ ان پر درود پڑ   خوشیوں کو حاصل کرنے کا ذریعہ ہے اور نفیس ترین رحمتوں کو حاصل کرنے اور ہر نقصان پہنچانے والی چیز سے بچنے کا ذریعہ ہے اور تیرے لئے ہر درود پاک کے بدلے زمین و آسمان کے مالک کی طرف سے دس رحمتوں کا نزول، دس گناہوں کا مٹانا اور دس درجوں کو بلند کرنے کا انعام ہے اور ساتھ ہی تیرے لئے فرشتوں کی رحمت و بخشش کی دعائیں شامل ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ عارف باللہ سیدنا امام شعرانی ؓ کا ارشادِ گرامی ہے! کہ حضور ﷺ نے ہم سے عہد لیا ہے کہ ہم درود شریف بکثرت پڑھیں اور یہ کہ ہم مسلمان بھائی بہنوں کو درود پڑھنے کا اجر و ثواب بتائیں اور ہم سید دو عالم، نورِ مجسم ﷺ کی

محبت وعظمت کے اظہار کے لئے درود پڑھنے کے لئے انہیں رغبت دلائیں اور اگر مسلمان روزانہ صبح وشام ہزار سے دس ہزار درود پاک پڑھنے کا ورد بنالے تو یہ سارے اعمال سے افضل ہوگا اور درود پاک پڑھنے والے کو چاہیئے کہ وہ باوضو ہوکر حضور قلب کے ساتھ درود پاک پڑھے۔ کیونکہ یہ بھی نماز ہی کی طرح مناجات ہے، اگرچہ اس میں وضو شرط نہیں ہے۔ نیز فرمایا! کہ درود پاک حضور ﷺ کے دربار میں قرب حاصل کرنے کا ذریعہ ہے اور حضور ﷺ جیسا کائنات میں کوئی نہیں جسے اللہ تعالی نے صاحب حل وعقد اور صاحب بسط وکشاد بنایا ہو، لہٰذا جو شخص اس آقا ﷺ کی اتباع وپروی کرے اور محبت سے ان پر درود پڑھے تو اس کے لئے بڑے بڑوں کی گردنیں جھک جاتی ہیں اور سب مسلمان اس کی عزت کرتے ہیں۔ پھر بتایا کہ شیخ نورا   ین شوفی رحمۃ اللہ علیہ روزانہ دس ہزار مرتبہ درود پاک پڑھا کرتے تھے۔ اور شیخ احمد زواوی رحمۃ اللہ علیہ روزانہ چالیس ہزار مرتبہ درود شریف پڑھا کرتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ سیدنا ابوالعباس تجانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں! کہ جب نبی کریم ﷺ پر درود پڑ   ہر خیر کی، غیوب ومعارف کی اور انوار واسرار حاصل کرنے کی چابی ہے تو جس شخص نے درود چھوڑ دیا وہ چھوٹ گیا، کٹ گیا، دھتکارہ گیا۔ اس کا اللہ کے قرب سے کچھ حصہ نہیں۔ آپ نے کسی مرید کو خط لکھا اور فرمایا کہ! اللہ کے ذکر میں سے وہ ذکر جس کا فائدہ بہت بڑا ہے اور جس کا پھل بہت میٹھا ہے، جس کا انجام نہایت ہی شاندار ہے، وہ اللہ کے حبیب ﷺ کے دربارِ عالی میں درود کا تحفہ پیش کرنا ہے۔ کیونکہ درود ہی دنیا وآخرت میں بھلائی کا ذریعہ ہے۔ جس نے یہ نسخہ استعمال کرلیا وہ اللہ کے بڑے بڑے دوستوں میں سے ہوگا۔ علامہ قسطلانی شارح بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ! صفائے سینۂ نَیّرِ اعظم، خیر مثلِ فضلِ مجسم، دستگیرِ درماندگانِ امم ﷺ کا سب سے اعلیٰ واولیٰ، افضل واکمل، اظہر وانور ذکرِ پاک آپ ﷺ پر درود پاک پڑ   ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ ایک مرتبہ چند کافر ایک جگہ جمع تھے۔ ایک سائل آیا اور اس نے ان سے سوال کیا۔ کافروں نے اس کا مذاق اڑایا اور کہا! دیکھو سامنے حضرت علی رضی اللہ عنہ کھڑے ہیں۔ ان کے پاس جاؤ تم مسلمان ہو، وہی تمھاری ضرورت پوری کریں گے۔ سائل حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنا سوال بیان کیا۔ آپ رضی اللہ عنہ کے پاس اسے دینے کو کچھ نہ تھا۔ آپ نے دس مرتبہ دود شریف پڑھا اور سائل کی ہتھیلی پر پھونک کر اسے بند کردیا۔ اور کہا! جاؤ۔ کافروں کے سامنے اپنی مٹھی کھولنا۔ سائل واپس ان کے پاس گیا تو پھر انہوں نے تمسخر کیا اور پوچھا کیا ملا؟ سائل نے اپنی مٹھی کھولی تو سونے کے دیناروں

سے بھری ہوئی تھی پس کچھ کافروں نے اسے جادو کہہ کر مذاق اڑایا اور اکثر مشرف با اسلام ہو گئے ۔ (آپ کی)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَوَلَدِهِ الشَّيْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِيْلَانِيْ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

☆ حضرت شاہ عبدالرحیم وا شاہ ولی اللہ محمدث دہلوی کا فرمان ہے! ہم نے جو کچھ بھی پایا خواہ وہ دنیاوی انعامات ہوں یا اخروی، سب کا سب درود پاک کی برکت سے ہی پایا۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ! درود شریف کے فضائل میں سے یہ ہے کہ اس کا ورد کرنے والا دنیا کی رسوائی سے محفوظ رہتا ہے اور اس کی عزت آبرو میں کوئی کمی واقع نہیں ہوسکتی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَوَلَدِهِ الشَّيْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِيْلَانِيْ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

☆ شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تصنیف اخبار الاخیار کے اختتام پر دعا کرتے ہوئے دربارِ الٰہی میں عرض کرتے ہیں! کہ یا اللہ میرے پاس کوئی ایسا عمل نہیں جو تیری بارگاہ کے شایانِ شان ہو۔ میرے سارے عمل کوتاہیوں اور فسادِ نیت سے ملوث ہیں۔ سوا ایک عمل کے اور وہ ہے تیرے حبیب ﷺ کی بارگاہ میں نہایت انکساری عاجزی اور محتاجی کے ساتھ درود و سلام کا تحفہ پیش کرنا۔ اے میرے رب اس درود پاک سے زیادہ خیر و برکت اور رحمت کے نزول کا اور کیا ذریعہ ہوسکتا ہے، اے میرے پروردگار مجھے یقین کامل ہے کہ یہ عمل تیرے دربار میں قبول ہوگا اس عمل کے رد ہوجانے یا رائیگاں جانے کا ہرگز ہرگز کوئی امکان نہیں کیونکہ کہ جو اس دروازے سے آئے اسے رد ہوجانے کا کوئی خوف نہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَوَلَدِهِ الشَّيْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِيْلَانِيْ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

☆ حضرت توکل شاہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں بندہ جب عبادت اور اللہ کی یاد میں مشغول ہوتا ہے تو اس پر فتنے اور آزمائشیں بکثرت وارد ہوتی ہیں اور درود شریف کا بڑا ہی عمدہ خاصہ یہ ہے کہ اس کے ورد کرنے والے پر کوئی فتنہ اور ابتلا نہیں آتا اور حفاظت الٰہی شامل ہوجاتی ہے نیز آپ نے فرمایا کہ ہم نے دیکھا ہے کہ بلیات جب اترتی ہیں تو گھروں کا رخ کرتی ہیں مگر جب درود شریف پڑھنے والے کے گھر کی طرف آتی ہیں تو وہ فرشتے انہیں روک دیتے ہیں جو درود پاک لکھنے کے لیے یہاں موجود ہوتے ہیں وہ اس گھر میں بلاؤں کو داخل نہیں ہونے دیتے بلکہ انہیں پڑوس کے گھروں سے بھی دور دھکیل دیتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَوَلَدِهِ الشَّيْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِيْلَانِيْ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

☆ سیدنا عبدالعزیز دباغ سے سوال کیا گیا کہ دین و دنیا کا سنگم، رسولِ ذی حشم، صدر و بدر ہر دو عالم ﷺ کے

ارشاد کے مطابق جنت صرف درود شریف سے ہی کیوں وسیع ہوتی ہے آپ نے فرمایا کہ جنت نور مصطفیٰ ﷺ سے پیدا کی گئی ہے لہٰذا انہی کے ذکر پاک سے وسیع ہوتی ہے۔ (الابریز)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ بِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِالْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ ایک مولانا نے اپنے ایک معتقد کو دن رات درود پاک پڑھنے کی ہدایت کی اور درود شریف کے کچھ فوائد بھی اسے بتا دیے اس شخص نے بڑے شوق و ذوق سے مولانا صاحب کی ہدایت پر عمل شروع کر دیا اور اس قدر محو ہو گیا کہ دوسری ذمہ داریاں چھوٹتی چلی گئیں۔اس کی بیوی دین سے کوئی خاص تعلق نہ رکھتی تھی۔جب اس نے اپنے شوہر کی محویت کا یہ عالم دیکھا تو بہت بیخ پا ہونے لگی۔ایک دن بولی! یہ تم ہر وقت صل علیٰ محمد ﷺ کی رٹ لگائے رہتے ہو اس سے کچھ نہیں ہو گا (نعوذ باللہ)۔مرد بنو، گھر سے نکلو، محنت مزدوری کر کے کچھ کما کر لاؤ ورنہ اب فاقوں کی نوبت آنے والی ہے۔مگر اس مردِ صالح پر بیوی کی ان باتوں کا کوئی اثر نہ ہوا۔اتفاق سے یہ کسی کا قرض دار بھی تھا۔اس نے اپنے پیسوں کا مطالبہ کیا۔یہ ادا نہ کر سکا اور نوبت یہاں تک آ گئی کہ قرض خواہ نے عدالت میں دعویٰ دائر کر دیا۔اب بیوی کو مزید موقع مل گیا اور اس نے مزید بے ہودہ گوئی شروع کر دی۔وہ اللہ کا بندہ ایک رات سحری کے وقت اٹھا اور اللہ کے دربار میں خوب رویا اور گڑ گڑایا۔عرض کرنے لگا! مولا میں تو تیرے حبیب ﷺ کو یاد کرتا ہوں۔کیا تو نے اپنے محبوب ﷺ کے غلاموں کو بھلا دیا ہے؟ جو میں دن بدن مصیبتوں میں پھنستا ہی چلا جا رہا ہوں۔دعا کرتے کرتے مصلّی پر ہی سو گیا۔بس مقدر جاگ گیا۔خواب میں آقا ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا۔آپ ﷺ نے فرمایا! میرے پیارے غلام کیوں پریشان ہوتا ہے، کیوں گھبراتا ہے میں خود تیری مدد کروں گا۔عرض کرنے لگا! لیکن آپ ﷺ کون ہیں؟ ارشاد ہوا میں وہ ہی آقا ﷺ ہوں جسے تم ہر لمحے یاد کرتے رہتے ہو اور اس پر درود پاک پڑھتے رہتے ہو۔یہ سن کر اس کی خوشی کی انتہا نہ رہی اب وہ مطمئن و پرسکون تھا۔سرکار ﷺ نے فرمایا! صبح تم اپنے وزیرِ اعظم کے پاس جاؤ اور اسے بطور نشانی خوش خبری سناؤ کہ اس کا درود شریف ہمارے دربار میں مقبول ہے۔یہ خستہ حال اپنے بوسیدہ لباس میں جب وزیرِ اعظم کی قیام گاہ پر پہنچا تو دربانوں نے اس کا مذاق اُڑایا اور ڈرا دھمکا کر بھگا دیا۔ اچانک ایک دربان کے دل میں نجانے کیا خیال آیا کہ اس نے اسے بلایا اور کہا! ٹھہرو میں وزیرِ اعظم کو خبر کرتا ہوں۔ اگر اجازت مل گئی تو ملاقات ہو جائے گی۔دربان نے وزیرِ اعظم کو اس شخص کا حال بتایا اور کہا کہ! اگر اجازت ہو تو حاضری کا شرف بخشا جائے۔وزیرِ اعظم نے اجازت دی اور یہ صاحب دربار میں حاضر ہو گئے۔اس نے اپنا حال بیان کیا اور حضور ﷺ کے دربار میں وزیرِ اعظم کا درود پاک قبول ہونے کی خوشخبری سنائی۔وزیر

اعظم بے حد خوش ہوااوراس کی تمام ضروریات پوری کیں اور ہمیشہ کے لئے اس کا کچھ وظیفہ بھی مقرر کر دیا۔اس نے واپس آ کر سارا ماجرہ اپنی بیوی کو بتایا۔ بیوی نے اپنی گزشتہ بے ہودہ گوئی پر اظہارِ ندامت کیا اور توبہ کی اب دونوں کا ورد ہو گیا "صلوٰۃ و سلاماً علیک یا محمد" جب مقدمے کی تاریخ پر پیشی ہوئی،اس نے حاضر ہو کر قرض خواہ کی رقم جمع کروائی۔ لیکن اس نے الزام لگایا کہ یہ یقیناً کہیں سے رقم چوری کر کے لایا ہے۔اب اس سے پوچھ گچھ شروع ہو گئی۔اس نے کہا تم اپنے وزیرِ اعظم سے معلوم کر لو کہ یہ رقم میرے پاس کہاں سے آئی ہے۔لہٰذا وزیرِ اعظم کو خط لکھا گیا۔وزیرِ اعظم نے جج کو جوب دیتے ہوئے تنبیہ کی کہ اس شخص کے ساتھ کوئی زیادتی یا اس کی بے ادبی نہیں ہونی چاہیے۔ورنہ تمہاری ملازمت ختم ہو جائے گی۔اگلی پیشی پر جب یہ مردِ صالح پہنچا تو منظر کچھ اور ہی تھا۔جج صاحب تعظیماً اس کے لئے کھڑے ہو گئے اور اس کو اپنی کرسی دی۔جمع شدہ رقم واپس کی اور اپنے پاس سے اس کا قرضہ ادا کیا۔ جب قرض خواہ نے یہ حال دیکھا تو اپنا قرضہ معاف کرنے کا اعلان کیا۔ جس نے صل علیٰ کو وردِ جاں بنالیا اس کی دونوں جہان کی حاجتیں پوری ہو جاتی ہیں۔(سعادت دارین)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہٖ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ حضرت سید محمد اسماعیل شاہ کرمانوالی سرکار رحمۃ اللہ علیہ درودِ پاک کو اسم اعظم قرار دیتے تھے۔یعنی جیسے اسم اعظم سے سارے کے سارے کام ہو جاتے ہیں یونہی درود پاک سے بھی سارے کے سارے کام،خواہ وہ دنیاوی ہوں یا اخروی،پورے ہو جاتے ہیں۔تو ان کا بن کر تو دیکھ اور اگر تو ان سے بیگانہ رہے اور کہتا پھرے کہ میرا فلاں کام نہیں ہوا اور فلاں نہیں ہوا تو قصور تیرا اپنا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہٖ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ الفاکہانی نے بعض فقراء کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ میں نے رونقِ عبا،رسولِ مجتبیٰ،رہبرِ موسیٰ،راہ نوردِ جادۂ اسریٰ ﷺ کو خواب میں دیکھا۔میں نے عرض کیا! یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، آپ ﷺ کا فرمان ہے! کہ دو بندے جو اللہ کی رضا کے لیے باہم محبت کریں،جب ملیں ایک دوسرے سے مصافحہ کریں،تو جدا ہونے سے پہلے ان کے اگلے پچھلے گناہ بخش دیے جاتے ہیں اور وہ دعا جس کے آگے پیچھے مجھ پر درود پڑھا جائے رد نہیں ہوتی۔فرمایا! ہاں۔یہ خواب حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث شریف کو نقل کرنے کے بعد ذکر کیا ہے،جس میں روحِ نبوت،روحِ شرافت،روحِ امامت،روحِ صداقت ﷺ ارشاد فرماتے ہیں۔"جو بھی دو بندے محض اللہ کی رضا کے لئے آپس میں محبت کریں"اور ایک روایت میں اس طرح ہے کہ

''جو دو مسلمان ایک دوسرے کے آمنے سامنے آجائیں۔ ایک دوسرے سے مصافحہ کریں اور حضور ﷺ پر درود بھیجیں۔ وہ ایک دوسرے سے جدا نہیں ہونے پاتے کہ ان کے اگلے پچھلے سارے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔(سعادت الدارین)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ ایک شخص روحِ دیانت، روحِ قیادت، روحِ محبت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ایک شخص کے خلاف یہ دعویٰ دائر کیا کہ اس نے میرا اونٹ چوری کیا ہے۔ اس پر اس نے دو گواہ بھی پیش کر دیئے۔ اب رسولِ کائنات، رحمتِ کائنات، روحِ بزمِ کائنات، رونقِ بزمِ کائنات ﷺ نے اس ملزم کا ہاتھ کاٹنے کا ارادہ کیا۔ مدعٰی علیہ نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ ﷺ اونٹ کو بلا کر پوچھیں کہ اسے کس نے چرایا ہے؟ مجھے اللہ تعالیٰ سے امید ہے کہ اونٹ میری برأت کی بات کرے گا۔ پس رونقِ خلائق، روحِ خلائق، رشکِ ملائک ﷺ نے اونٹ کو منگوایا اور فرمایا! اے اونٹ! میں کون ہوں؟ اونٹ نے فصیح زبان سے عرض کیا، آپ ﷺ اللہ کے برحق رسول ﷺ ہیں۔ یارسول اللہ ﷺ ملزم کے ہاتھ نہ کاٹیں، کیونکہ مدعٰی اور گواہ سب منافق ہیں اور گواہوں نے اس شخص کے ہاتھ کٹوانے کے لئے دشمنی کی بناء پر باہم اتفاق کرلیا ہے اور یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ دراصل آپ ﷺ سے عداوت ہے۔ رسول پاک ﷺ نے اس شخص سے پوچھا! اللہ تعالیٰ نے کس عمل کی بناء پر تجھے ہاتھ کٹنے سے بچایا۔ عرض کیا! یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے پاس کوئی بڑی نیکی نہیں، بجز اس کے کہ اٹھتے بیٹھتے آپ ﷺ پر درود شریف بھیجتا رہتا ہوں۔ فرمایا! اس پر ہمیشہ کاربند رہنا، اللہ تعالیٰ نے اس کے طفیل جس طرح دنیا میں تمہیں ہاتھ کٹنے سے بچایا ہے، اسی طرح دوزخ کی آگ سے بھی بچائے گا۔(سعادت دارین)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ ایک غریب شخص تھا۔ جس پر پانچ سو درہم کا قرضہ تھا۔ اسے ایک رات صاحبِ لوح و قلم، رونقِ وجود و عدم، سحابِ کرم ﷺ کی خواب میں زیارت ہوئی۔ اس نے سرکار ﷺ کی خدمت میں اپنی پریشانی عرض کی۔ سرکار ﷺ نے ارشاد فرمایا! تم ابوالحسن کیسائی کے پاس جاؤ اور میری طرف سے اسے کہو کہ ''وہ تمہیں پانچ سو درہم دے۔ وہ نیشاپور میں سخی مرد ہے۔ ہر سال دس ہزار غریبوں کو کپڑے دیتا ہے۔ وہ اگر تم سے کوئی نشانی طلب کرے تو کہہ دینا تم ہر روز دربار رسالت ﷺ میں سو بار درود پاک کا تحفہ پیش کرتے ہو، مگر کل تم نے درود پاک نہیں پڑھا''۔ وہ شخص بیدار ہوا اور ابوالحسن کیسائی کے پاس پہنچ گیا اور اپنا حالِ زار بیان کیا اور ساتھ ہی سرکار ﷺ کا پیغام بھی سنایا۔ ابوالحسن نے سنتے ہی تخت سے اتر کر دربارِ الٰہی عزوجل میں سجدہ شکر ادا کیا۔ پھر کہا، اے بھائی! یہ میرے اور اللہ عزوجل کے درمیان ایک راز تھا، دوسرا کوئی اس راز سے واقف نہ تھا۔

واقعی کل میں درود پاک پڑھنے سے محروم رہا تھا۔ پھر ابوالحسن کیسائی نے اپنے غلام کو حکم دیا کہ اس کو پانچ سو کی بجائے دو ہزار پانچ سو درہم دے دو۔ پھر کہا، اے بھائی! پانچ سو درہم سرکار ﷺ کے حکم کی تعمیل میں پیش کر رہا ہوں۔ ایک ہزار درہم مدنی آقا ﷺ کی طرف سے پیغام اور بشارت لانے کا شکرانہ ہے اور ایک ہزار درہم آپ کے یہاں تشریف لانے کے ہیں اور مزید کہا کہ آپ کو آئندہ جب بھی کوئی ضرورت پیش ہو تو میرے پاس ضرور تشریف لایا کریں۔ (سعادت دارین)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَوَلَدِهِ الشَّيْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِيْلَانِيْ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

☆ حضرت شیخ ابوالحسن بن حارث رحمۃ اللہ علیہ جو کہ پابند شریعت اور متبع سنت اور درود شریف کی کثرت کرنے والے بزرگ تھے۔ فرماتے ہیں! مجھ پر گردش کے دن آگئے۔ فقر و تنگدستی یہاں تک بڑھی کہ فاقہ کی نوبت آگئی۔ اسی فاقہ مستی میں عید آگئی۔ میں بے حد پریشان تھا کہ صبح عید کا دن ہے، بچوں کیلئے نہ کوئی کپڑے ہیں اور نہ ہی کھانے پینے کی چیزیں۔ ابھی رات کی چند گھڑیاں گزری ہوں گی کہ کسی نے دروازے پر دستک دی۔ جب میں نے دروازہ کھولا تو دیکھا ہاتھوں میں قندیلیں اٹھائے کچھ لوگ دروازہ پر کھڑے ہیں۔ میں بے حد پریشان تھا کہ نہ جانے اس وقت یہ لوگ کیوں کھڑے ہیں کہ اس میں سے ایک خوش پوش شخص جو اس علاقے کا رئیس تھا۔ آگے بڑھا اور اس نے بتایا الحمد اللہ ابھی ابھی میں سو رہا تھا کہ میری قسمت کا ستارہ چمک اٹھا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ سراپا لطف و کرم، صاحب خیر و مقسم، راز دار سیف و قلم، حبیب مکرم ﷺ غریب خانہ پر تشریف لائے ہیں اور مجھ سے فرما رہے ہیں!''ابوالحسن اور اس کے بچے بڑی تنگدستی اور فقر و فاقہ کے دن گزار رہے ہیں۔ تجھے اللہ عزوجل نے بہت کچھ دے رکھا ہے، جا اور جا کر ان کی خدمت کر۔ اس کے بچوں کیلئے کپڑے بھی ساتھ لیتا جا اور کچھ رقم بھی دے آ، تا کہ وہ اچھے طریقے سے عید کر سکیں اور خوش ہو جائیں''۔ یہ کچھ سامان عید قبول فرمائیں اور میں درزی کو بھی ساتھ لیتا آیا ہوں۔ آپ بچوں کو بلائیں تا کہ ان کے لباس کا ناپ لے کر ان کے کپڑے تیار کر دیئے جائیں۔ پھر اس رئیس نے درزیوں کو حکم دیا کہ پہلے بچوں کے کپڑے تیار کرو اور بعد میں بڑوں کے۔ لہٰذا صبح ہونے سے پہلے ہی سب کچھ تیار ہو گیا۔ اور صبح گھر والوں نے خوشی خوشی عید منائی۔ (آب کوثر)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَوَلَدِهِ الشَّيْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِيْلَانِيْ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

☆ حضرت علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت رشید عطار رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا! کہ حضرت ابو سعید خیاط رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ گوشہ نشین بزرگ تھے۔ لوگوں سے میل جول بالکل بند تھا۔ کچھ عرصے کے بعد حضرت ابوسعید خیاط رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو لوگوں نے خلاف معمول حضرت ابن رشیق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی مجلس میں کثرت سے آتے

جاتے دیکھا۔لوگوں کواس پر تعجب ہوااوران سے سبب دریافت کیا؟ توانھوں نے فرمایا! مجھے حلقہ نور وجمال،صاحب جلال وجمال، بدیع الجمال ﷺ کی خواب میں زیارت ہوئی،اور سرکار ﷺ نے مجھے حکم دیا کہ ''حضرت ابن رشیق رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ کی مجلس میں جایا کرو۔وہ اپنی مجلس میں مجھ پر کثرت سے درود شریف پڑھتا ہے''۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ صاحب ''تحفۃ الاخیار'' نے یہ حدیث پاک نقل کی ہے کہ! ''جو مجھ پر روزانہ پانچ سو بار درود شریف پڑھے گا وہ کبھی محتاج نہ ہوگا'' پھر اس حدیث شریف کو نقل کرنے کے بعد یہ واقعہ بیان فرمایا! ایک نیک آدمی تھا۔اس نے یہ حدیث سنی اور شوق کے ساتھ پانچ سو بار درود شریف کا روزانہ ورد شروع کردیا۔اس کی برکت سے اللہ تعالٰی نے اس کو غنی کردیا اور ایسی جگہ سے اسے رزق عطا فرمایا، کہ اسے پتا بھی نہ چل سکا،حالانکہ اس سے پہلے وہ مفلس اور حاجت مند تھا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ حضرت عارف بن عباد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں! کہ حضرت ابوالحسن شاذلی رضی اللہ عنہ نے فرمایا! کہ میں سفر میں تھا۔ایک رات ایسی جگہ پہنچا جہاں خوفناک درندے بکثرت تھے۔درندے میرے درپے آزار تھے۔میں ایک اونچے ٹیلے پر بیٹھ گیا اور کہا خدا کی قسم! میں رسول اللہ ﷺ پر درود شریف پڑھوں گا۔کیونکہ آپ ﷺ کا فرمان عالیشان ہے ''جو شخص مجھ پر ایک بار درود شریف بھیجتا ہے اللہ عزوجل اس پر دس بار رحمت بھیجتا ہے'' جب اللہ عزوجل مجھ پر رحمت بھیجے گا،تو میں رات اللہ عزوجل کی رحمت میں گزاروں گا۔فرمایا! کہ میں نے ایسا ہی کیا تو میں رات کو کسی سے نہ ڈرا۔ (سعادت دارین)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ حضرت شیخ محمد قادری رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی کتاب باقیات الصالحات میں تحریر فرمایا ہے کہ ''مجھ پر اللہ عزوجل کے جملہ احسانات میں سے ایک یہ ہے کہ میں مدینہ منورہ میں مقیم تھا۔ایک بار خواب میں سید الکونین ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوا۔سرکار ﷺ نے بڑا کرم فرمایا کہ ''مجھے گود میں اٹھالیا'' اور اتنا قریب کیا کہ میرا سینہ صاحبِ شق القمر، بیاضِ روئے سحر، صاحبِ حضور وسرور ﷺ کے سینہ انور سے،میرا منہ دہن مبارک سے اور میری پیشانی سرکار ﷺ کی نورانی پیشانی کے برابر ہوگئی۔سرکار ﷺ نے فرمایا! مجھ پر درود پاک کی کثرت کیا کرو میں تم سے بہت خوش ہوں۔'' یہ ارشاد سُن کر میں اشکبار ہو گیا، کہ سرکار مدینہ ﷺ کا مجھ پر اتنا لطف وکرم ہے۔میں نے دیکھا کہ میری اس حالت کو دیکھ کر والی بیکساں،سردارِ دوجہاں ﷺ کی چشمانِ کرم سے بھی آنسو جاری ہیں۔پھر میری آنکھ کھل گئی۔اس وقت میری آنکھیں اشکبار تھیں۔میں اٹھا اور مواجہ شریف

کے سامنے حاضر ہوگیا۔ روضہ مقدس کے اندر سے سرکارِ مدینہ ﷺ نے ایسی ایسی بشارتیں دیں کہ میں عوام کے سامنے بیان نہیں کر سکتا۔ میں نہایت خوش ہو کر سلام عرض کر کے واپس ہونے لگا، تو سرکارِ مدینہ ﷺ نے اپنی زبانِ حق ترجمان سے جوابِ سلام مرحمت فرمایا۔ اور یہ واقعہ بیداری کے عالم میں میرے ساتھ پیش آیا۔ جس سے مجھے حق الیقین حاصل ہوا، کہ سید المحبوبین ﷺ مزار پر انوار میں حیات ہیں اور مسلمانوں کے سلام کا جواب مرحمت فرماتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ صاحب تنبیہ الانام، حضرت عبدالجلیل مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے درود پاک کے فضائل پر جو کتاب لکھی ہے اس کے مقدمہ میں فرماتے ہیں! کہ میں نے اس کے بے شمار برکات دیکھے اور بار ہا سرکار ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ اسی ضمن میں فرماتے ہیں! کہ ایک بار خواب میں دیکھا کہ ماہِ مدینہ ﷺ میرے غریب خانہ پر تشریف لائے ہیں، چہرہ انور کی تابانی سے پورا گھر جگمگا رہا ہے۔ میں نے تین مرتبہ عرض کیا! "**الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ**" ۔ سرکار ﷺ ! میں آپ ﷺ کے جوار میں ہوں اور آپ ﷺ کی شفاعت کا امیدوار ہوں۔ نیز میں نے دیکھا کہ میرا ہمسایہ جو کہ فوت ہو چکا تھا، مجھ سے کہہ رہا ہے۔ "تو حضور ﷺ کے ان خدام میں سے ہے جو سرکار مدینہ ﷺ کی مدح سرائی کرنے والے ہیں" میں نے اس سے کہا! کہ تجھے کیسے معلوم ہوا؟ اس پر اس نے کہا! "ہاں اللہ عزوجل کی قسم! تیرا ذکر تو آسمانوں میں ہو رہا ہے۔" ضیائے خوش ادا، ابرِ لطف و عطا، باعثِ ارض و سما، جمالِ حق نما، چشم رحمت کشا ﷺ ہماری گفتگو سن کر مسکرا رہے تھے۔ میری آنکھ کھلی تو میں نہایت ہشاش بشاش تھا۔ (آب کوثر)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ درود و سلام کے فضائل کا ایک واقعہ یہ بھی ہے کہ میں نے سید علی الحاج کو جو ایک نیک بزرگ، اہل اسلام کے بلند پایہ عالم اور سیدی ابوالغیث القشاشی رحمۃ اللہ علیہ کے ملنے والوں میں سے تھے۔ وفات کے بعد خواب میں دیکھا "میں نے ان سے پوچھا! جناب اللہ تعالیٰ نے آپ سے کیا برتاؤ کیا؟ فرمایا! اللہ نے اپنے فضل و رحمت سے میری عزت افزائی فرمائی، میں نے اسے رحیم و کریم پایا۔ میں نے بعض اپنے بھائیوں کے متعلق پوچھا جو ان کے ساتھ فوت ہوئے تھے۔ فرمایا! وہ بھی خیریت سے ہیں۔ میں نے عرض کیا! مجھے کوئی وصیت فرمائیں جو فائدہ مند ہو۔ فرمایا! "تم پر لازم ہے کہ اپنی ماں کی خدمت کرو کہ وہ نیک بی بی ہیں" پھر میں نے کہا جناب! میں آپ سے خدائے بزرگ اور اس کے رسول اول و آخر، رحمتوں کا سمندر، رہنمائے اسود و احمر، روح طاہر ﷺ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں! کہ آپ پر ہمارے حال اور ہماری جدوجہد کا ظہور

کیسا رہا؟ فرمایا! ''میں نے تجھے پوری پوری وصیت کر دی ہے۔ رسولِ شاندار، رسولوں کے سردار، رفعتِ کردار، روح کا قرار ﷺ پر درود وسلام میں اضافہ کر دو اور میں نے درود وسلام کی جو نظم لکھی ہے اس میں اس کا بھی اضافہ کر لو، اور بھی اضافہ کرو۔ میں نے عرض کیا! کیا آپ کو پہنچ جاتا ہے؟ اور آپ کو میرے منظوم درود وسلام کا پتہ کیوں کر چل گیا، جب کہ میں نے وہ آپ کی وفات کے بعد نظم کیا ہے؟ فرمایا! بخدا، اس کا نور سات زمینوں اور ساتوں آسمانوں میں چمک اٹھا ہے۔ اس کو اپنے اوپر لازم کر لو اور اس میں مزید اضافہ کرو! اللہ تعالیٰ سے دعا ہے'' کہ ہم کو ان لوگوں میں سے کر دے جن کے دلوں کو اس نے اپنے ذکر اور اپنے راحتِ قلبِ بیقرار، رسولِ ابر قرار، رسولِ عالی وقار، رحمتِ پروردگار ﷺ کے درود وسلام سے زندہ کر دیا ہے اور ہم کو اور ہمارے دوستوں کو حضور ﷺ کے پڑوسیوں میں سے کر دے۔ اور دنیا و آخرت میں اپنے فضل وکرم سے اپنے رونق ربیع بستانِ بہار، رحمت کی سرکار، رسولِ بختار، رونقِ گلزار ﷺ کے دیدار سے محروم نہ کرے وہی توفیق کا مالک ہے۔ نہ اس کے بغیر کوئی رب ہے نہ کوئی معبود''۔(سعادت ارین)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ بِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

☆ صاحب سعادت ا ارین فرماتے ہیں کہ! درود وسلام کے فضائل میں سے جو میں نے دیکھے ہیں، ایک یہ بھی ہے کہ ایک شب کو میں نے رشک جلوہ گاہِ طور، روحِ سراپا ظہور، نور علیٰ نور ﷺ کو خواب میں دیکھا اور عرض کی ''یا رسول اللہ ﷺ !'' میرے ضامن بن جائیں''۔ فرمایا! ''مجھ پر کثرت سے درود وسلام بھیجا کرو میں تمہارا بھی ضامن ہوں اور تمہاری ماں اور باپ کا بھی''۔ پھر سراسر لطف وعنایت، سراج وباب ہدایت، سراپا نورِ ہدایت ﷺ نے میرے آباؤ اجداد میں سے ایک ایک کا نام لینا شروع کیا، یہاں تک کہ سیدنا علی کرم اللہ وجہہ تک۔ میں نے پھر عرض کیا! یا رسول اللہ ﷺ ! میں ہر جمعرات سرکار ﷺ کی زیارت چاہتا ہوں۔ فرمایا! ''اگر یہ چاہتے ہو تو دن کو روزہ رکھو اور رات کو قیام کرو اور مجھ پر بکثرت درود وسلام بھیجو!'' پھر حضور ﷺ گھوڑے پر سوار ہوئے اور میں بھی آپ ﷺ کے ہمراہ سوار ہو گیا۔ حضور ﷺ نے اپنے ہاتھ میں ایک پرندہ پکڑ لیا اور ہمارا گزر ایک ریگستانی زمین سے ہوا، وہاں سرورِ کائنات، سرورِ مخلوقات، سرورِ موجودات ﷺ نے وہ پرندہ ایک شکار پر چھوڑا اس نے ایک چڑیا پکڑی۔ میں نے اتر کر اسے ذبح کیا۔ پھر حضور ﷺ میرے پاس تشریف لائے اور فرمایا! ذبح کے وقت کیا پڑھا تھا۔ میں نے عرض کیا! ''بسم اللہ اللہ اکبر''۔ فرمایا! اگر چاہتے تو یوں بھی کہہ سکتے تھے **"بسم الله و صلى الله علىٰ سيدنا محمد النبى الكريم "** اس سے میں بیدار ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ سے سوال ہے کہ ہم کو مزید اپنے فضل سے نوازے اور میرا اس چڑیا کو ذبح کرنے سے نفس امارہ کی

موت ہوسکتا ہے، کیونکہ یہی اللہ کے ذکر اور رسول اللہ ﷺ پر صلوٰۃ وسلام سے مرتا ہے ورنہ بوقت ذبح حضور ﷺ پر درود وسلام بھیجنا جائز نہیں اور بسم اللہ اللہ اکبر ہی کافی ہوتی ہے واللہ اعلم۔ میں کہتا ہوں ہمارے امام شافعی رضی اللہ عنہ کے مذہب میں بوقت ذبح درود وسلام پڑ جائز ہے اور یہ خواب اسکی تائید کرتا ہے اور نا جائز ہونا مذہب امام مالک ہے۔(سعادت دارین)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ حضرت عبداللہ بن عبدالحکم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں! کہ میں نے امام شافعی رضی اللہ عنہ کو خواب میں دیکھا۔ میں نے ان سے پوچھا! آپ سے اللہ نے کیا کیا؟ فرمایا! ''اللہ نے مجھ پر رحم فرمایا اور مجھے بخش دیا اور جنت میں میری ایسی آؤ بھگت فرمائی گئی، جیسے دلہن کی آمد پر آؤ بھگت کی جاتی ہے اور مجھ پر ایسی رحمتیں نچھاور کی گئیں جیسے دلہن پر طرح طرح کی نعمتیں نچھاور کی جاتی ہیں''۔ میں نے عرض کیا! آپ رضی اللہ عنہ اس مقام پر کس سبب سے پہنچے؟ تو ایک کہنے والے نے کہا! یہ تجھے وہی جواب دیں گے جو انہوں نے اپنی کتاب "الرسالت من الصلوٰۃ علیٰ محمد ﷺ" میں لکھا ہے۔ میں نے کہا! وہ کیسے؟ اس نے کہا! انہوں نے یوں کہا ہے "صلی اللہ علی محمد عدد ما ذکرہ الذاکرون وعدد ما غفل عن ذکرہ الغفلون"۔ اللہ محمد ﷺ پر اتنی مرتبہ رحمت نازل فرما جتنی مرتبہ ذکر کرنے والے اس کا ذکر کریں اور اتنی مرتبہ جتنی مرتبہ اس کے ذکر سے غافل غفلت برتیں''۔ فرمایا! صبح اٹھ کر میں نے آپ کی کتاب کو دیکھا تو معاملہ ویسا ہی تھا جیسا میں نے خواب میں دیکھا تھا۔(سعادت دارین)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ ایک نیک بندے نے خواب میں کوئی قبیح شکل دیکھی تو کہا تو کون ہے؟ اس نے جواب دیا میں تیرا عمل قبیح۔ کہا! تجھ سے نجات کیسے مل سکتی ہے؟ کہا! رازدارِ خلوتِ بزمِ ازل، روحِ ادب وجانِ غزل، رحمتِ کل ﷺ پر کثرت سے درود وسلام پڑھنے سے۔(سعادت دارین)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ محمد بن سعید بن مطرف سے جو ایک مرد صالح تھے۔ مروی ہے کہ! ''میں نے اپنے اوپر لازم کر رکھا تھا کہ جب بھی رات کو سونے کیلئے بستر پر آتا تو ایک معلوم ومتعین تعداد میں رحمت کے بادل، رسولِ بے مثال، رحمت کا نقطہ کمال ﷺ پر درود شریف پڑھتا''۔ ایک رات کو ایسا ہوا کہ میں نے معین تعداد مکمل کر لی تو آنکھوں میں نیند کا غلبہ ہوگیا۔ میں اس وقت ایک کمرے میں تھا۔ خواب میں کیا دیکھتا ہوں کہ رسولِ اکرم، رسولِ معظم، روحِ معظم ﷺ میرے اس کمرے میں جلوہ افروز ہیں۔ کمرہ نور سے جگمگا رہا ہے۔ پھر سرکار ﷺ میرے قریب تشریف لائے اور فرمایا! ''یہ منہ میرے قریب لاؤ جو مجھ پر کثرت سے درود وسلام پڑھتا رہتا ہے کہ میں اسے چوم لوں''۔ مجھے شرم آنے لگی، میں نے اپنا منہ پھیر دیا۔ پس

آپ ﷺ نے میرے رخسار پر بوسہ دیا۔ میں گھبرا کر فوراً بیدار ہوگیا اور اپنی بیوی کو جو میرے پہلو میں تھی بیدار کیا۔ سارا گھر روحِ اعظم، رہبرِ اعظم، رسولِ ذی چشم ﷺ کی خوشبو سے مہک رہا تھا اور حضور ﷺ نے میرے رخسار پر جو بوسہ دیا تھا اس کی خوشبو آٹھ دن تک میرے چہرے پر رہی اور میری بیوی کو اس کا ہر روز احساس رہتا۔ (سعادت دارین)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆☆☆ میں ابوبکر بن مجاہد مقری رحمۃ اللہ علیہ کے پاس علم تجوید و قرأت حاصل کرنے کی غرض سے حاضر ہوا۔ کہا کہ ہم پوری جماعت ایک دن ان سے سبق پڑھ رہے تھے کہ اچانک! ایک معمر شخص آدھمکا اس کا عمامہ پھٹا ہوا قمیض بوسیدہ اور چادر بھی پھٹی پرانی تھی۔ اس کو دیکھ کر شیخ ابوبکر کھڑے ہوگئے اور اس شخص کو اپنی جگہ پر بٹھایا اور اس کا اور اس کے اہل وعیال کا حال دریافت کیا۔ اس نے کہا! رات کو میرے گھر میں بچہ پیدا ہوا گھر والوں نے مجھ سے گھی اور شہد مانگا۔ حالانکہ میرے پاس ذرہ بھر کوئی چیز نہ تھی۔ شیخ ابوبکر کہتے ہیں یہ سن کر میرے دل کو بڑا صدمہ ہوا۔ میں اسی حالت میں سو گیا۔ خواب میں رحمت و شفقت کے پیکرِ اتم، رسالت کے پیکرِ اتم، رازدارِ سیف و قلم ﷺ کی زیارت ہوئی۔ سرکار ﷺ نے فرمایا! "یہ رنج و غم کیسا؟ خلیفہ کے وزیر علی بن عیسیٰ کے پاس جاؤ، اس کو سلام کہو اور اس کو یہ علامات بتاؤ کہ تم ہر جمعرات اس وقت تک نہیں سوتے جب تک مجھ پر ہزار مرتبہ درود شریف نہ بھیج لو اور اس جمعرات کو تم نے مجھ پر صرف سات سو مرتبہ درود بھیجا پھر تمہارے پاس خلیفہ کا قاصد آیا اور تمہیں اس کے پاس بلا کر لے گیا۔ پھر واپس آ کر تم نے مجھ پر مزید صلوٰۃ و سلام پڑھا یہاں تک کہ ایک ہزار کی تعداد پوری ہوگئی۔ جس شخص کے ہاں بچہ پیدا ہوا ہے اس کو سو دینار بھیجو تا کہ وہ اپنی ضروریات پوری کر سکے"۔ کہا ابوبکر مجاہد المقری بچے کے باپ کو ہمراہ لے کر وزیر کے گھر پہنچے۔ پھر شیخ ابوبکر نے وزیر سے کہا! اس شخص کو رہنمائے دینِ محکم، رونقِ وجود و عدم، روحِ روانِ عالم ﷺ نے تمہاری طرف بھیجا ہے۔ پس وزیر اٹھا اور اس شخص کو اپنی جگہ پر بٹھایا اور ساری واردات پوچھی اس نے تمام صورت حال بتادی۔ پس وزیر خوش ہوا اور اس نے غلام کو سو دینار کی تھیلی لانے کو کہا، اور وہ تھیلی بچے کے باپ کے حوالے کر دی۔ پھر دوسری تھیلی کا وزن کیا تا کہ اسے شیخ ابوبکر کے سپرد کر دے۔ انہوں نے تھیلی لینے سے انکار کر دیا۔ وزیر نے ان سے کہا! آپ یہ لے لیں کیونکہ آپ نے مجھے اس سچی خبر کی بشارت دی ہے۔ پس یہ بات میرے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان ایک راز تھا اور آپ رشکِ مسیح کلیم، رؤف الرحیم، رسولِ کریم، رحمتِ عظیم ﷺ کے بھیجے ہوئے ہیں۔ پھر مزید سو دینار وزن کر کے ان کی نذر کئے اور کہا یہ بھی قبول فرمائیں کہ آپ نے مجھے یہ بشارت بھی سنادی کہ میں ہر جمعرات کو جو درود و سلام بھیجتا ہوں، رسول اللہ ﷺ اس کو جانتے

ہیں۔ پھر سو دینار اور لئے اور کہا یہ بھی لے لیں کیونکہ آپ نے یہاں آنے کی زحمت گوارہ فرمائی۔ یونہی سو، سو دینار لے کر ان کی نذر کرنے لگا یہاں تک کہ یہ تعداد ایک ہزار دینار تک پہنچ گئی۔ اس شخص نے کہا میں صرف اتنے لوں گا جن کا مجھے رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا تھا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ حافظ ابو موسیٰ ابن بشکوال اور عبدالغنی بن سعید نے ابوبکر بن محمد بن عمر تک اپنی سند کے ساتھ یہ بات ذکر کی ہے کہ میں ابوبکر بن مجاہد کے پاس حاضر تھا۔ حضرت شبلی تشریف لائے ابوبکر بن مجاہد نے ان کا استقبال کو کھڑے ہو گئے، ان سے معانقہ کیا اور ان کی آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا۔ میں نے کہا حضور! آپ شبلی رحمۃ اللہ علیہ سے اتنے ادب سے پیش آئے، حالانکہ خود آپ اور بغداد کے تمام لوگوں کا خیال ہے کہ یہ شخص مجنون ہے؟ فرمایا! میں نے ان سے وہی سلوک کیا جو میں نے رونق ریاضِ گلشن، روحِ بزمِ سخن، رسولِ امن، روحِ چمن ﷺ کو ان سے کرتے دیکھا۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ میں نے راحتِ قلبِ پریشاں، راحتِ دلِ خستگاں، راحتِ قلوب عاشقاں ﷺ کو خواب میں دیکھا، شیخ شبلی حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ نبی اکرم ﷺ کھڑے ہو گئے اور شبلی کی آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا۔ میں نے عرض کیا، یا رسول اللہ ﷺ! آپ شبلی سے یہ برتاؤ فرما رہے ہیں؟ فرمایا! یہ نماز کے بعد یہ آیت کریمہ پڑھتے ہیں۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْكُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۝

ترجمہ: یقیناً تمہارے پاس ایک رسول معظم آئے جو تمہی میں سے ہیں۔ ان پر وہ چیز ناگوار ہوتی ہے، جو تمہیں تکلیف دے۔ تمہاری بھلائی پر حرص کرنے والے، ایمان والوں پر شفیق و مہربان، پھر اگر وہ منہ موڑیں تو کہہ دیں مجھے اللہ کافی ہے۔ اس کے بغیر کوئی مستحق عبادت نہیں اسی پر میرا بھروسہ ہے اور وہی بڑے عرش کا مالک ہے"۔ اور اس کے بعد مجھ پر درود و سلام بھیجتے ہیں۔ اور ایک روایت میں ہے کہ جب بھی کوئی فرض نماز ادا کرتے ہیں تو مندرجہ بالا آیات پڑھتے ہیں۔ اور ساتھ ہی تین مرتبہ یہ بھی پڑھتے ہیں۔ "صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِنَا مُحَمَّدُ ﷺ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِنَا مُحَمَّدُ ﷺ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِنَا مُحَمَّدُ ﷺ"۔ (بعض محققین نے فرمایا ہے کہ سرکار دو جہاں ﷺ کے ذاتی نام نامی کی بجائے صفاتی نام ذکر کرنا چاہیے۔ لہٰذا بصیغہ ندا درود پاک پڑھا جائے تو یوں پڑھا جائے "صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ" پڑھا جائے اللہ ہمیں ادب کی توفیق مرحمت فرمائے)۔

☆ پھر جب شبلی میرے پاس آئے تو میں نے درود کے متعلق مذکورہ بات ان سے پوچھی تو انہوں نے بھی ایسا ہی بیان کیا۔ یہی واقعہ الخفاف میں یوں بیان کیا جاتا ہے کہ میں ایک دن ایک ولی اللہ کے آگے جن کی کنیت ابوبکر تھی قرآن پڑھ رہا تھا، دیکھتا کیا ہوں کہ ابوبکر شبلی ایک شخص کے پاس آئے جن کی کنیت ابوالطیب تھی۔ یہ شخص اہلِ علم میں سے تھا۔ پھر طویل قصہ بیان کیا اور آخر میں یہ کہا! کہ ابوبکر شبلی، ابوبکر بن مجاہد مسجد کی طرف چل پڑے جب ان کے کمرے میں داخل ہوئے تو ابوبکر بن مجاہد نے اٹھ کر ان کا استقبال کیا۔ اس پر ان کے ساتھیوں نے کہا کہ! آپ علی بن عیسیٰ وزیر کے لئے تو کھڑے ہوتے نہیں اور شبلی کے لئے قیام فرماتے ہیں۔ وہ بولے "میں اس شخص کے لئے قیام کیوں نہ کروں جس کی تعظیم رہنمائے امتاں، رہنمائے ناقصاں، رہنمائے ہادیاں، رہنمائے منزلِ عرفاں ﷺ فرماتے ہیں"۔ میں نے روحِ منور مطلع عرفاں، روئے منور صبح درخشاں، روح چشم انساں وحیواں ﷺ کو خواب میں دیکھا تو حضور ﷺ نے مجھ سے فرمایا! اے ابوبکر! "کل تمہارے پاس اہل جنت میں سے ایک شخص آئے گا جب آئے تو اس کی تعظیم کرنا" ابن مجاہد کہتے ہیں کہ اس کے بعد جب دو راتیں گزر گئیں تو میں نے راہ خدا کی شمع فروزاں، رہنمائے حق شعاراں، ربیع فصل دوراں ﷺ کو خواب میں دیکھا آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا ابوبکر! جس طرح تم نے ایک جنتی کی تعظیم کی اللہ تمہیں عزت وعظمت بخشے۔ میں نے عرض کیا! یارسول اللہ ﷺ! شبلی کو آپ ﷺ کی بارگاہ میں یہ مرتبہ کیسے ملا فرمایا! "یہ شخص (شبلی) پانچوں نمازوں کے بعد میرا ذکر کرتا ہے اور مذکورہ بالا آیات پڑھتا ہے۔ اسی **(80)** سال سے اس پر عمل پیرا ہے جو ایسا عمل کرنے والا ہو کیا میں اس کی عزت افزائی نہ کروں؟" (سعادۃ الدارین)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَوَلَدِهِ الشَّيْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِيْلَانِيْ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

☆ امام عبدالوہاب شعرانی نے "الطبقات" میں فرمایا! کہ ابوالمواہب الشاذلی کہا کرتے تھے، میں نے روحِ تزئین بہاراں، رونقِ شہرِ بیوقاراں، رئیس تاجداراں، رشکِ حسن نگاراں ﷺ کی زیارت کی۔ میں نے عرض کیا! یارسول اللہ ﷺ! "مجھے نہ چھوڑنا" فرمایا! "ہم تمہیں نہیں چھوڑیں گے، یہاں تک کہ تم حوض کوثر پر آؤ اور اس کا پانی پیو، کیونکہ تم سورۃ الکوثر پڑھتے ہو اور مجھ پر درود وسلام بھیجتے ہو۔ اب جو درود وسلام کا اجر وثواب ہے وہ تو میں نے تمہیں عطا کر دیا، رہا سورۃ الکوثر کا ثواب سو اس کو میں تمہارے لئے باقی رکھوں گا"۔ پھر فرمایا! "جب اپنے اعمال پر نظر کرو یا تمہارے کلام میں کوئی خلل واقع ہو تو یہ کلمات کہنا نہ چھوڑنا"۔

"اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ وَاَسْئَلُهُ التَّوْبَةَ وَالْمَغْفِرَةَ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ"

ترجمہ:۔ میں اس بزرگ وبرتر سے معافی چاہتا ہوں، جس کے بغیر کوئی معبود نہیں جو زندہ اور ہمیشہ قائم رہنے والا ہے اور میں اس

کی طرف توبہ کرتا اور اسی سے توبہ ومغفرت کا سوال کرتا ہوں۔ بے شک وہی ہے توبہ قبول فرمانے والا مہربان ہے۔ (سعادت دارین)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہٖ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ امام شاذلی ؒ فرمایا کرتے تھے میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا، آپ ﷺ نے میرا منہ چوما اور فرمایا! میں اس منہ کو چومتا ہوں جو مجھ پر دن میں ایک ہزار مرتبہ درود بھیجتا ہے اور ایک ہزار مرتبہ رات کو۔ پھر ارشاد فرمایا! اگر رات کے وقت سورۃ الکوثر تمہارا ورد ہو جائے تو کیا ہی اچھا ہو۔ پھر مجھ سے فرمایا! اور تمہاری دعا یہ ہو جائے۔

اللھم فرج کرباتنا ،اللھم اقل عثراتنا ،اللھم اغفر زلاتنا

ترجمہ: ''الٰہی! ہماری مصیبتیں دور فرما، الٰہی ہماری لغزشیں معاف فرما، الٰہی ہماری غلطیاں بخش دے''۔

اور تم مجھ پر درود بھیجو اور یوں کہو **"وسلام علی المرسلین والحمد للہ رب العالمین"**۔ ''سب رسولوں پر سلام اور حمد وثنا للہ رب العالمین کے لئے''۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہٖ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ امام شاذلی ؒ فرمایا کرتے تھے! میں نے رسول پاک بازاں، رحیم بیکساں، راز دارِ سرامکاں، رمز کن فکاں ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ تو سرکار ﷺ نے مجھ سے فرمایا! تم ایک لاکھ لوگوں کی شفاعت کرو گے۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! یہ شرف مجھے کیسے حاصل ہوا؟ فرمایا! اس ثواب کا بدلہ جو تم درود وسلام پڑھ کر مجھے ایصال کرتے ہو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہٖ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ امام شاذلی ؒ فرماتے ہیں، ایک مرتبہ میں نے اپنے اوراد و وظائف سے جلد فارغ ہونے کی غرض سے رفعت کے آسماں، رحمت پناہ عاصیاں، رئیس جنود عرشیاں، رحیم بیکساں ﷺ پر جلد جلد درود وسلام پڑھا۔ جس کی تعداد ایک ہزار تھی۔ تو زینت عرض وسمأ، زائرِ حسنِ عقصیٰ، زائرِ عرش علیٰ، زینت غارِ حرأ ﷺ نے فرمایا! تمہیں معلوم نہیں کہ جلد بازی شیطان کی طرف سے ہوتی ہے؟ پھر حضور ﷺ نے فرمایا! یوں کہا کرو۔ **"اللھم صلی علیٰ محمد و علیٰ آل محمد"** بڑے اطمینان اور ترتیب سے۔ ہاں جب وقت کی تنگی ہو تو جلدی جلدی پڑھ لینے میں کوئی حرج نہیں۔ پھر فرمایا! جو کچھ میں نے تم سے کہا یہ افضل ہونے کے لحاظ سے ہے۔ ورنہ جیسے درود وسلام بھیجو وہ درود وسلام ہی ہے اور بہتر یہ ہے کہ درود تام سے ابتداء کرو اور اسی پر اختتام ہو۔ چاہے صرف ایک مرتبہ پڑھ لیا جائے اور فرمایا! درود تام یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ فِی الْعٰلَمِیْنَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ ٥

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِالْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ امام شاذلی ﷺ یہ بھی فرمایا کرتے تھے کہ میں نے زینتِ تاج شفاعت، زینت بزم وحدت، زلال حلاوت ﷺ کوخواب میں دیکھا تو عرض کیا، یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے آپ ﷺ پر اتنی اتنی مقدار میں درود وسلام پڑھ کر آپ ﷺ کی نذر کیا اور فلاں فلاں اعمال حسنہ کا ثواب بھی آپ ﷺ کی نذر کیا۔ اگر اس سے میرا مقصد بھی حاصل ہوجائے تو کیا اچھا ہو اور میرا مقصد اس شخص کی طرح ہے جس نے آپ ﷺ سے یہ پوچھا تھا کہ کیا میں اپنے تمام اوقات میں پڑھے ہوئے درود وسلام کا ثواب آپ ﷺ کے لئے مختص کردوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا! ''اگر ایسا کرو تو یہی درود وسلام تمہارے رنج والم کو دور کرنے اور تمہارے گناہوں کی مغفرت کیلئے کافی ہوگا''۔ تو حضور ﷺ نے مجھ سے فرمایا ہاں! میری مراد یہی ہے۔ ہاں! اگر اپنے لئے بھی اتنے اتنے اعمال حسنہ کا ثواب رکھ لو، کیونکہ مجھے اس کی ضرورت نہیں تمہیں ہے۔ (سعادت دارین)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِالْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ حضرت ابو محمد جزری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا! کہ میرے گھر کے دروازے پر ایک شاہی باز آیا تھا۔ لیکن ہائے میری قسمت کہ میں اسے پکڑ نہ سکا چالیس سال گزرنے کو ہیں بہت جال پھینکتا ہوں مگر ایسا باز پھر ہاتھ نہ آیا۔ کسی نے پوچھا! وہ کون سا باز تھا؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا! ایک دن جب میں سرائے میں سو رہا تھا، نماز عصر کے بعد ایک درویش سرائے میں داخل ہوا۔ وہ نوجوان تھا، رنگ زرد، بال بکھرے ہوئے ننگے پاؤں تھا۔ اس نے آکر تازہ وضو کیا اور دو رکعت پڑھ کر سر گریبان میں ڈال کر بیٹھ گیا۔ اور درود پاک پڑ شروع کردیا۔ مغرب تک یوں ہی مشغول رہا۔ نماز مغرب کے بعد پھر درود پاک کا ورد کرنے لگا۔ اچانک شاہی پیغام آیا کہ آج بادشاہ کے یہاں سرائے والوں کی دعوت ہے۔ میں اس درویش کے پاس گیا اور اسے کہا کہ ہم سب کو بادشاہ نے دعوت دی ہے، تم بھی ہمارے ساتھ چلو۔ اس نے کہا! مجھے جانے کی کوئی ضرورت نہیں، لیکن تم میرے لئے گرم گرم حلوہٗ لیتے آنا۔ میں نے اس کی بات کی پرواہ نہ کی اور خیال کیا کہ اگر یہ بھوکا ہے تو ہمارے ساتھ کیوں نہیں چلتا۔ بہر حال ہم اسے چھوڑ کر گئے۔ مہمان خانہ میں محفل جمی، نعت خوانی ہوئی اور نہایت پر تکلف کھانا پیش کیا گیا۔ جب فارغ ہوکر ہم سرائے پہنچے تو دیکھا وہ اللہ کا بندہ اسی طرح بیٹھا درود پاک پڑھنے میں مصروف ہے۔ میں بھی مصلی بچھا کر بیٹھ گیا، لیکن میں جلد ہی سو گیا۔ خواب میں دیکھا کہ ایک نہایت ہی بارونق محفل جمی ہوئی ہے اور کوئی بتا رہا ہے کہ یہ سیّدالانبیاءؐ ﷺ کا دربارِ عالی ہے اور یہ اردگرد جملہ انبیاءؑ اکرام علیہم السلام تشریف فرما ہیں۔ میں

آگے بڑھا اور حضور نبی کریم ﷺ کے قریب ہو کر سلام عرض کیا آپ ﷺ نے میری طرف سے چہرہ انور پھیر لیا، میں نے دوسری طرف حاضر ہو کر سلام عرض کیا آپ ﷺ نے پھر اپنا رخ مبارک پھیر لیا، کئی مرتبہ ایسا ہوا تو میں خوف سے کانپنے لگا کہ نجانے مجھ سے کیا خطا ہوئی ہے جو سرکار ﷺ ناراضگی کا اظہار فرما رہے ہیں۔ تھوڑی دیر بعد آپ ﷺ نے خود ہی ارشاد فرمایا کہ! میرے ایک غلام نے تجھ سے ذرا سی خواہش ظاہر کی تھی کہ حلوہ منگوایا تھا، لیکن تو نے اس کی بات کی پرواہ نہ کی بس میں گھبرا کر بیدار ہوا اور اس درویش کی طرف دوڑا جسے میں نے نظر انداز کر دیا تھا۔ میں نے اسے معمولی آدمی جانا لیکن وہ سچا موتی تھا۔ سرکارِ دوعالم ﷺ کی اس پر خاص نظر و کرم تھی۔ میں اسے اچھے سے اچھا کھانا پیش کرنا چاہ رہا تھا۔ جب میں اس کی جگہ پہنچا تو وہ موجود نہ تھا۔ ہائے قسمت! شکار ہاتھ سے نکل گیا۔ اچانک مجھے سرائے کا گیٹ بند ہونے کی آواز آئی میں نے باہر جھانک کر دیکھا تو وہ ہی جا رہا تھا۔ میں نے اسے بہت آوازیں دیں، اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا واسطہ دے کر بلایا لیکن اس نے ایک نہ سنی۔ بس اس نے اتنا جواب دیا کہ میری ایک روٹی کے لئے سیّد الانبیا ﷺ اور ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاءِ کرام علیہم السلام تجھ سے سفارش کریں تو تو مجھے ایک روٹی دے گا۔ ہائے! وہ مجھے چھوڑ کر چلا گیا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت کی بات ہے۔ ایک متمول شخص کو درود پاک پڑھنے کا بڑا شوق تھا۔ جبکہ اس کا کردار اچھا نہ تھا۔ بس وہ ہر وقت درود پاک پڑھتا رہتا تھا۔ جب اس کا آخری وقت آیا اور جان کنی کی حالت طاری ہوئی تو اس کا چہرہ سیاہ اور بھدہ ہو گیا اور اس پر سکرات موت کی سختی طاری ہو گئی۔ جو کوئی اسے دیکھتا وہ ڈر جاتا تھا۔ اس نے اسی حالت میں ندا دی، یا رسول اللہ ﷺ! میں آپ ﷺ سے محبت کرتا ہوں اور ہر وقت آپ ﷺ پر درود پاک پیش کرتا ہوں۔ فوراً ہی آسمان سے ایک پرندہ نازل ہوا اور اس نے اس شخص کے چہرے پر پر پھیر دیا۔ جس سے اس کا چہرہ منور ہو گیا اور زعفران کی سی خوشبو مہکنے لگی۔ سکرات موت کی شدت بھی کم ہو گئی اور اللہ کا یہ بندہ کلمہ پڑھتا با آسانی دنیا سے رخصت ہو گیا اور جب اسے تجہیز و تکفین کے بعد قبر میں رکھا جانے لگا تو ایک آواز آئی جو تمام حاضرین نے سنی۔ "ہم نے اپنے اس بندے کو بخش دیا اور درود کی برکت سے قبر سے اٹھا کر جنت میں پہنچا دیا"۔ یہ سن کر لوگ بہت متعجب ہوئے۔ رات کو کسی نے اسے خواب میں دیکھا کہ وہ زمین و آسمان کے درمیان ٹہل رہا ہے اور آیتِ درود کے ساتھ درود پاک پڑھ رہا ہے۔ (سعادت دارین)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ عبدالواحد بن زید سے مروی ہے کہ ہمارا ایک پڑوسی تھا۔ جو بادشاہ کی خدمت کرتا تھا۔ اللہ تعالیٰ کی یاد سے

غافل اور فتنہ وفساد پھیلانے میں مشہور تھا۔ایک رات میں نے اسے خواب میں دیکھا کہ اس کا ہاتھ رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ میں ہے۔ میں نے عرض کیا! یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم !یہ بر اشخص تو ان لوگوں میں سے ہے جو اللہ تعالی سے منہ موڑے ہوئے ہیں۔پھر آپ ﷺ نے اپنا دست مبارک اس کے ہاتھ میں کیوں دے دیا؟ طبیب دردزمانہ ﷺ نے فرمایا! مجھے اس کا علم ہے اور سنو! کہ میں اللہ تعالی کی بارگاہ میں اس کی سفارش کرنے جارہا ہوں۔میں نے عرض کیا! یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ اس مقام پر کس وسیلہ سے پہنچا ہے؟ فرمایا! مجھ پر کثرت سے درودوسلام پڑھنے کی وجہ سے۔بے شک یہ شخص ہر رات سوتے وقت مجھ پر ہزار مرتبہ درودوسلام بھیجا کرتا تھا اور مجھے امید ہے کہ اللہ تعالی اس کے حق میں میری شفاعت قبول فرمائے گا۔عبدالواحد رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ جب صبح کے وقت میں مسجد میں داخل ہوا تو کیا دیکھتا ہوں کہ وہی نوجوان روتا ہوا مسجد میں داخل ہورہا ہے۔اس وقت میں اپنے دوستوں کے سامنے جو کچھ اس کے متعلق میں نے دیکھا تھا بیان کررہا تھا۔جب وہ مسجد میں آیا تو اس نے سلام کیا اور میرے سامنے بیٹھ گیا اور بولا اے عبدالواحد! اپنا ہاتھ بڑھاؤ کہ میں تمہارے ہاتھ پر تائب ہوجاؤں اور اس مقصد کے لئے مجھے رسول اللہ ﷺ نے تمہارے پاس بھیجا ہے اور سرکار ﷺ نے مجھ سے اس مذاکرے کا ذکر فرمایا ہے، جو تمہارے اور حضور ﷺ کے درمیان گزری رات میرے متعلق ہوا۔جب اس نے توبہ کرلی تو میں نے اس سے خواب کے بارے میں دریافت کیا، تو اس نے کہا! کہ میرے پاس رسول اللہ ﷺ تشریف لائے تھے۔آپ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا! میں اپنے رب کے ہاں ضرور تمہاری شفاعت کروں گا۔اس درودوسلام کے سبب جو تم مجھ پر بھیجتے ہو۔جب میں حضور ﷺ کے ہمراہ چلا تو آپ ﷺ نے میری شفاعت فرمائی اور یہ بھی فرمایا! ''صبح سویرے عبدالواحد کے پاس جانا اور اس کے ہاتھ پر توبہ کرنا اور اس پر مضبوطی سے قائم رہنا''۔
(سعادت دارین)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ سیّدی عبدالجلیل رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا! کہ جب میں درود پاک کے متعلق کتاب لکھ رہا تھا۔اس دوران میں نے دیکھا میں خچر پر سوار ہوں اور میں اس قوم کے ساتھ ملنا چاہتا ہوں جو کسی امر کی تلاش میں مجھ سے آگے جاچکے ہیں۔میرا خچر پیچھے رہ گیا۔میں نے اسے ڈانٹا تو وہ تیز چلنے لگا اور اسے ایک آدمی نے لگام پکڑ کر روک لیا اور میں اس کی اس حرکت سے پریشان ہوگیا۔اچانک ایک صاحب تشریف لائے جو کہ نہایت پاکیزہ صورت، پاکیزہ سیرت تھے۔انہوں نے اس شخص کو ڈانٹا اور میرے خچر کو اس کے ہاتھ سے یہ کہہ کر چھڑایا کہ ''چھوڑ اس کو کیونکہ اللہ تعالی نے اس کی مغفرت

کردی ہے اور اس کو اس کے گھر والوں کے لئے شفاعت کنندہ بنایا ہے اور اس سے بوجھ اتار دیا ہے۔ میں بیدار ہوا تو بہت خوش تھا اور میرے دل میں آیا کہ جس شخص نے مجھے مذکورہ کے ہاتھ سے چھڑایا اور میرے بارے میں یہ کلمات ادا فرمائے ہیں یہ سیدی مولا علی شیر خدا ؓ تھے اور مجھے معلوم ہوا کہ یہ ساری عنایت طیبہ کے ناقہ سوار، راحتِ قلبِ بے قرار، رونقِ ربیع بستانِ بہار ﷺ پر درود پاک پڑھنے کی برکت سے ہے۔(سعادۃ الدارین)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ بِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ حضرت سیدی عبدالجلیل مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا! ایک بار میں نے اپنے وا ماجد کو خواب میں دیکھا کہ بڑے ہی خوش ہیں۔ میں نے عرض کیا! اباجی کیا میری وجہ سے آپ کو کچھ فائدہ پہنچا ہے؟ فرمایا! اللہ کی قسم مجھے بہت فائدہ پہنچا ہے۔ میں نے پوچھا! کس وجہ سے تو وا صاحب نے فرمایا! تیرے درود پاک کی کتاب لکھنے کی وجہ سے۔ میں نے پوچھا کہ! آپ کو کیسے معلوم ہوا کہ میں نے کتاب لکھی ہے؟ فرمایا! تیرا چرچا تو ملاءِ اعلیٰ میں ہو رہا ہے۔(سعادت دارین)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ بِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ المجد فیروز آبادی (لغوی) نے ابوالمظفر سمرقندی یعنی محمد بن عبداللہ بن الخیام تک اپنی سند کے ساتھ یہ حکایت ذکر کی ہے کہ میں ایک دن پشت کعبہ میں داخل ہوا۔ پس میں راستے سے بھٹک گیا۔ دیکھتا کیا ہوں کہ سامنے خضر ؑ ہیں۔ میں نے ان کو دیکھ لیا انہوں نے فرمایا چلو! میں ان کے ہمراہ چل پڑا۔ میرا خیال تھا کہ یہ خضر ؑ ہی ہیں۔ میں نے پوچھا آپ کا نام کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا! خضر بن ایشار ابوالعباس۔ میں نے ان کے ہمراہ ایک ساتھی بھی دیکھا۔ ان سے میں نے پوچھا! آپ کا کیا نام ہے؟ فرمایا! الیاس بن سام۔ میں نے کہا! اللہ آپ دونوں پر رحم فرمائے، کیا آپ نے عطاہی عطا، رازدارِ کبریا، زائرِ حسنِ اقصیٰ ﷺ کو دیکھا ہے؟ وہ فرمانے لگے! ہاں۔ میں نے کہا! تمہیں اللہ تعالیٰ کی قدرت وعزت کا واسطہ دیتا ہوں کہ مجھے کوئی بات بتا دو جسے میں آپ کے حوالہ سے آگے بیان کر سکوں۔ انہوں نے فرمایا! ہم نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ "جو مسلمان بھی محمد ﷺ پر درود وسلام بھیجے اس کا دل خوش وخرم ہوگا اور اللہ اس کو منور فرمائے گا"۔ اور میں نے خضر اور الیاس ؑ کو فرماتے سنا کہ بنی اسرائیل میں ایک نبی تھے جن کا اسم گرامی شمویل ؑ تھا۔ اللہ تعالیٰ نے دشمنوں پر ان کی مدد فرمائی۔ وہ دشمنوں کی طلب میں نکلے تو دشمنوں نے کہا یہ جادوگر ہے جو ہماری آنکھوں پر جادو کرنے اور ہمارے لشکر کو خراب کرنے آیا ہے۔ پس ہم اس کو ساحل سمندر پر لے جا کر شکست سے دوچار کریں گے۔ شمویل ؑ چالیس آدمیوں کے ہمراہ نکلے دشمنوں نے آپ کو ساحل سمندر پر دھکیل دیا۔ اب ان کے ساتھی بولے ہم

کیا کریں۔ فرمایا! حملہ کردو اور کہو "صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ" انہوں نے حملہ کر دیا اور زبان سے درود شریف پڑھا۔ درود شریف کی برکت سے ان کے دشمن سب کے سب ساحل سمندر سے پسپا ہو کر سمندر میں غرق ہو گئے۔ فرمایا! خضر علیہ السلام ہمارے پاس تھے۔ میں نے ان دونوں حضرات خضر و الیاس علیہما السلام کو فرماتے سنا کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ! "جو شخص محمد ﷺ پر درود بھیجے اللہ تعالیٰ اس کے دل کو نفاق سے اس طرح پاک فرما دیتا ہے جیسے پانی کپڑے کو"۔ اور میں نے ان کو یہ بھی فرماتے سنا ہے کہ ہم نے رسول ﷺ کو یہ فرماتے سنا کہ "جو مؤمن یوں کہے "صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ" تو لوگ اس سے محبت کرنے لگتے ہیں اگرچہ پہلے اس سے بغض رکھتے ہوں اور بخدا! وہ اس وقت تک اس سے محبت کر ہی نہیں سکتے، جب تک اللہ تعالیٰ اس سے محبت نہ کرے"۔ اور ہم نے زخمی دلوں کا مداوا، عز و وقار فخر تمنا، علم و نظر کے گوہر یکتا، عرب کے چھیلا ﷺ کو بر سرِ منبر یہ بھی فرماتے سنا کہ "جو شخص کہے "صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ" تو اللہ تعالیٰ اس کیلئے رحمت کے ستر دروازے کھول دیتا ہے"۔ اور میں نے ان کو یہ بھی فرماتے سنا کہ "شام سے ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کرنے لگا، یا رسول اللہ ﷺ! میرا باپ بہت بوڑھا ہے اور آپ ﷺ کا دیدار کرنا چاہتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا! اسے میرے پاس لاؤ۔ عرض کیا! اس کی نظر بہت کمزور ہے۔ فرمایا! اس سے کہو، سات راتیں یوں کہے "صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ" اس طرح اسے خواب میں میری زیارت بھی ہو گی اور وہ مجھ سے حدیث پاک بھی روایت کرے گا۔ اس نے ایسا ہی کیا پس رسول پاک ﷺ کی اسے زیارت بھی حاصل ہوئی اور وہ شخص حضور ﷺ سے روایت بھی کیا کرتا تھا"۔ میں نے ان حضرات (خضر و الیاس) سے یہ بھی سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! "جب کسی مجلس میں بیٹھو تو یوں کہو! "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ" اللہ تم پر ایک فرشتہ نازل فرمائے گا، جو تم کو غیبت سے بچائے گا، یہاں تک کہ تم غیبت نہ کرو گے۔ پھر جب کھڑے ہو تو کہو! "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ" تو لوگ بھی تمہاری غیبت نہیں کریں گے اور وہ فرشتہ انہیں غیبت سے منع بھی کرتا رہے گا۔ (سعادت دارین)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَوَلَدِهِ الشَّيْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِيْلَانِيِّ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

☆ شرح "دلائل الخیرات" میں نقل کیا گیا ہے کہ ابو عبداللہ ساحلی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب "بغیۃ السالک" میں کہا! مجھ سے میرے والد رحمۃ اللہ علیہ اور ان سے شیخ ابو القاسم المرید رحمۃ اللہ نے بیان کیا کہ جب ابو عمران البردعی، مقام مالقہ آئے، تو وہاں ان کی ملاقات شیخ ابو علی الخراز سے ہوئی۔ میں نے ان دونوں کی کھانے کی دعوت کی۔ لہٰذا میرے مکان پر ہم تینوں جمع ہو گئے۔ ابو القاسم جو والد صاحب کے پاس رہتے تھے، زکام کے دائمی مریض تھے۔ یہاں تک کہ زکام نے ان کا ناک

میں دم کرر کھا تھا۔ شیخ ابوعمران نے شیخ ابوعلی سے کہا! اے ابوعلی! تمہیں آٹھ سال ہو چکے بتاؤ درود وسلام نے تمہارے اندر کیا اثر کیا؟ انہوں نے کہا! جناب میرے پاس فلاں فلاں نیکی کا اضافہ ہوا ہے۔ شیخ ابوعمران نے کہا یہ اثر تو بچوں پر بھی ظاہر ہو جاتا ہے۔ آقائے کونین ﷺ کے حوالے سے ایسی معمولی باتیں قابل ذکر نہیں ہوتیں۔ پھر کہا! شیخ ابوالقاسم کے وا کی ہتھیلی پر دم کیجئے۔ کہتے ہیں اس پر ابوعلی نے میرے وا کی ہتھیلی پر دم کیا۔ ان کے دم سے کستوری کی خوشبو آنے لگی، لیکن اس میں ضعف نمایاں تھا۔ پھر ابوعمران نے میرے وا کی ہتھیلی پر پھونک ماری۔ ابوالقاسم کہتے ہیں خدا کی قسم! کستوری کی اس خوشبو نے میرے وا کے نتھنے کھول دیئے۔ یہاں تک کہ میں نے فوری طور پر ان کی صحت وعافیت کا نظارہ کیا۔ ان کی ناک سے بیماری کا خون بہہ نکلا۔ میرا سارا مکان خوشبو سے مہک اٹھا، یہاں تک کہ پڑوسیوں تک بھی خوشبو پھیل گئی۔ پھر شیخ ابو عمران نے کہا کیا اصحاب محمد ﷺ کا یہ گمان ہے کہ انہوں نے ہی عکسِ نور خدا، زینتِ ارض وسما، سرخیلِ جملہ انبیاء ﷺ کے فیض سے کامرانی حاصل کی ہے اور ہم لوگ اس سے محروم ہیں؟ بخدا! اس مسئلہ میں ہم ان کی مزاحمت کریں گے، یہاں تک کہ انہیں معلوم ہو جائے کہ ان کے بعد ایسے لوگ ہیں جو محبوبِ کونین ﷺ پر درود وسلام پڑھتے ہیں۔ لہٰذا وہ آپ ﷺ کے فیض سے محروم کیسے رہ سکتے ہیں؟ رہی ان کی فضیلتِ صحبت! سو اس میں ان کا کوئی شریک نہیں۔ (سعادت دارین)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِالْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ بغداد شریف میں ایک شخص رہتا تھا جو نہایت حاجت مند اور غریب تھا، لیکن بے حد صابر اور عبادت گزار بھی تھا۔ ایک مرتبہ کئی دن اسے اور اس کے اہل وعیال کو کچھ کھانے کے لئے نصیب نہ ہوا۔ پس اس نے ایک دن نماز سے فارغ ہو کر اپنے بیوی بچوں کو بٹھایا اور کہا! سب میرے ساتھ مل کر اللہ کے حبیب ﷺ پر درود پاک پڑھو۔ سب نے خوب درود پاک کا ورد کیا حتیٰ کہ بھوک کی حالت میں نیند آ گئی اور سب سو گئے۔ لیکن مقدر جاگ گیا۔ اس اللہ کے نیک بندے کو خواب میں عدل کے صبحِ زرنگار، علم کے شہرِ بے کنار، عالم کے سردار، دوجہاں کے تاجدار، سید الابرار ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا۔ آپ ﷺ نے فرمایا! صبح ہوتے ہی تم فلاں شخص کے پاس جاؤ جو مجوسی ہے۔ اس سے ہمارا سلام کہو اور بتاؤ کہ اس کی دعا قبول ہو چکی ہے اور تمہیں حکم دیا گیا ہے کہ تم میری ضرورت پوری کرو۔ یہ شخص صبح اٹھا تو نہایت خوش تھا ۔سکون اور طمانیت کے آثار اس کے چہرے پر ظاہر تھے۔ بیوی نے یہ حال دیکھ کر پوچھا! کیا ماجرہ ہے؟ بھوکے ہو پھر بھی بہت خوش نظر آتے ہو۔ اسے سب ماجرہ بتاتے ہوئے کہا! خوش بخت جب ہم سو رہے تھے اس وقت ہمارا مقدر جاگ رہا تھا۔ بیوی کو سارا واقعہ بتانے کے بعد وہ گھر سے نکلا، اسے یہ بات کھٹک رہی تھی کہ حضور ﷺ اپنے ایک غلام کو ایک

مشرک آتش پرست کے در پر کیسے بھیج سکتے ہیں ۔اور یہ بھی یقینی امر ہے کہ شیطان حضور ﷺ کی شکل انور میں نہیں آسکتا۔ بہرحال یہ مجوسی کا گھر تلاش کرتا کرتا اس کے پاس پہنچ گیا۔ مجوسی سے ملا اس نے دیکھا کہ یہ شخص واقعی بہت ما ار معلوم ہوتا ہے۔ اس کا دربار سجا ہوا تھا۔ مجوسی کچھ دیر بعد انکی طرف متوجہ ہوا اور پوچھا! آپ کون ہیں، کیوں آئے ہیں، میں آپ کی کیا مدد کرسکتا ہوں؟ اس مرد صالح نے کہا! کہ میں ایک راز لے کر آیا ہوں تنہائی کی ضرورت ہے۔ مجوسی کے اشارے پر دربار خالی ہوگیا۔ اب ان صاحب نے مجوسی کو بتایا کہ میرے آقا محمد مصطفیٰ ﷺ نے تمہیں سلام کہا ہے۔ مجوسی بولا کہ تمہارے نبی کون ہیں؟ انہوں نے بتایا کہ! حضرت محمد ﷺ ۔اس نے کہا! لیکن میں تو مجوسی ہوں وہ مجھے کیسے سلام بھیج سکتے ہیں۔ میں تو ان کے لائے ہوئے دین کو مانتا ہی نہیں ہوں۔ انہوں نے کہا! جو کچھ مجھ سے کہا گیا وہ میں نے تمہیں بتا دیا۔ تم یقین کرو یا نہ کرو۔ مجوسی نے اللہ کی قسم دے کر ان سے پوچھا! کیا واقعی تمہارے نبی ﷺ نے تمہیں میرے پاس بھیجا ہے۔ انہوں نے قسم کھا کر کہا! ہاں۔ میرے سلطانِ بندہ پرور، عرب کے مہرِ منور، رئیس بحر و بر ﷺ نے ہی مجھے تمہارے پاس بھیجا ہے اور تمہیں سلام بھی کہا ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ تیری دعا قبول کر لی گئی ہے۔ نیز تیرے لئے یہ حکم ہے کہ تو میری ضرورت پوری کرے۔ مجوسی نے کہا! کیا تم بھی جانتے ہو کہ وہ دعا کیا ہے جو قبول ہوئی ہے؟ انہوں نے کہا مجھے یہ تفصیل معلوم نہیں۔ مجوسی بولا! اٹھو اندر چلو، میں تمہیں بتاتا ہوں وہ دعا کون سی ہے۔ وہ دونوں اندر گئے، مجوسی نے اپنے مہمان سے کہا! ذرا ہاتھ لاؤ۔ ان صاحب نے اپنا ہاتھ بڑھایا اس نے ہاتھ پکڑ کر "**اشھد ان لا الہ الا اللہ و اشھد ان محمد عبدہ و رسولہ**" پڑھا اور مشرف با اسلام ہوگیا۔ ہم دونوں باہر واپس آئے تو مجوسی نے دوبارہ سب حاضرین کو بلایا اور بتایا کہ میں مشرف با اسلام ہو چکا ہوں۔ تم میں سے جو اسلام قبول کرے گا وہ میرا شریک تجارت رہے گا اور جو دین حق قبول نہیں کرنا چاہتا وہ میرا مال واپس کردے اور ہمیشہ کے لئے چلا جائے۔ اکثر نے اسلام قبول کرنے کا اعلان کیا اور کچھ اس کا مال واپس کر کے گئے۔ پھر اس نے اپنے بیٹے اور بیٹی کو بلا کر کہا! کہ میں مسلمان ہو چکا ہوں اگر تم بھی یہ دین قبول کرو گے تو میرا تم سے رشتہ برقرار رہے گا ورنہ تمہارا میرا کوئی تعلق نہیں رہے گا۔ لہٰذا دونوں نے اسلام قبول کر لیا۔ بیٹی کی شادی اپنے بھائی سے ہی ہوئی تھی جو کہ مجوسی دین میں جائز ہے لیکن بیٹی نے بتایا کہ میں آج تک اپنے شوہر کے قریب نہیں گئی اور بالکل پاک صاف ہوں۔ مجوسی یہ سن کر بہت خوش ہوا اور اب بولا! کیا میں آپ کو بتاؤں کہ وہ کون سی دعا ہے جو قبول ہوئی؟ اس مرد صالح نے کہا! جی میں جاننا چاہتا ہوں۔ مجوسی نے کہا! جس دن میں نے اپنے بیٹے کی شادی

اپنی ہی بیٹی سے کی تو اس دن میں نے ایک بڑی دعوت کا اہتمام کیا تھا۔ جس میں شہر کے امیر وغریب سبھی کو بلایا تھا۔ لیکن میری دیوار سے بالکل ملا ہوا ایک گھر ہے جس میں سیّدوں کا ایک خاندان رہتا ہے۔ چونکہ مجھے عارفِ کیف وکم، فخرِ عرب و عجم، عشق کے نجم، عصمتِ مریم ﷺ سے عداوت تھی لہٰذا میں نے ان کے خاندان والوں کو دعوت نہیں دی۔ جب میں تقریب سے فارغ ہو کر اپنی چھت پر آرام کرنے کے لئے گیا تو میں نے ان کے گھر والوں کی باتیں سنیں۔ بچیاں اپنی ماں سے کہہ رہی تھیں، امی جان آپ نے دیکھا ہمارے پڑوسی نے سارے شہر کو دعوت دی لیکن ہمیں نہیں بلایا۔ ماں نے کہا! بیٹی وہ تمہارے نانا جان ﷺ کا دشمن مجوسی ہے ہمیں کیوں دعوت دیتا؟ یہ باتیں ہوتی رہیں اور مجھے نیند آ گئی۔ صبح مجھے احساس ہوا کہ میں نے یہ اچھا نہیں کیا۔ لہٰذا میں نے کھانے کا اہتمام کیا اور تینوں بچیوں اور ان کی ماں کے لئے بہترین جوڑے منگوائے اور ان کو بھیج دیئے۔ اب میں خاص طور پر ان کی باتیں سننے اوپر گیا۔ ماں اور بچیاں میرے تحائف دیکھ کر بہت خوش ہوئیں۔ لیکن بچیاں ماں سے کہنے لگیں کہ ہم یہ کھانا تو نہیں کھا سکتے کہ اس کا والا تو مجوسی ہمارے نانا جان ﷺ کا دشمن ہے۔ ماں نے کہا! کھانا کھا لو یہ تو اللہ کا رزق ہے جو ہمارے مقدر کا ہے اسی لئے اللہ نے ہمیں بھیجا ہے۔ بچیوں نے کہا! تو پہلے ہم اپنے نانا جان ﷺ سے اس کی شفاعت کی سفارش کریں اور دعا کریں کہ وہ مسلمان ہو جائے۔ یہی وہ دعا تھی جس کی قبولیت کا مژدہ لے کر آپ آئے ہیں اور آج مجھے مشرف با اسلام ہونے کا اعزاز نصیب ہوا ہے۔ میں اپنی ساری دولت کا نصف حصہ آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں جو میں نے شادی کے موقع پر اپنے بیٹے اور بیٹی کے نام کیا تھا۔ (سعادت دارین)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ شیخ ابن نعمان نے فرمایا! کہ ۶۳۷ھ کی بات ہے کہ میں حج سے واپس آ رہا تھا کہ دورانِ سفر مجھے حاجت محسوس ہوئی تو میں اپنی سواری سے اترا اور ادھر ادھر دیکھنے لگا کہ کہاں حاجت پوری کروں کہ اچانک مجھے نیند آ گئی اور میں بیٹھ کر وہیں سو گیا۔ بالکل غروب آفتاب کے قریب میری آنکھ کھلی تو دیکھا کہ میں ایک بیابان جنگل میں ہوں۔ بہت ڈر معلوم ہوا اور ایک طرف کو چل دیا لیکن مجھے معلوم نہ تھا کہ میں کہاں جا رہا ہوں۔ رات تاریک ہوتی گئی اور مجھے زیادہ ڈر لگنے لگا۔ مزید یہ کہ مجھے شدید پیاس لگ رہی تھی اور دور دور کہیں پانی نظر نہ آتا تھا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ بس اب موت آیا ہی چاہتی ہے۔ اب کوئی چارہ نہ رہا۔ پس میں نے زور زور سے اپنے عتیق ومرجان، عظیم ترین انسان، عالی شان، عطائے رحمانِ عظیم میزبان ﷺ کو اس طرح پکارنا شروع کیا "یا محمد، یا محمد انا مستغیث بک" اے محمد، اے محمد ﷺ میں آپ سے فریاد کرتا ہوں میری مدد کیجئے۔ فوراً ہی میں نے آواز سنی "ادھر آؤ"۔ میں نے دیکھا کہ ایک بزرگ آئے اور

انہوں نے میرا ہاتھ تھام لیا۔ان کا ہاتھ تھامنا تھا کہ نہ کوئی خوف رہا، نہ ڈر اور نہ ہی پیاس پھر وہ مجھے لے کر ، چند قدم کے بعد میں نے اپنا قافلہ دیکھا، جس میں آگ روشن ہو رہی تھی۔اچانک میں نے دیکھا کہ میری سواری میرے سامنے ہے۔ان بزرگ نے فرمایا! کہ یہ تیری سواری ہے۔واپس جاتے ہوئے فرمایا جو ہمیں پکارے اور ہم سے فریاد چاہے، ہم اسے مایوس و ناامید نہیں کرتے۔اس وقت مجھے پتا چلا کہ یہ تو حبیب خدا ﷺ ہیں۔یہی تو امت کے والی و غم خوار ہیں۔اور جب آپ ﷺ تشریف لے جا رہے تھے اس وقت میں دیکھ رہا تھا وہ تاریک رات آپ ﷺ کے نور سے منور اور روشن تھی۔پھر مجھے سخت کوفت ہوئی کہ ہائے بد نصیبی! میں نے عرب کے صحرا کے نخلِ تاباں، شہِ خوبانِ دو جہاں، ضیائے کون و مکاں، طبیبِ مرضِ عصیاں ﷺ کی قدم بوسی کیوں نہ کی؟ میں آپ ﷺ کے قدموں سے کیوں نہ لپٹ گیا۔(سعادت دارین)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَوَلَدِهِ الشَّيْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِيْلَانِيِّ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

☆ دلائل الخیرات کی وجہ تالیف یہ ہے کہ دلائل الخیرات کے مؤلف سیدی محمد بن سلیمان الجزولی نماز کے وقت وضو کرنے کے لئے کھڑے ہوئے تھے۔لیکن ان کے پاس کنویں سے پانی نکالنے کیلئے کوئی چیز نہ تھی۔اسی اثناء میں بلندی سے ان کو ایک لڑکی نے دیکھ لیا۔پوچھا! آپ کون ہیں؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو صورت حال سے آگاہ کیا۔وہ کہنے لگی! آپ ہی وہ بزرگ ہیں جن کی مدح سرائی کی جاتی ہے؟ اور آپ حیران کھڑے ہیں کہ کنویں سے پانی کیسے نکال لائیں۔یہ کہہ کر اس نے کنویں میں تھوک دیا۔پھر کیا تھا پانی جوش مار کر کنویں کے منہ پر آگیا۔شیخ نے وضو سے فارغ ہو کر فرمایا! میں تجھے قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ تو اس مقام پر کیسے فائز ہوئی؟ وہ بولی! اس ذاتِ اقدس ﷺ پر کثرت سے درود و سلام پڑھنے کی وجہ سے جو ویران کھنڈروں میں چلتے تو وحشی جانور ان کے دامن سے لپٹ جایا کرتے تھے۔اب شیخ نے قسم کھالی کہ نبی کریم ﷺ پر درود و سلام کے موضوع پر ضرور کتاب لکھیں گے۔

☆ یہی وہ حضرتِ شیخ جزولی رحمۃ اللہ علیہ ہیں، جن کے متعلق یہ بات پایا ثبوت تک پہنچ چکی ہے کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی قبرِ انور سے کستوری کی خوشبو تھی۔کیونکہ آپ رحمۃ اللہ علیہ اپنی زندگی میں درود پاک بہت زیادہ پڑھا کرتے تھے۔آپ رحمۃ اللہ علیہ کے وصال کے ۷۷ سال کے بعد آپ رحمۃ اللہ علیہ کے جسد مبارک کو مقام "سوس" سے "مراکش" منتقل کرنے کے لئے قبر مبارک سے نکالا گیا تو آپ رحمۃ اللہ علیہ کا کفن مبارک بھی بوسیدہ نہ ہوا تھا۔آپ رحمۃ اللہ علیہ کا جسم مبارک بالکل صحیح و سالم تھا۔وصال مبارک سے قبل آپ رحمۃ اللہ علیہ نے داڑھی کا خط مبارک بنوایا تھا۔ایسا لگتا تھا جیسے آج ہی خط بنوا کر لیئے

ہیں۔ بلکہ کسی نے امتحاناً آپ رحمۃ اللہ علیہ کے رخسار مبارک کو انگلی رکھ کر دبایا، جب انگلی اٹھائی تو اس جگہ سے خون ہٹ گیا اور وہ جگہ سفید ہو گئی، جیسے زندوں کا ہوتا ہے۔ پھر تھوڑی دیر کے بعد وہ جگہ سرخ ہو گئی (یعنی جس طرح زندوں کے جسم میں خون رواں ہوتا ہے اور دبانے سے یوں ہی ہوتا ہے) اور یہ ساری بہاریں درود پاک کی کثرت کی برکت سے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ ابو علی القطان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، میں نے خواب میں دیکھا کہ الکرخ کی جامع مسجد میں داخل ہوا۔ مسجد میں، میں نے رسول ﷺ کو دیکھا آپ کے ہمراہ دو آدمی اور بھی تھے جنہیں میں نہیں جانتا۔ میں نے سرکار ﷺ کی خدمت میں سلام عرض کیا مگر آپ نے کوئی جواب نہ دیا میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں آپ پر شب و روز اتنی اتنی مرتبہ درود و سلام بھیجتا ہوں اور آج مجھے جوابِ سلام سے محروم کر دیا گیا؟ فرمایا مجھ پر درود و بھیجتے ہو اور میرے صحابہ پر تبرا کرتے ہو؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ! میں آپ کے دست اقدس پر توبہ کرتا ہوں آئندہ ایسا نہیں کروں گا، اب سرکار ﷺ نے فرمایا وعلیک السلام ورحمت اللہ وبرکاتہ۔ (سعادت دارین)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ ایک مصطفائی ساتھی (ریاکاری کے لئے نام نہیں لکھا گیا) نے خود یہ واقعہ مجھے (فقیر تنویر المصطفیٰ) بتایا ہے کہ "میں ایک بار تہجد کے وقت اٹھا اور درود پاک پڑھ رہا تھا تو مجھے درود پاک پڑھتے ہوئے اونگھ آ گئی۔ کیا دیکھتا ہوں کہ ایک نہایت خوبصورت ہستی میری طرف آ رہی ہے جب وہ میرے قریب ہو گئے تو انہوں نے فرمایا "انا محمد ﷺ"۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ ہمارے ایک اور مصطفائی ساتھی جن کا معمول ۱۲ سے ۲۰ ہزار مرتبہ درود پاک ہے۔ انہوں نے مجھے یہ واقعہ بتایا کہ میں نے ایک خواب دیکھا! میں مسجد نبوی ﷺ میں داخل ہوتا ہوں اور مسجد نبوی ﷺ کے دروازے سے گنبد خضرا تک دونوں اطراف میں لائننگ ہوئی ہے۔ میں وضو کرنے کے بعد لائننگ کے ایک طرف ہو کر، گنبد خضرا کی جانب بڑھ شروع کرتا ہوں تو ایک سپاہی مجھے لائننگ کے درمیان میں سے جانے کا اشارہ کرتا ہے۔ میں لائننگ کی دوسری جانب چلا جاتا ہوں وہاں پر ایک سپاہی پکڑ کر مجھے لائننگ کے درمیان سے آنے کا کہتا ہے۔ میں گھبرا کر سوچنے لگ جاتا ہوں کہ یہ درمیانی راستہ تو کسی اللہ کے مقرب بندے کے لیے سجایا گیا ہے۔ اسی اثنا میں وہ سپاہی مجھے کہتا ہے کہ یہ راستہ تمہارے لیے ہی سجایا گیا ہے۔ ہم کب سے تمہارے لیے کھڑے ہیں۔ پھر میں آہستہ آہستہ سرورِ کونین ﷺ کے روضہء انور کے سامنے پہنچ

جاتا ہوں۔مزار پرانوار پرایک بہت بڑا تالا ہے جوخود بخود کھل جاتا ہے ۔میں اندر چلا جاتا ہوں اور حضور ﷺ کے مزار سے لپٹ جاتا ہوں۔اتنے میں شاہ کونین ﷺ قبر انور سے باہر تشریف لے آتے ہیں اور میں آپ ﷺ کے قدموں سے لپٹ جاتا ہوں آپ ﷺ مجھے فرماتے ہیں کہ درود پاک کی اور کثرت کیا کرو ۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِالْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

دُرود شریف کی برکتیں قبر و آخرت میں

☆ شیخ ابوحفص بن عمر السمر قندی رحمۃ اللہ علیہ اپنے استاد سے مروی باتوں میں "جوانہوں نے اپنے وا سے روایت کی ہیں" ذکر کیا ہے کہ میں نے حرم شریف میں ایک شخص کو دیکھا کہ وہ حرم میں عرفہ، منیٰ، ہر جگہ کثرت سے شاہِ نامدار ،شہنشاہِ اسرار، شاہِ عالی مدار، شاہ عرش اقتدار ﷺ پر درود پاک پڑھ رہا ہے۔ میں نے کہا! اے شخص ہر جگہ کے لئے علیحدہ ایک ورد ہے۔تو نہ دعا مانگتا ہے نہ نفل پڑھتا ہے۔سوائے نبی مختار ﷺ پر درود کے تو کچھ بھی نہیں کرتا۔کیا وجہ ہے ؟اس شخص نے کہا! میں اپنے وا کے ساتھ بیت اللہ کا حج کرنے کے لئے خراسان سے نکلا جب ہم کوفہ پہنچے تو میرے وا سخت بیمار ہو گئے، حتیٰ کہ وہ اسی بیماری سے فوت ہو گئے۔جب فوت ہوئے تو میں نے کپڑے سے انکا منہ ڈھانپ لیا پھر میں ان سے کچھ دور ہو گیا۔کچھ دیر کے بعد واپس آیا تو وا کا چہرہ دیکھا وہ گدھے کی شکل میں تبدیل ہو چکا تھا۔جب میں نے یہ کیفیت دیکھی تو انتہائی پریشان ہوا۔میں نے سوچا کہ لوگوں کے سامنے اس حالت کا کیسے اظہار کروں گا؟ میں مغموم ہو کر بیٹھ گیا بیٹھے بیٹھے اونگھ آ گئی، میں سویا ہوا تھا کہ خواب میں، میں نے دیکھا ایک شخص میرے وا کے پاس آیا، چہرے سے کپڑا اٹھایا، اس کو دیکھا پھر کپڑا ڈال دیا۔پھر مجھ سے مخاطب ہو کر کہا! غمگین کیوں ہو؟ میں نے کہا جناب! میں غمزدہ کیوں نہ ہوں؟ جبکہ میرے وا صاحب اس تکلیف میں مبتلا ہیں۔اس نے کہا! تجھے خوشخبری ہو، اللہ نے تمہارے وا کی یہ تکلیف دور کر دی ہے ۔ میں نے اس شخص سے پوچھا خدارا بتاؤ تو سہی آپ کون ہیں؟ آپ کی تشریف آوری تو کتنی مبارک ہے۔انہوں نے فرمایا! میں محمد مصطفیٰ ﷺ ہوں ۔جب انہوں نے مجھے تعارف کرایا تو میں بہت خوش ہوا۔میں نے شاہِ حجاز، شاہِ گیتی نواز، شہنشاہِ بندہ نواز ﷺ کی چادر مبارک کو پکڑ لیا اور اپنے ہاتھ پر اسے لپیٹ لیا۔میں نے پوچھا! یا سیّدی، یا مرشدی، یا رسول اللہ ﷺ کیا آپ ﷺ مجھے اس واقعہ کی خبر نہ دیں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا! تیرا وا سود کھاتا تھا۔اللہ کا حکم ہے کہ جو سود کھائے گا اللہ اس کی شکل دنیا میں یا آخرت میں گدھے کی طرح بنا دے گا۔لیکن تیرے وا کی یہ

عادت تھی کہ سونے سے پہلے ہر رات مجھ پر سو مرتبہ درود بھیجتا تھا۔ جب سود کھانے کی وجہ سے وہ اس تکلیف میں مبتلا ہوا تو میرے پاس وہ فرشتہ آیا، جو مجھ پر میری امت کے اعمال پیش کرتا ہے۔ اس نے مجھے تمہارے وا کی اس حالت کی خبر دی۔ میں نے اللہ سے اس کی سفارش کی تو اللہ نے میری سفارش اس کے حق میں قبول فرمائی۔ فرماتے ہیں! اس کے بعد میں بیدار ہو گیا۔ وا صاحب کے چہرے سے کپڑا اٹھایا تو چودھویں کے چاند کی طرح چمک رہا تھا۔ میں نے اللہ کی حمد کی، شکر ادا کیا، پھر اس کی تجہیز و تدفین کی۔ دفن کرنے کے بعد کچھ وقت قبر پر بیٹھ گیا۔ میں نیند اور بیداری کی درمیانی حالت میں تھا کہ ہاتف غیبی نے آواز دی، کیا تجھے معلوم ہے کہ تیرے وا صاحب پر یہ عنایت کیوں ہوئی اور اس کا سبب کیا تھا؟ میں نے کہا! نہیں۔ تو ہاتف غیبی نے کہا! اس نوازش کا سبب شہباز عرشیاں، شعلۂ سینا جلوۂ فاراں، شوکتِ انساں، حاملِ قرآں ﷺ پر درود و سلام پڑ تھا۔ میں نے اس کے بعد قسم اٹھائی کہ میں کسی حالت اور کسی وقت بھی درود و سلام کو ترک نہ کروں گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

روایت ہے کہ ایک عورت حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے پاس آئی اور کہا! اے شیخ میری لڑکی فوت ہو چکی ہے۔ میں اسے خواب میں دیکھنا چاہتی ہوں۔ حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا! چار رکعت نفل اس طرح ادا کر کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ ایک مرتبہ اور سورۃ التکاثر ایک مرتبہ پڑھ اور یہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھ کر پہلو کے بل، صاحب ہل اتیٰ، صاحبِ ارقیٰ، صاحبِ تقویٰ، صاحبِ اسریٰ ﷺ پر درودِ پاک پڑھتے ہوئے سو جا، یہاں تک کہ تجھے نیند آ جائے۔ اس عورت نے ایسا ہی کیا۔ اس نے اپنی لڑکی کو دیکھا کہ وہ عذاب و عتاب میں مبتلا ہے۔ اس پر گندھک کا لباس ہے، ہاتھ بندھے ہوئے ہیں اور پاؤں میں آگ کی زنجیر ہے۔ جب بیدار ہوئی تو دوبارہ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے پاس آئی اور پورا خواب سنایا۔ حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا! صدقہ کر امید ہے اللہ اسے معاف فرما دے گا۔ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ اسی رات خواب میں دیکھتے ہیں کہ جنت کے ایک باغ میں خوبصورت تخت پر حسین جمیل عورت متمکن ہے۔ سر پر نور کا تاج سجا ہے۔ کہنے لگی! حسن رحمۃ اللہ علیہ آپ مجھے جانتے ہیں؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا! نہیں۔ اس نے کہا! میں اس عورت کی لڑکی ہوں جس کو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے رحمت دو عالم ﷺ پر درود پاک پڑھنے کو کہا تھا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا! تیری ماں نے تو مجھے تیری یہ خوش کن حالت تو نہیں بتائی تھی۔ اس لڑکی نے کہا! اس کی بات سچی تھی۔ تو حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے پوچھا کہ! تجھے یہ مقام کیسے ملا؟ اس نے کہا! ہم ستر ہزار نفس عذاب میں مبتلا تھے جیسا کہ میری ماں نے بتایا تھا۔ مگر ایک نیک آدمی ہمارے اوپر سے گزرا، اس نے شمعِ غارِ حرا، شفیعِ دل

آراء، شاہِ کشور کشاء، شاہِ مشکل کشاء ﷺ پر درود پڑھا اور اس کا ثواب ہمیں پہنچایا۔ اللہ نے اس درود کو اس کی طرف سے قبول فرما کر ہم سب کو اس عذاب سے نجات عطا فرمائی اور مجھے یہ مرتبہ ملا جو آپ رحمۃ اللہ علیہ اپنی آنکھوں سے مشاہدہ فرما رہے ہیں۔ (آب کوثر)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ حضرت شیخ احمد بن منصور رحمۃ اللہ علیہ جب فوت ہوئے تو اہل شیراز میں سے کسی نے خواب میں دیکھا کہ وہ شیراز کی جامع مسجد کے محراب میں کھڑے ہیں اور انہوں نے بہترین حلّہ زیب تن کیا ہوا ہے اور سر پر موتیوں والا تاج سجا ہوا ہے۔ خواب میں دیکھنے والے نے عرض کیا! حضرت کیا حال ہے؟ فرمایا! اللہ نے مجھے بخش دیا ہے اور مجھ پر کرم فرما کر مجھے تاج پہنا کر جنت میں داخل کیا۔ پوچھا کس عمل کے سبب یہ مقام ملا؟ تو فرمایا! میں شمسِ چرخِ استوئی، شرح المنشرح، شانِ ارفع ﷺ پر کثرت سے درود پاک پڑھا کرتا تھا اور یہی عمل کام آ گیا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ حضرت منصور بن عمار رحمۃ اللہ علیہ کو انتقال کے بعد کسی نے خواب میں دیکھا اور پوچھا اللہ نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا؟ جواب دیا! کہ میرے پروردگار نے مجھ سے سوال کیا '' تو منصور بن عمار ہے ''؟ میں نے عرض کیا جی ہاں یا رب العالمین۔ پھر فرمایا! '' تو وہ ہی ہے جو لوگوں کو دنیا سے نفرت دلاتا تھا اور خود دنیا کی طرف راغب تھا ''۔ میں نے عرض کیا، یا اللہ! واقعی بات تو یہی ہے لیکن جب بھی میں نے کسی اجتماع میں بیان شروع کیا تو پہلے تیری حمد وثناء کی، اس کے بعد تیرے حبیب، شاہِ عالی جناب، شاندار مہتاب، شرح ام الکتاب ﷺ پر درود پاک پڑھا پھر اس کے بعد لوگوں کو وعظ ونصیحت کی۔ میری اس عرض کے بعد اللہ عزوجل کی رحمت جوش میں آئی اور ارشاد ہوا '' اے فرشتو! اس کے لئے آسمانوں میں منبر رکھو تا کہ جیسے یہ دنیا میں بندوں کے سامنے میری بزرگی بیان کرتا اور میرے حبیب ﷺ پر درود پاک پڑھتا تھا آسمانوں میں فرشتوں کے سامنے بھی یہ میری اور میرے محبوب ﷺ کی عظمت بیان کرے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ حضرت ابو الفضل الکندی رحمۃ اللہ علیہ کو انتقال کے بعد عیسیٰ بن عباد رحمۃ اللہ علیہ نے خواب میں دیکھ کر دریافت کیا کہ حق تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ انہوں نے جواب دیا! ''میرے ہاتھ کی صرف دو انگلیوں نے مجھے نجات دلائی ہے'' حضرت عیسیٰ بن عباد رحمۃ اللہ علیہ نے تعجب وحیرانی سے پوچھا کہ اس کا کیا مطلب ہے؟ انہوں نے فرمایا! بات یہ ہے کہ جب میں کتاب میں شمعِ بزمِ ہدایت، شیرازۂ مجموعۂ فصاحت، شرفِ انوارِ قدرت، شگوفۂ شجرِ محبوبیت ﷺ کا نام مبارک لکھتا تھا تو آپ ﷺ کے اسم گرامی کے بعد ﷺ لکھا کرتا تھا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہٖ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ صاحب سعادت دارین فرماتے ہیں درود وسلام کے جو فضائل میں نے دیکھے ہیں ایک یہ ہے کہ میں نے ایک رات اپنے ایک بھائی کو وفات کے بعد دیکھا میں نے اس کا حال دریافت کیا اور کہا اللہ نے مرنے کے بعد آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا ؟ فرمایا اللہ نے مجھ پر اپنا فضل وکرم کیا ہے۔ میں نے کہا بھائی صاحب! کچھ ہمارا حال بھی آپ پر کھلا ہے؟ فرمایا! آپ کو مبارک ہو کہ آپ اللہ کی بارگاہ میں صدیقین میں سے ہو۔ میں نے کہا! میں اللہ کے ہاں صدیقین میں سے کیونکر ہو گیا؟ فرمایا! سلطانِ غریباں، سکون دردمنداں، سرپرستِ ناتواں ﷺ پر درود وسلام جو آپ نے نظم کیا ہے اس کے صدقے سے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہٖ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ ایک صوفی نے بیان کیا کہ میں نے مسطح نامی ایک شخص کو وفات کے بعد دیکھا۔ یہ صاحب زندگی میں دیوانے سمجھے جاتے تھے۔ میں نے کہا! اللہ نے آپ سے کیا سلوک کیا ؟ کہا! خدا نے مجھے بخش دیا۔ میں نے پوچھا! کس وجہ سے؟ کہا! میں نے بعض محدثین سے ایک سند حدیث لکھوائی "شیخ نے سردار کونین، سیّد الثقلین، سالار حنین ﷺ پر درود پڑھا میں نے بھی ان کے ساتھ ساتھ درود وسلام با آواز بلند پڑھا کہ اہل مجلس نے سنا۔ پھر انہوں نے بھی درود وسلام پڑھا پس اس دن ہم سب کی مغفرت فرمادی گئی"۔ اس کو ابن بشکوال نے روایت کیا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہٖ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ ابوالحسن بغدادی دارمی نے ابوعبداللہ بن حامد کو موت کے بعد مقام الفصیلیہ کے نواح میں بارہا خواب میں دیکھا اور پوچھا! اللہ نے آپ سے کیا سلوک کیا ؟ فرمایا! مجھے اللہ نے بخش دیا اور رحم فرمایا۔ دارمی نے اس سے کوئی ایسا عمل دریافت کیا جس کے ذریعہ جنت میں داخل ہونا نصیب ہو۔ انہوں نے کہا! ایک ہزار رکعت نفل ادا کرو، ہر رکعت میں ایک ہزار مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھو۔ انہوں نے کہا! مجھ سے یہ نہیں ہوسکتا تو انہوں نے کہا شاہِ بے خطاء، شہنشاہِ کشور کشا، شامِ ابد تک رہنما ﷺ پر ہر رات ہزار مرتبہ درود وسلام پڑھ لیا کرو۔ دارمی نے ذکر کیا کہ وہ اس پر ہر رات ہمیشہ عمل کرتے تھے۔ اس کو ابوالقاسم بن بشکللہ نے آپ سے کیا سلوک کیا؟ فرمایا! مجھے اللہ نے بخش دیا اور رحم فرمایا۔ دارمی نے اس سے کوئی ایسا عمل دریافت کیا جس کے ذریعہ جنت میں داخل ہونا نصیب ہو۔ انہوں نے کہا! ایک ہزار رکعت نفل ادا کرو، ہر رکعت میں ایک ہزار مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھو۔ انہوں نے کہا! مجھ سے یہ نہیں ہوسکتا تو انہوں نے کہا شاہِ بے خطاء، شہنشاہِ کشور کشا، شامِ ابد تک رہنما ﷺ پر ہر رات ہزار مرتبہ درود وسلام پڑھ لیا کرو۔ دارمی نے ذکر کیا کہ وہ اس پر ہر رات ہمیشہ

عمل کرتے تھے۔اس کوابووال نے روایت کیا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہٖ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ ایک شخص نے ابوحفص الکاغدی کووفات کے بعد خواب میں دیکھا وہ بہت بڑا سردار تھا۔ پوچھا اللہ نے تمہارے ساتھ کیا کیا؟ کہا اللہ نے مجھ پر رحم وکرم فرمایا اور بخش دیا اور جنت میں داخل فرمایا۔ پوچھا گیا کس عمل پر؟ کہا جب میں اللہ کے سامنے کھڑا ہوا تو اس نے فرشتوں کو حکم دیا کہ میرا احساب کریں۔ انہوں نے میرے گناہوں کا بھی حساب کیا اور میرے درود وسلام کا بھی تو درود شریف زیادہ نکلا تو اللہ نے ارشاد فرمایا! اے میرے فرشتو! بس کافی ہے باقی حساب رہنے دو اور اسے جنت کی طرف لے جاؤ۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہٖ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ شیخ شبلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میرا ایک پڑوسی فوت ہوگیا۔ میں نے اسے خواب میں دیکھا اور پوچھا اللہ نے تمہارے ساتھ کیا سلوک کیا؟ بولا شبلی صاحب! مجھ پر کئی صدمے آئے ایک یہ کہ جب قبر میں دو فرشتے مجھ سے سوال کرنے آئے تو مجھ پر کپکپی طاری ہوگئی۔ میں نے دل میں کہا یہ مصیبت مجھ پر کہاں سے آ گئی؟ کیا میں اسلام پر نہیں مرا؟ پس مجھے آواز دی گئی کہ یہ سزا ہے تیری زبان سے مہمل کلمات بولنے کی۔ پھر جب دونوں فرشتوں نے مجھے سزا دینے کا ارادہ کیا تو میرے اور ان کے درمیان ایک خوبصورت شخص حائل ہوگیا۔ جس کے جسم سے خوشبو آ رہی تھی۔ اس نے مجھے جواب لکھایا۔ میں نے جواب یاد کرلیا۔ میں نے اس سے کہا اللہ تم پر رحم فرمائے تم کون ہو؟ کہا مجھے تیرے کثرت سے درود وسلام پڑھنے کے بدولت پیدا کیا گیا ہے اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ ہر مشکل میں تمہاری مدد کروں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہٖ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ ابو اسحاق عمر بن الحسین سمرقندی نے اپنی کتاب رونق المجالس میں بیان کیا ہے کہ بلخ شہر میں ایک مالدار تاجر رہتا تھا۔ اس کے دو بیٹے تھے وہ تاجر مرگیا اور اس کے دونوں بیٹوں نے اس کا مال آپس میں نصف نصف تقسیم کرلیا۔ ان کے باپ کے ترکہ میں نبی اکرم ﷺ کے تین بال مبارک بھی تھے۔ دونوں نے ایک ایک بال لے لیا اور ایک بال رہ گیا بڑے بھائی نے کہا ہم بال توڑ کر نصف نصف کر لیتے ہیں۔ دوسرے نے کہا! نہیں، بخدا! ایسا نہیں ہوسکتا۔ نبی کریم ﷺ کا بال مبارک تقسیم نہیں کیا جاسکتا۔ یہ اسکی عظمت کے خلاف ہے۔ اب بڑے بھائی نے چھوٹے سے کہا کہ باپ کے ترکہ میں سے تم یہ تینوں بال مبارک لے لو اور باقی سارا سامان دے دو۔ چھوٹے نے کہا مجھے یہ پسند ہے۔ اب بڑے بھائی نے تو سارا مال سمیٹا اور چھوٹے بھائی نے تینوں بال مبارک حاصل کر لئے یہ تینوں بال مبارک اس نے اپنی جیب میں رکھ

لئے۔اب وہ ان کو نکالتا ان کی زیارت کرتا اور نبی اکرم ﷺ پر درود و سلام پڑھتا اور پھر جیب میں رکھ لیتا۔ جب کچھ عرصہ گزرا تو بڑے بھائی کا سارا مال و متاع ختم ہو گیا اور چھوٹے بھائی کی دولت بڑھ گئی۔ چھوٹا بھائی کچھ عرصہ زندہ رہ کر فوت ہو گیا۔ ایک مردِ صالح نے اسے خواب میں دیکھا اور اس کے ہمراہ نبی کریم ﷺ کو بھی دیکھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا لوگوں سے کہہ دو جس کو اللہ تعالی سے کوئی حاجت ہو تو وہ اس کی قبر پر آئے اور اللہ تعالی سے اپنی حاجت کا سوال کرے پس لوگ اسکی قبر پر آنے لگے اب یہ حال تھا کہ جو سوار اس کی قبر کے پاس سے آتا، سواری سے اتر جاتا اور پیدل گزرتا۔ (آب کوثر)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ٍالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَوَلَدِهِ الشَّيْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِيْلَانِيِّ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

دُرود شریف لِکھنے کی فضیلت اور نہ لِکھنے کی وعیدیں

☆ اکثر لوگ آج کل درود شریف کے بدلے" صلعم ، عم یا "" لکھتے ہیں۔ یہ نا جائز ہے۔ یونہی رضی اللہ تعالی عنہ کی جگہ "" اور رحمۃ اللہ علیہ کی جگہ "" لکھتے ہیں یہ بھی نہیں لکھنا چاہیے۔ جن لوگوں کے نام محمد، احمد، علی، حسن، حسین وغیرہ ہوتے ہیں ان ناموں پر "" بناتے ہیں یہ بھی ممنوع ہے کہ اس جگہ یہ شخص مراد ہے اس پر درود کا اشارہ کیا معنی ہیں؟ اللہ تعالی عزوجل کے نام مبارک کے ساتھ بھی عزوجل یا جل جلالہ پورا لکھے آدھے جیم (ج) پر اکتفا نہ کریں۔ آج کل کیسا نازک دور ہے فضول مضامین میں تو ہزار ہا صفحات سیاہ کر دیئے جاتے ہیں لیکن سرورِ کونین ﷺ کا پیارا اسم گرامی آتا ہے تو لکھنے والے بھائی (ﷺ) کی مختصر عبارت لکھنے میں سستی کر جاتے ہیں مولانا شاہ احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالی علیہ کی خدمت میں استفتاء پیش ہوا مستفتی نے سوال میں (ﷺ) کی جگہ صلعم لکھ دیا تھا تو! آپ نے اس پر تنبیہ فرمائی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ٍالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَوَلَدِهِ الشَّيْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِيْلَانِيِّ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

☆ حضرت علامہ جلال الدین سیوطی شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ پہلا شخص جس نے درود شریف کا اختصار ایجاد کیا اس کا ہاتھ کاٹ دیا گیا۔ اللہ اکبر! کتنا محبت بھرا دور تھا کہ "ﷺ" کا مخفف ایجاد کرنے والے کا ہاتھ ہی کاٹ دیا گیا کیوں نہ ہو کہ جو صرف مال کی چوری کرتا ہے اس کا ہاتھ کاٹا جاتا ہے تو اس بدنصیب نے تو مال نہیں بلکہ عظمت مصطفےٰ ﷺ میں تنقیص کی ہے اور یہ بات واضح ہے کہ مال کی چوری سے شان مصطفےٰ ﷺ میں چوری کرنا زیادہ سنگین جرم ہے اور مذکورہ بالا سزا پھر بھی کم ہے لیکن افسوس کہ آج کل تو یہ چوری عام ہو چکی ہے۔ ہر کتاب، رسالہ صلعم اور " سے بھرا پڑا ہے اب نوبت لکھنے ہی کی حد تک نہیں رہی بلکہ اب تو لوگوں کی زبان پر بھی ﷺ کی بجائے صلعم ہی سنائی دینے لگا ہے۔ یاد رکھیے! صلعم ایک مہمل کلمہ ہے۔ اس کے کوئی

معنی نہیں بنتے۔ محمد مصطفےٰ ﷺ کی سچی محبت رکھنے والے مسلمانو! جلد بازی سے کام نہ کرو پورا ﷺ لکھنے، پڑھنے کی عادت ڈالو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ حضرت ابوطاہر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں! میری عادت تھی کہ شاہِ سوار راہِ منزل ہدیٰ، شہریار وادیٔ اُمّ القریٰ، شمیم مشک بارِ جنت الماویٰ، شانِ فروغ تجلّی ﷺ کے نام مبارک کے ساتھ درود شریف نہ لکھتا تھا۔ میں نے سکونِ دیدۂ غم ناک، سرورِ لولاک، سیدلولاک ﷺ کی خواب میں زیارت کی اور آپ ﷺ کی طرف متوجہ ہو کر سلام عرض کیا۔ مگر سرکارِ دوعالم ﷺ نے مجھ سے چہرہ مبارک پھیر لیا۔ پھر میں دوسری طرف سے گھوم کر سامنے آیا، لیکن آپ ﷺ نے پھر چہرہ انور پھیر لیا۔ میں نے تیسری بار آپ ﷺ کے سامنے ہو کر عرض کیا سرکار ﷺ آپ ﷺ مجھ سے چہرہ انور کیوں پھیر لیتے ہیں؟ حضور سرورِ کائنات ﷺ نے ارشاد فرمایا! اس لئے کہ جب تو میرا ذکر کرتا ہے مجھ پر درود نہیں بھیجتا۔ حضرت ابوطاہر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں!"اس واقعہ کے بعد میں نے اپنا معمول بنالیا کہ سلطانِ جمال، سلطانِ ایوانِ جلال، سیّدہ آمنہ رضی اللہ عنہا کے لال ﷺ کے اسم گرامی کے ساتھ ہمیشہ "صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تسلیما کثیراً کثیراً" تحریر کرتا ہوں"۔(کتاب الصلوٰۃ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

☆ حضرت شیخ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے کہ ایک شخص صرف "صلی اللہ علیہ" پر اکتفا کرتا تھا۔ "وسلم" نہ لکھتا تھا۔ ظہورِ صفاتِ خدا، فیض کے دریا، مِ جود وسخا، کنز لطف وعطا ﷺ نے خواب میں فرمایا! کہ تو اپنے آپ کو چالیس نیکیوں سے کیوں محروم رکھتا ہے؟ یعنی "وسلم" میں چار حرف ہیں اور ہر حرف نیکی اور ہر نیکی پر دس گنا ثواب ہے تو "وسلم" پر چالیس نیکیاں ہو گئیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ جِیْلَانِیِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

